# ٹیچرز گائیڈ

تحریر: کاشفہ صمد، عطیہ نقوی، صوفیہ عمر،
ہما قاضی اور عامرہ عالم
کلاس 3 کے لئے



## ٹیچر کے لئے بنیادی نوٹ

اس ٹیچرز گائیڈ میں دی گئی ہدایات صرف ایک مشورہ ہیں۔ ٹیچر اپنی سہولت اور صورتحال کے مطابق اس میں ردوبدل کر سکتے ہیں۔

- **عمومی ہدایات**

ٹیچر ہر روز بورڈ پر دن اور تاریخ لکھ کر پڑھیں اور بچوں سے بھی پڑھوائیں۔
جو کام مقررہ وقت پر ختم نہ ہو وہ اگلے دن بھی جاری رکھا جائے تاکہ سب بچوں کو شمولیت کا موقع مل سکے۔
سبق کے حوالے سے اگر کوئی چیز یا کردار بچوں کو دکھایا جا سکے تو بہت اچھا ہے۔

- **سبق اور تصویر دونوں کے حوالے سے سوالات کئے جائیں**

ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کے ساتھ زبانی بات ضرور کریں اور کوشش کریں کہ ہر بچے کو زیادہ بات کرنے کا موقع ملے۔ جہاں بھی ضرورت محسوس ہو ٹیچر کلاس میں اور گھر کے کام میں دہرائی (revision) کا کام ضرور کروائیں۔

- **سبق پر بات چیت کرنے کا طریقہ**

گفتگو اور بات چیت میں بچوں کی شمولیت ضروری ہے۔ بجائے اس کے کہ سبق کے حوالے سے ساری معلومات ٹیچر خود فراہم کریں سوالات کے ذریعے بچوں سے پوچھیں۔ گفتگو کا آغاز پہلے تصاویر اور پھر سبق کے حوالے سے کریں۔
ہر بچے کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیں اور اس کی ہمت افزائی کریں۔

- **بورڈ سے لکھائی کروانے کا طریقہ**

بورڈ پر جو بھی لکھیں بڑا اور واضح لکھیں اور پڑھ کر بتائیں۔ جب بچے کوپی میں لکھیں تو ٹیچر ہر بچے کے پاس جائیں اور ضرورت کے مطابق اصلاح کروائیں۔ اصلاح کے لئے اپنا قلم نہ استعمال کریں بلکہ بچے کی پنسل استعمال کریں۔

- **الفاظ کی توڑ کروانے کا طریقہ**

الفاظ کی توڑ کروانے کے لئے ٹیچر بورڈ پر لفظ لکھیں اور خود پڑھیں اور بچوں سے پڑھوائیں۔ لفظ کے مطابق حروف کی آوازیں بچوں سے پوچھ کر ان کی پوری شکلیں جمع (+) کے نشان کے ساتھ بورڈ پر لکھیں۔ کوئی حرف کسی مسوطے (vowel) کے ساتھ ہے تو وہ جوڑ پر ہی لکھا جائے گا مثلاً گا + ڑی۔

- **الفاظ کی جوڑ کروانے کا طریقہ**

الفاظ کی جوڑ کروانے کے لئے ٹیچر بورڈ پر کوئی ایک لفظ لکھیں۔ بچوں سے پڑھوائیں پھر حروف کی آواز پوچھ کر جمع (+) کے نشان کے ساتھ لکھیں۔ آخر میں ان حروف کو آپس میں جوڑ کر واضح طور پر لکھیں مثلاً (ک + ت + ا + ب = کتاب)۔ بچے یہ کام اپنی کوپی میں لکھیں۔

- Arts and Crafts کر وانے کا طریقہ

بچوں میں تخلیقی صلاحیت پیدا کرنے کے لئے مختلف چیزیں بنانے کا کام کر وائیں۔ اس بات کا خیال رکھیں کہ ضرورت کے مطابق سامان پہلے سے موجود ہو۔ کام کے سلسلے میں ٹیچر ضروری ہدایات بہت واضح طور پر دیں۔ مل جل کر کام کرنے اور ایک دوسرے کی مدد کرنے کی حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں میں یہ احساس اور شعور پیدا کرنے کے لئے کہ استعمال شدہ چیزوں کو دوبارہ کام میں لا کر چیزیں بنائی جا سکتی ہیں۔ مختلف اسباق کے حوالے سے arts and crafts کے ذریعے کام کر وائیں۔ اگر کوئی بچہ ضرور اشیاء نہ لائے تو ٹیچر حسب ضرورت اس کی مدد کریں۔ اس طرح کے کام گروپ بنا کر کر وائیں۔ بچوں کی بنائی ہوئی چیزیں کلاس میں نمایاں جگہوں پر رکھیں اور ان پر گفتگو کریں۔

- گھر کا کام چیک کرنے کا طریقہ

لکھائی کا کام چیک کرنے کے لئے ٹیچر کوپیاں گھر لے جائیں۔ دوسرے دن بچوں کی کوپیاں واپس کریں اور ان کی غلطیوں کی نشاندہی کریں۔ دیئے گئے زبانی کام کو کلاس کے شروع میں ہی سنیں۔ اگر کوئی سامان منگوایا ہے تو شروع میں ہی جمع کر لیں اور اس سے متعلق کام ضرور کر وائیں۔

- ہم آواز الفاظ پر کام کر وانے کا طریقہ

لفظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر اس لفظ کے ہم آواز الفاظ لکھتی جائیں۔ ہم آواز الفاظ کر واتے وقت اگر بچے مہمل یا بے معنی الفاظ بنائیں تو کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ آواز پر کام ہے الفاظ پر نہیں۔ بچے یہ کام کوپی میں لکھیں۔

# پانی ہی پانی

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- سبق ''پانی ہی پانی'' پڑھانے سے پہلے ٹیچر وادی، میدان، جنگل، بستی جیسی جگہوں کی تصاویر حاصل کریں اور ان پر یہ الفاظ مارکر سے bold حروف میں لکھ لیں۔ تصاویر نہ ملیں تو ان جگہوں کی تصاویر خود بنالیں۔

نظم ''پانی ہی پانی''کا مقصد موسلادھار بارش اور اس سے بھیگی ہوئی ہر چیز کی منظر کشی ہے۔

## عمومی ہدایات

بچوں کو پڑھائی کے دوران ٹوکنے سے گریز کریں غلطی کی صورت میں نرمی سے پوری لائن دوبارہ خود پڑھیں۔ پڑھائی کے دوران ٹیچر سامنے کھڑی رہیں۔ اس کے بعد لکھنے کا کام کرانے کے دوران کلاس میں راؤنڈ لیتی رہیں۔

## سیشن 1

5 منٹ


- ٹیچر کلاس میں آنے کے بعد اپنی لائی ہوئی تصویریں (میدان، وادی، بستی، جنگل اور چھتری) بورڈ پر سامنے ٹیپ سے لگائیں۔
- ہر تصویر کے نیچے بڑا بڑا لکھا ہوا ہو کہ یہ کس جگہ کی تصویر ہے۔
- اب ٹیچر بچوں کو تصویروں کی جانب متوجہ کریں اور بتائیں کہ وادی، میدان، بستی، جنگل کسے کہتے ہیں۔(تفصیلات اگلے صفحات پر ہیں)۔

10 منٹ

- ان جگہوں کی تصویریں دکھانے اور مختصراً بات چیت کرنے کے بعد ٹیچر بچوں سے بارش کے بارے میں بات چیت کریں۔


(1) بارش ہوتی ہے تو کیا ہوتا ہے؟ (ہر طرف پانی ہی پانی ہوجاتا ہے)

(2) تیز بارش میں کیا ہوتا ہے؟ (اسکول کی چھٹی ہو جاتی ہے۔ گاڑیاں سڑکوں پر بند ہو جاتی ہیں)



جنگل

بستی



پہاڑ

میدان

بستی

وادی

(3) ہلکی بارش میں کیا ہوتا ہے؟ (بوندا باندی ہوتی ہے۔ مٹی کی سوندھی خوشبو آتی ہے)
(4) بارش کا پانی کہاں کہاں آتا ہے؟ (سب کھلی جگہوں پر بارش کا پانی گرتا ہے۔ چھتوں میں اگر سوراخ ہوں تو گھر کے اندر پانی ٹپکتا ہے)۔
(5) اگر بارش نہ ہو تو کیا ہو؟ (سب پیڑ پودے سوکھ جائیں گے۔ بہت گرمی ہوجائے گی)

- ان ہلکے پھلکے سوالوں کے جواب بچے اپنے انداز میں دیں گے۔ ٹیچر گفتگو کو موڑ کر اس طرف لائیں کہ تیز بارش جب اور جہاں بھی ہوتی ہے وہاں کی ہر شے خاص طور سے زمین اچھی طرح بھیگ جاتی ہے۔ بارش سے جب زمین پر ہر طرف پانی ہی پانی ہوتا ہے تو اس کو جل تھل ہونا بھی کہتے ہیں۔
ٹیچر کتابیں کھلوائیں اور نظم ''پانی ہی پانی'' ایک مرتبہ خود پڑھیں۔
اب ٹیچر پھر سے ہر لائن کے مشکل الفاظ کے معنی دہراتی جائیں جو وہ تھوڑی دیر پہلے عام بات چیت میں بتا چکی ہیں۔

- اب اس نظم کی ہر لائن کی وضاحت کیجیے۔ سب سے پہلے لفظ جل تھل کے معنی بتائیں۔ 10 منٹ
جل تھل یعنی تیز بارش سے بھیگی ہوئی زمین۔ جل کے معنی پانی کے ہیں۔ تھل ہندی زبان میں زمین کو کہتے ہیں مگر بچوں کو اتنی تفصیل سے بتانے کی ضرورت نہیں ہے۔

وادی میدان بستی جنگل
پانی سے ہیں سارے جل تھل

| | |
|---|---|
| وادی | دو پہاڑوں کے درمیان کا علاقہ۔ |
| میدان | ہموار زمینی علاقہ۔ |
| بستی | قصبہ۔ چھوٹا سا شہر جہاں شہر جیسی سہولیات نہ ہوں۔ |
| جنگل | جہاں بہت سارے درخت ہوں۔ (اکثر گھنے جنگلوں میں جنگلی جانور بھی پائے جاتے ہیں)۔ |

یہ تمام علاقے تیز اور موسلا دھار بارش کی وجہ سے پانی میں اچھی طرح سے بھیگ گئے ہیں۔

پانی نیچے پانی اوپر پانی اندر پانی باہر
پانی آگے پانی پیچھے ہم اپنی چھتری کے نیچے

ہر چیز پانی سے بھیگی ہوئی ہے۔ آسمان سے بھی پانی ، یعنی بارش اب تک برس رہی ہے۔ یوں اوپر سے بھی پانی برس رہاہے اور نیچے بھی یعنی زمین پر پانی کھڑا ہے۔ (موسلا دھار بارش کی منظر کشی)۔
ہر طرف بارش کی وجہ سے پانی ہی پانی ہے اور بارش سے بچنے کے لئے ہم نے چھتری کے نیچے پناہ لی ہے (لفظ شاعر کا استعمال نہ کریں۔ بچوں کے حوالے سے سمجھائیں)۔
آخر میں ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ وہ اگر کبھی ایسی تیز بارش میں ہوں تو وہ کیا کیا کریں گے۔

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیوں میں بارش کا ایک منظر بنائیں۔
اگر ڈرائنگ (drawing) کا کام ختم نہ ہو تو گھر سے کرکے لائیں۔

## سیشن 2

15 منٹ
- آج سب سے پہلے ٹیچر دوبارہ خود نظم کو پڑھیں۔ اب پانچ یا چھ بچوں سے نظم کی پڑھائی کر وائیں (بچوں کی پڑھائی کی غلطیوں پر انہیں ٹوکنے کے بجائے انہیں دوبارہ اپنے ساتھ وہ لائن پڑھوائیں۔ پڑھائی کے دوران ٹیچر کلاس میں گشت کرتی رہیں)

15 منٹ
- اب بچوں سے کل کی بنائی ہوئی drawings نکلوائیں۔ بچوں کو ان کے کام پر شاباش دیں اور ہمت افزائی کریں۔ ساتھ ساتھ بچوں کو بارش سے متعلق ہلکی پھلکی معلومات بھی دیں۔
بارش کے موسم کو کیا کہتے ہیں؟ (برسات)
- ہمارے ملک میں برسات کب ہوتی ہے؟ (جون ' جولائی' اگست)
- برسات میں زیادہ تر تیز بارش ہوتی ہے اسے کیا کہتے ہیں؟ (موسلادھار بارش)
- ہلکی بارش کو کیا کہتے ہیں؟ (بوندا باندی یا پھوار)
- کن علاقوں میں زیادہ بارش ہوتی ہے ؟
(ایسے علاقوں میں جو پہاڑوں کے قریب ہیں وہاں بارشیں زیادہ ہوتی ہیں اور پہاڑوں کی چوٹیوں پر ٹھنڈ کی وجہ سے برف گرتی ہے۔)

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ اپنی بنائی ہوئی ڈرائنگ کے بارے میں دو یا تین جملے لکھیں۔
ٹیچر مدد گار الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ اس طرح بچوں کو جملے بنانے میں آسانی ہو گی۔

(مثلاً کالے بادل، بوندا باندی، تیز بارش، پانی، ٹپ ٹپ)۔
ٹیچر یہ کام آج ہی چیک (Check) کرلیں۔

## گھر کا کام

املا کے لئے الفاظ کی نشاندہی کر وائیں اور انہیں بتائیں کہ کل املا ہو گا۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| جل تھل | وادی | میدان | جنگل |
| بستی | چھتری | نیچے | پیچھے۔ |

## سیشن 3

20 منٹ
- بچوں سے املا کر وائیں۔ پھر بچے اپنی کوپیاں اپنے ساتھیوں سے تبدیل کریں۔ ٹیچر املا کے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کی کوپیاں check کریں اور نمبر دیں۔

15 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آپ آج الفاظ کی ضد پر کام کریں گے۔

بورڈ پر الفاظ دائیں طرف لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں پھر اپنی کوپیوں میں بائیں طرف ان الفاظ کی ضد لکھیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| اندر | باہر |
| اوپر | نیچے |
| اونچا | نیچا |
| گیلا | سوکھا |

## گھر کا کام

10 منٹ
- املا کے الفاظ میں سے کسی بھی تین الفاظ کے جملے بنوائیں۔ پہلے ٹیچر مثال دیکر دو تین جملے سمجھا دیں۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کل ہم کاغذ کے مختلف ٹکڑوں کو کاٹ کر چھتری اور بارش کے منظر کی تصاویر بنائیں گے۔ اس طرح سے تصاویر بنانے کو کولاج ورک (collage work) بھی کہتے ہیں۔ بچے کل مختلف قسم کے رنگین کاغذ لے کر آئیں۔ کاغذ استعمال شدہ بھی ہو سکتے ہیں۔

# سیشن 4


15 منٹ

- مندرجہ ذیل الفاظ اور ان کا انگریزی ترجمہ ٹیچر بورڈ پر لکھیں اور بچوں کو پڑھ کر سنائیں۔ پھر بچوں سے ان الفاظ کو دہرانے کو کہیں۔ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ اور انگلش ترجمہ کو کوپیوں میں اتاریں۔

| الفاظ | انگریزی ترجمہ |
|---|---|
| وادی | valley |
| میدان | plains |
| پہاڑ | mountains |
| بارش | rain |
| بوندا باندی | drizzle |

30 منٹ

- ٹیچر پہلے بورڈ پر چھتری کی تصویر بنائیں۔ بچے چھتری کی تصویر کسی رنگین کاغذ پر بنائیں۔ پھر اس کو قینچی کی مدد سے کاٹ کر اپنی کوپی پر چپکائیں۔ اس پر طرح طرح کے بیل بوٹے چپکائیں اور بنائیں۔ اس کام کی خوبصورتی بڑے سائز کی چھتری بنانے سے واضح ہو گی۔



# دانت ٹوٹ گیا

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کلاس III کے بچے جن کی عمر تقریباً آٹھ سال کے لگ بھگ ہوتی ہے دانت ٹوٹنے کے مرحلے سے گزر رہے ہوتے ہیں۔ اس سبق کو پڑھ کر وہ یقیناً اپنے آپ کو اس تحریر سے مانوس پائیں گے اور اپنے آپ کو اس کا ایک حصہ سمجھیں گے۔

## سیشن 1

- 20 منٹ — پہلے دن ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کتنے بچوں کے دانت ٹوٹے ہوئے ہیں۔
بچے ہاتھ اونچا کریں اور بتائیں۔ ان میں سے چند بچوں کو باری باری سامنے بلائیں اور وہ بتائیں کہ ان کا دانت کب اور کیسے ٹوٹا۔ چند بچوں سے سننے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں سب بچے اپنے اپنے ساتھیوں کے منہ کھلوا کر دانت گنیں۔
اس کام کے لئے بچے پہلے اپنی اپنی کاپی باہر نکالیں۔
(ہر بچہ پہلے ساتھ والے بچے کا نام، اس کی عمر اور اس کے بعد دانتوں کی گنتی لکھے گا)۔
پہلے ایک بچہ منہ کھولے، دوسرا بالکل ڈاکٹر کی طرح دانت گنے اور کاپی میں گنتی لکھے۔ اس کے بعد دوسرا بچہ اپنا منہ کھولے اور پہلا والا اس کے دانت گنے اور اپنی کاپی میں نمبر لکھے۔
اب ٹیچر بچوں سے باری باری پوچھیں کہ ہر بچے کے منہ میں کتنے دانت ہیں؟
بچے مختلف جواب دیں گے ۔ مگر ضروری نہیں درست جواب دیں۔

- 10 منٹ — ٹیچر بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔ پھر چند بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری پڑھیں۔ جہاں پڑھنے میں بچوں کو دقت ہو تو ہجے کر کے بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں۔

- 10 منٹ — اگر وقت بچ گیا ہو تو ٹیچر اپنے دانتوں کے بارے میں بتائیں اور پھر کسی بچے سے کہیں کہ وہ آ کر ٹیچر کے دانت گنیں۔

بچے ٹیچر کے دانتوں کی گنتی میں سے اپنے اپنے دانتوں کی گنتی کو تفریق کریں۔ یہ کام کاپی میں کروائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- اپنے والد' والدہ یا اگر دادا' دادی یا نانا' نانی ہوں تو ان کے نام لکھ کر ان کے دانتوں کی تعداد لکھیں۔ ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کاپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- آج کلاس میں پہلے ٹیچر دوبارہ چند بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ ان کی حوصلہ افزائی اور پڑھنے میں مدد کریں۔

25 منٹ
- ٹیچر سبق کے مشکل الفاظ کو بورڈ پر لکھیں۔ مثلاً چھیڑو' پڑھائی' کلاس' پنسل' دکھایا۔
درج بالا تمام الفاظ کو توڑ کر لکھیں۔مثلاً (ک + ل + ا + س = کلاس)
ٹیچر بچوں سے کہیں اس کام کو اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

10 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ دانت کے حوالے سے کوئی drawing کریں۔
(بچے کھلا منہ اور اس میں دانت' ٹوٹے دانت والا منہ یا صرف دانت یا اس کے علاوہ کسی بھی طرح سے دانت کی تصویر بنا سکتے ہیں) دانت بنا کر اگر چاہیں تو اس میں رنگ بھی بھر سکتے ہیں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- آج دوبارہ ٹیچر سیشن کا آغاز ہلکے پھلکے ایسے سوالات سے کریں جن سے بچوں کو مزید معلومات حاصل ہوں۔ مثلاً
جب ہم پیدا ہوئے تھے تو کیا ہمارے دانت تھے؟ (نہیں)
بچوں کے دانت کس عمر میں نکلنا شروع ہوتے ہیں؟ (چھ مہینے کی عمر سے دانت نکلنا شروع ہوتے ہیں)
بچوں کے دانت کس عمر میں ٹوٹتے ہیں؟ (چھ سات سال کی عمر سے)
بچوں کو موقع دیں کہ وہ اپنے چھوٹے بھائی بہن کے حوالے سے جواب دیں۔ (بچوں کو بتائیں کہ جو

| | |
|---|---|
| | دانت سات آٹھ سال کی عمر میں ٹوٹتے ہیں انہیں دودھ کے دانت کہتے ہیں)۔<br>کیا آپ نے بڑے لوگوں کے دانت ٹوٹتے ہوئے دیکھے ہیں۔ ایسا کیوں ہوتا ہے؟<br>• ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ دانت کیسے صاف رکھے جاتے ہیں۔ بچوں کی بات سنتے ہوئے ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔ ''دانت صاف کرنے کے اصول''۔<br>صبح اٹھنے کے بعد برش، مسواک یا منجن سے دانت صاف کریں۔<br>تین وقت کھانا کھانے کے بعد کلی کرکے منہ صاف کریں۔<br>رات کو سونے سے پہلے صفائی سے برش، منجن یا مسواک کریں۔<br>ٹافی یا کوئی مٹھائی کھانے کے بعد برش ضرور کریں۔ |
| 20 منٹ | • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ مندرجہ بالا چار اصول اپنی کاپیوں میں اتار لیں۔ |
| 5 منٹ | • اگر وقت بچ جائے تو ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان میں سے کتنے بچے رات کو سونے سے پہلے برش کرتے ہیں اور کتنے بچے دن میں کھانے کے بعد کلی کرتے ہیں۔ جو بچے ہاتھ نہ اٹھائیں ان کو ٹیچر ہدایت کریں کہ وہ دانت صاف کیا کریں۔ |
| | **گھر کا کام** |
| 5 منٹ | • املا کے لئے سبق کی تیاری کرکے آئیں۔ ٹیچر کچھ مشکل اور کچھ آسان الفاظ بورڈ پر لکھ دیں ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کاپیوں میں اتاریں۔ |
| | **سیشن 4** |
| 10 منٹ | • ٹیچر بچوں سے پڑھائی کروائیں۔ ان بچوں کو موقع دیں جنہوں نے ابھی تک پڑھائی نہیں کی ہے۔ |
| 25 منٹ | • اب املا کروائیں۔ ٹیچر دس الفاظ دیں۔ ان میں کچھ آسان اور کچھ مشکل ہوں۔<br>املا ختم ہونے کے بعد ٹیچر تمام الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کاپی ساتھ بیٹھے بچے سے تبدیل کریں اور بچوں سے کہیں کہ وہ املا کی checking بورڈ کو دیکھتے ہوئے کریں۔ |
| 10 منٹ | • بچوں سے دانتوں کی حفاظت کے متعلق بات کریں۔ مثلاً ٹھنڈی چیز کے بعد گرم چیز نہ کھائیں۔ کسی |

سخت چیز کو دانت سے کھولنے یا کاٹنے کی کوشش نہ کریں۔ خلال نہیں کرنا چاہیے۔ وغیرہ وغیرہ۔

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 45 منٹ | • اگر ہوسکے تو ٹیچر dentist کو کلاس میں بلائیں جو بچوں کو دانتوں کی صفائی اور حفاظت کے بارے میں بتائیں۔ بچے ان سے مختلف سوالات بھی کریں جن کی تیاری وہ گھر سے کرکے آئیں۔ |

# کہیں بھالو کہیں شیر

## سیشن 1

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کیا وہ آسمان پر بادلوں کو دیکھتے ہیں۔
وہ جب بادل کو دیکھتے ہیں تو ان کو کیسی شکل لگتی ہے۔
آج آسمان پر بادل ہیں یا نہیں۔
کھڑکی سے باہر دیکھیں۔ بادل نظر آرہے ہیں یا نہیں۔ ان کی شکل کیسی ہے۔
کیا یہ بادل کسی جانور یا کسی اور چیز کی شکل کے لگ رہے ہیں؟
اب ٹیچر بچوں کو باہر لے جائیں اور ان سے کہیں کہ بادلوں کو دیکھیں کہ ان میں کیسی شکلیں بن رہی ہیں۔اس موقع پر بچے اپنے ساتھ کاغذ اور پینسل ضرور لے جائیں اور بادلوں کی مختلف شکلیں بنائیں۔

15 منٹ
- کلاس میں واپس آکر ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم نے بادلوں میں جو طرح طرح کی شکلیں دیکھی اور بنائی ہیں ان کے متعلق ایک سبق پڑھیں گے۔
ٹیچر بچوں کو سبق پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد 5-6 بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔
مشکل الفاظ کو توڑ کر بورڈ پر لکھتی جائیں۔

10 منٹ
- سبق کی پڑھائی کے بعد کچھ بچوں کو بورڈ کے پاس بلاکر توڑ والے الفاظ کو جڑوائیں پھر تمام بچے انہیں اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## سیشن 2

15 منٹ
- سب سے پہلے ٹیچر 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ مشکل الفاظ پر بچوں کی پڑھنے میں مدد کریں۔

10 منٹ


• اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا وہ جانتے ہیں بادل کس طرح بنتے ہیں۔ بچے مختلف جوابات دیں گے۔ ان کے جوابات میں دلچسپی کا مظاہرہ کریں۔ پھر انہیں بتائیں کہ سمندر کا پانی جب دھوپ کی گرمی سے گرم ہوتا ہے تو بخارات بن کر اوپر اٹھتا ہے۔ (بخارات پانی کے وہ قطرے ہوتے ہیں جو بھاپ یا دھواں بن جاتے ہیں) بخارات پانی کے اتنے چھوٹے قطرے ہوتے ہیں جو ہوا سے ہلکے ہوتے ہیں اسی لئے یہ اوپر کی طرف اٹھتے ہیں۔ یہ بخارات اوپر جاکر جمع ہو جاتے ہیں اور ہمیں بادل کی شکل میں نظر آتے ہیں۔ یہی بخارات ٹھنڈے ہوکر بارش کی صورت میں دوبارہ برستے ہیں۔

10 منٹ

• اب ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

## (بادل کس طرح بنتے ہیں)

بچوں کو ہدایت دیں کہ مندرجہ ذیل ڈائیگرام (diagram) اپنی کوپی میں اتاریں۔




5 منٹ

• ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کل ہم کلاس میں تجربہ کرکے دیکھیں گے کہ بخارات کیسے بنتے ہیں اور پانی اوپر کیسے جاتا ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ


• کل کولاج ورک (collage work) کے لئے ہر بچہ گھر سے سفید سادہ کاغذ، گوند، قینچی اور تھوڑی سی روئی لے کر آئے۔ ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

# سیشن 3

20 منٹ

- سب سے پہلے ٹیچر ایک گلاس میں گرم پانی لے لیں جس میں سے بھاپ نکل رہی ہو۔ اس کے اوپر ایک شیشے کی پلیٹ رکھیں۔ چند ہی لمحوں میں پلیٹ کی سطح پر پانی کے چھوٹے چھوٹے قطرے جمع ہو جائیں گے۔ بچوں کو یہ قطرے یا بخارات دکھائیں۔ اس کے بعد بچوں کو بتائیں کہ جب پلیٹ کی سطح پر اگر مسلسل قطرے جمع ہوتے رہیں تو تھوڑی دیر میں وہ ٹپکنے لگیں گے۔

بخارات کا عمل دکھانے کے بعد ٹیچر بورڈ پر مندرجہ ذیل تصویر بنائیں تاکہ تجربہ واضح طور پر بچوں کی سمجھ میں آجائے۔




25 منٹ

- ٹیچر بچوں سے روئی اور کاغذ کی مدد سے collage کا کام کروائیں۔

اس کے لئے سادے کاغذ پر پہلے پینسل سے بادلوں کی مختلف شکلیں بنوائیں اس کے بعد گوند کی مدد سے روئی کو چپکا کر بادلوں کی مختلف شکلیں بنوائیں۔

اس کام کو کرنے کے لئے اگر ڈیسک پر جگہ کم ہو تو بچے ڈیسک کو پیچھے کی طرف کھسکا کر زمین پر آکر بیٹھ جائیں اور اپنے کام کو مکمل کریں۔

جب کام ختم ہو جائے تو کلاس میں پتلی رسی باندھ کر ان بچوں کے کام کو ڈسپلے (display) کریں۔

اگلے دن پرنسپل کو بلاکر بچوں کا کیا ہوا کام دکھائیں۔ اس سے بچوں کی حوصلہ افزائی ہوگی۔

## سیشن 4

10 منٹ
- 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ بچوں کو اگر پڑھنے میں دقت ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

25 منٹ
- اب ٹیچر الفاظ ہاتھی ' بکرا ' بلا ' ابا ' بھائی ' لڑکا ' استاد ' نوکر ' چچا بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان میں سے پانچ الفاظ کے جملے بنائیں۔ جس وقت بچے جملے بنا رہے ہوں ٹیچر فرداً فرداً ان کے پاس جائیں اور اگر ان کو جملے بنانے میں کوئی دشواری ہو رہی ہو تو ان کی مدد کریں۔

10 منٹ
- اب چند بچوں کو باری باری بورڈ کے پاس بلاکر بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کی توڑ کر وائیں اور ان سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کو خود بورڈ پر لکھیں۔

## سیشن 5

40 منٹ
- آج بچے composition کا کام کریں گے۔

بچوں کو عنوان دیں ''ایک دن میں بادلوں کی سیر کو گیا''۔

بچے اس عنوان پر ایک مضمون لکھیں۔ لیکن اس سے پہلے ٹیچر بچوں سے مندرجہ ذیل پوائنٹس discuss کریں کہ اگر وہ بادلوں کی سیر کو جائیں تو کس سواری پر جا سکتے ہیں۔ ٹیچر درج ذیل پوائنٹ discuss کریں۔

بادلوں میں پہنچے کیسے؟

بادلوں میں انہیں کوئی اور ملا یا نہیں؟

وہاں کیسے حالات تھے؟

کیا بادل نے ان سے کوئی بات کی یا نہیں؟

کیا بادلوں پر پہنچ کر خوف محسوس ہوا۔ وغیرہ۔

بچے مضمون لکھنا شروع کریں۔

- اگر بچے لکھتے ہوئے کوئی مشکل لفظ پوچھیں تو ٹیچر بورڈ پر وہ لفظ لکھ دیں یا ان کو کوپی میں لکھنے میں مدد کریں۔ ٹیچر ہر بچے کے desk پر جاکر پوچھیں کہ کسی کو مدد کی ضرورت تو نہیں۔

جو بچے پہلے کام ختم کرلیں ان سے کہیں کہ وہ اپنے اس کام کے حوالے سے drawing بھی کریں۔

5 منٹ
- بچے املا کے لئے الفاظ پڑھ کر آئیں۔ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ املا یاد کرنے کی سب سے اچھی ترکیب یہ ہے کہ گھر پر کتاب کھول کر مشکل الفاظ کوپی پر لکھیں۔ اس طرح انہیں یہ الفاظ یاد ہو جائیں گے اور املا میں غلطی نہیں ہو گی۔

## سیشن 6

20 منٹ
- بچے جن الفاظ کی تیاری کرکے آئے ہیں ٹیچر ان الفاظ کا املا کر وائیں۔ املا کے بعد بچے آپس میں کوپیاں تبدیل کریں۔ ٹیچر املا کے الفاظ کی درست ہجے بورڈ پر لکھیں اور بچے بورڈ سے دیکھ کر املا کی تصحیح کریں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کسی کو کوئی پری یا دیو کی کہانی آتی ہے۔ جو بچے ہاتھ اٹھائیں ان میں سے کسی بھی بچے سے کہانی سنیں۔ پھر ٹیچر خود بچوں کو کوئی کہانی سنائیں۔ اگر ٹیچر کو کہانی نہ آتی ہو تو نمونے کے طور پر اس قسم کی کہانی سنائیں۔

## (کہانی)

کسی جنگل میں ایک دیو اور دیونی رہتے تھے۔ بھوکے رہ رہ کر ان کا جادوختم ہو چکا تھا۔ دونوں ایک پیڑ کے اوپر بیٹھے انتظار میں رہتے کہ کوئی شکار ملے تو ان کا پیٹ بھرے اور پھر سے جادو واپس آ جائے۔

ایک دن ایک شہزادہ جنگل کی سیر کو پہنچا۔ دیو اور دیونی نے سوچا کہ آج تو ان کے کھانے کا انتظام ہوگیا۔ شہزادے نے بھی اسی پیڑ کے نیچے اپنا ڈیرہ جمایا جس پر دیو اور دیونی رہتے تھے۔ دیونی کو اتنے پیارے شہزادے کو دیکھ کر اس پر رحم آ گیا اور اس نے دیو کو شہزادے کا شکار کرنے سے منع کر دیا۔ اسی بات پر ان دونوں کا جھگڑا ہوگیا۔ جھگڑا اس قدر بڑھا کہ بات ہاتھا پائی تک پہنچ گئی۔ شہزادے نے جب شور کی آواز سنی تو اس نے دیکھا کہ دیو اور دیونی لڑ رہے ہیں۔ شہزادے نے

پوچھا تو معلوم ہوا کہ وہ بھوکے ہیں اور شکار کے لئے جھگڑا کر رہے ہیں۔ شہزادے نے انہیں اپنا تمام کھانے پینے کا سامان دیدیا اور ساتھ ہی ان کو ہمیشہ کے لئے اپنا دوست بنالیا۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اس دیو اور دیونی کی کہانی سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو تصویر آتی ہو اسے اپنی کوپیوں میں بنائیں۔

# دنیا

## سیشن 1

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں دنیا کا نقشہ (globe) اور پاکستان کا نقشہ بھی ساتھ لائیں۔ بچوں کو پہلے دنیا کا نقشہ دکھائیں اور پوچھیں کہ یہ کیا ہے؟ شاید کوئی بچہ بتائے کہ یہ globe ہے۔ ورنہ ٹیچر بتائیں اور کہیں یہ ہماری دنیا کا ماڈل ہے۔ ہماری دنیا اسی گیند کی طرح گول ہے۔ اگر ہم اس کو کھول سکیں تو یہ flat یا چپٹی ہو کر اس نقشہ کی طرح ہو جائے۔

اب ٹیچر globe کو دوبارہ دکھائیں اور بتائیں کہ یہ ایک طرف کو تھوڑا سا جھکا ہوا ہے اور خاص رفتار سے گھومتا ہے مگر ہم کو پتہ بھی نہیں چلتا۔

اس کے بعد ٹیچر پوچھیں آپ کے محلے اور شہر کا نام کیا ہے۔ بچے اپنے شہر کا نام بتائیں گے۔

اس کے بعد ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ بتایئے ہمارے ملک کا نام کیا ہے؟ بچے کہیں گے ''پاکستان'' ٹیچر بچوں کو شاباش دیں اور بتائیں کہ پاکستان اس دنیا کے نقشے پر ایک ملک ہے۔

ٹیچر بورڈ پر اردو اور انگریزی میں شہر اور ملک کا نام لکھیں۔

اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کریں اور تصور کریں کہ یہ ایک بہت بڑی گیند ہے۔ جس پر نہ صرف آپ اور ہم بلکہ دنیا بھر کے لوگ رہتے ہیں اور لوگوں کے علاوہ درخت' جانور' پہاڑ' وادی' میدان' سبھی اس دنیا کے حصے ہیں۔

10 منٹ

- اب globe کو دکھاتے ہوئے کہیں کہ آپ کو کہیں نیلے حصے اور کہیں رنگین حصے بھی نظر آ رہے ہیں۔ نیلے حصے پانی اور رنگین حصے زمین ہیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ زمین کے حصے زیادہ ہیں یا پانی کے۔ بچے مختلف جواب دیں گے۔ ٹیچر صحیح جواب ملنے پر ان کی تعریف کریں اور بتائیں کہ ہماری دنیا میں پانی زیادہ ہے اور خشکی کا حصہ کم ہے۔ پانی کے حصے کو ہم بحر کہتے ہیں۔ خشکی کے حصے کو براعظم۔ اب یہ دونوں الفاظ ٹیچر بورڈ پر لکھ کر ان کے توڑ جوڑ کر کے ان الفاظ کو دو تین دفعہ دہرائیں۔ دونوں الفاظ کی انگریزی بھی لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| براعظم | continent | بحر | ocean or sea |

25 منٹ

- اب ٹیچر خود ٹھہر ٹھہر کر صاف اور اونچی آواز میں سبق کی پڑھائی کریں۔

جو مشکل الفاظ سبق میں آ رہے ہیں ان کی توڑ جوڑ کر کے بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیوں میں کام اتاریں۔
اگر وقت ہو تو 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں اور جن بچوں کو پڑھنے میں دقت یا دشواری ہو تو ان کی مدد کریں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج ٹیچر کلاس میں 8-10 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں دشواری ہو ٹیچر ان کی مدد کریں۔
پڑھائی کروانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے 8-10 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

5 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جب دنیا بنی تو اس پر سب سے پہلے پودے اور پیڑ اور ہریالی آئی۔ پھر کیڑے مکوڑے' جانور اور انسان آئے۔ پھر انسانوں نے کھیتی باڑی کی اور چھوٹی چھوٹی آبادی شہروں میں تبدیل ہو گئی اور شہر ملک بنتے گئے۔ یہ ملک ہماری دنیا کے مختلف براعظموں میں ہیں۔

25 منٹ

- اب ٹیچر بچوں کو براعظموں کے نام بورڈ پر لکھ کر بتائیں۔

| | |
|---|---|
| ایشیا | Asia |
| یورپ | Europe |
| افریقہ | Africa |
| جنوبی امریکہ | North America |
| شمالی امریکہ | South America |
| آسٹریلیا | Australia |
| انٹارٹیکا | Antarctica |

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہم براعظم ایشیاء میں رہتے ہیں۔ ٹیچر براعظم ایشیاء کے تین ملکوں کے نام بتائیں۔ (چین انڈیا پاکستان)

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے گھر کا پتہ شہر کا نام اور اپنے گھر کے سامنے والی بڑی سڑک کا نام لکھ کر لائیں۔ ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- ٹیچر کل ہر بچے کے لئے دنیا اور ایشیا کے نقشے کی فوٹو کوپیاں لے کر آئیں۔ بچے ان میں پاکستان کی جگہ پر رنگ بھریں گے اور تمام براعظموں میں مختلف رنگ بھریں گے۔
ٹیچر کی سہولت کے لئے گائیڈ کے آخر میں ان نقشوں کی کوپیاں موجود ہیں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- آج ٹیچر 6-5 بچوں سے سیشن 2 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج وہ بچے سبق پڑھیں گے جنہوں نے گزشتہ روز نہیں پڑھا تھا۔

15 منٹ
- ٹیچر ہر بچے کو دنیا کے نقشے کی فوٹو کوپی دیں۔
بچوں کو دو دو کی تعداد میں اپنی میز پر بلائیں اور نقشے میں تمام براعظم دکھائیں۔

- ٹیچر کی سہولت کے لئے دنیا کا ایک چھوٹا سا نقشہ دیا جارہا ہے۔

15 منٹ • اس کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے دنیا کے نقشے میں ساتوں براعظموں میں مختلف رنگ بھریں۔ پانی کے حصے میں نیلا رنگ کریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • ٹیچر بچوں کو جنوبی ایشیا کے نقشے کی فوٹو کوپی دیں۔ ان سے کہیں کہ پاکستان کے حصے میں رنگ بھر کر لائیں۔ ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 4

30 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے سبق کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔ جیسے

(1) وہ کون سی گیند ہے جس پر ہم بغیر گرے کھڑے ہو سکتے ہیں؟ (دنیا)

(2) آپ کا گھر گاؤں میں ہے کہ شہر میں؟

(3) آپ کا ملک کس براعظم کا حصہ ہے؟ (براعظم ایشیا)


(4) دنیا میں کتنے حصے پانی اور کتنے حصے خشکی ہے؟ ( 3 حصے پانی اور ایک حصہ خشکی)

(5) دنیا میں کتنے براعظم ہیں؟ (سات)


15 منٹ • آج ٹیچر کچھ بچوں سے سیشن 2 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج وہ بچے سبق پڑھیں گے جنہوں نے گزشتہ روز نہیں پڑھا تھا۔
ٹیچر آخری 3 سوال بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں ان کے جوابات اپنی کوپی میں لکھیں۔

## سیشن 5

45 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم اسکول سے باہر والی سڑک پر جائیں گے اور جو کچھ راستے میں نظر آئے گا (مثلاً دکان' اشتہار کے بورڈ' کوڑے کا ڈھیر یا کوئی خاص بلڈنگ) ان کے نام نوٹ کر کے واپس کلاس میں آ کر نقشہ بنا کر وہ نام اس میں شامل کریں گے۔ اب ٹیچر بچوں کو باہر لے کر جائیں۔ خیال رہے کہ وہ اپنے ساتھ کاغذ اور پنسل رکھیں۔ راستے میں بچوں کو سب نام بتاتی اور خود نوٹ بھی کرتی جائیں۔ واپس آ کر بچے اپنی کوپیوں میں اسی راستے کا نقشہ بنائیں۔ راستے میں نظر آنے والی چیزیں ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ان چیزوں کے نام صحیح صحیح جگہ پر شامل کریں۔



جنوبی ایشیا


THE WORLD

# رنگ برنگ

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- رنگ ہمیشہ بچوں کو اپنی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ رنگوں کے حوالے سے کوئی بھی نظم یا کوئی بھی کام ہمیشہ بچوں کو بہت attract کرتا ہے۔

مندرجہ ذیل نظم اور نثر کو ملا کر ایک کہانی کا رنگ دے دیا ہے۔ اس سبق کے حوالے سے رنگوں کے پروجیکٹ پر بھی کام کروایا ہے۔

## سیشن 1

5 منٹ
- ٹیچر کلاس میں آئیں اور کہیں کہ آج کے سبق میں بچے اور رنگ کھیل کود کر رہے ہیں۔ کیا آپ کھیل کود کا مطلب بتا سکتے ہیں۔ بچے کھیل کود کا مطلب بتائیں گے۔ مثلاً ساتھ مل کر کھیلنا ' ایک دوسرے کو تنگ کرنا ' طرح طرح کے تماشے کرنا۔

پہلے بچوں سے بات چیت کریں۔ پھر نظم کو پڑھ کر سنائیں۔

نظم پڑھنے کے بعد بچوں سے چند سوالات کریں۔ مثلاً

- سارہ کا منہ کس رنگ کا ہو گیا؟
- کامل کی ناک نیلی کیوں ہوئی؟ بتایئے کہ نیل کب پڑتا ہے؟
- اگر آپ کے بال بھی ثناء کی طرح گلابی ہو جائیں تو کیسے لگیں گے؟

5 منٹ
- اب ٹیچر تاثرات کے ساتھ بچوں کو نظم پڑھ کر سنائیں۔

10 منٹ
- ٹیچر 6-5 بچوں سے باری باری پڑھائی کر وائیں۔ پھر مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور اس کی توڑ جوڑ کر کے دکھائیں۔

10 منٹ
- اب ٹیچر باری باری رنگوں کے نام پوچھیں۔ بورڈ پر ایک لائن بنائیں۔ دائیں طرف رنگ کا نام اردو میں لکھیں۔ ٹیچر ایک ایک نام لکھتی جائیں۔

اب ٹیچر ان رنگوں کی انگریزی بچوں سے پوچھیں اور باری باری ان کو بلاکر بورڈ پر لکھوائیں اور تمام رنگوں کے نام انگریزی اور اردو میں دہرائیں۔

| | |
|---|---|
| سبز | green |
| نیلا | blue |
| لال | red |
| گلابی | pink |
| کالا | black |
| سفید | white |
| جامنی | purple |
| پیلا | yellow |
| بھورا | brown |
| سرمئی | grey |

10 منٹ
- بچے ان الفاظ کو بورڈ سے دیکھ کر کوپی میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچے اپنے لکھے ہوئے رنگوں کے سامنے box بنا کر ان میں وہی رنگ بھریں مثلاً

| | | |
|---|---|---|
| سبز | green | ☐ |
| نیلا | blue | ☐ |

ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

5 منٹ
- ٹیچر بچوں کا کیا ہوا کام جمع کریں۔ اچھے کام کی تعریف کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔

15 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر دس رنگوں کے نام لکھیں۔ بچے ناموں کو کوپی میں اتاریں اور اس رنگ کے سامنے اس

رنگ کی کسی چیز کا نام لکھیں (مثلاً کالا (بال)، گلابی (گلاب)، لال (انار) وغیرہ)
جن بچوں نے ابھی تک پڑھائی نہیں کی ہے ان میں سے کچھ بچوں کو وقت کی مناسبت سے بلا کر پڑھائی کروائیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے ان الفاظ کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

25 منٹ

- جن بچوں کو پڑھنے میں دقت ہو ان کو الفاظ کی ہجے بورڈ پر لکھ کر کروائیں۔ اور ان الفاظ کو توڑ کر بھی سمجھائیں۔ (مثلاً، گ + ل + ا + ب + ی = گلابی)

نوٹ

بچوں سے کہیں کہ کل لال، نیلا، پیلا، سفید اور کالا water colour لے کر آئیں۔ ٹیچر رنگ ملا کر تیسرا رنگ بنانا سکھائیں گی۔ بچوں سے بھی کہیں کہ وہ بھی water colour کے ڈبے لے کر آئیں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو crayon لے آئیں۔

## سیشن 3

20 منٹ

- ٹیچر پانچ پیالوں میں سفید، کالا، نیلا، پیلا رنگ ڈالیں۔

بچوں سے پوچھیں کہ کالے رنگ اور سفید رنگ کو ملاتے ہیں تو کیا رنگ بنتا ہے۔ چار پانچ بچوں کو بولنے کا موقع دیں۔
اب خالی طشتری میں کالے اور سفید رنگ کو ملائیں اور دیکھیں کہ سرمئی رنگ بن گیا۔
بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اپنے لائے ہوئے کالے اور سفید رنگ کو ملائیں اور دیکھیں کیا رنگ بنتا ہے۔
اب ٹیچر بورڈ پر یہ دونوں نام لکھیں (کالا + سفید = سرمئی (سلیٹی)۔
(black + white = grey)
اب بچوں سے دوبارہ پوچھیں کہ پیلے اور نیلے رنگ کو ملا کر کون سا رنگ بنتا ہے۔ شاید بچے اس کا جواب نہ دے سکیں تو ٹیچر کہیں کہ آئیں دیکھتے ہیں کہ کون سا رنگ بنتا ہے۔
پھر خالی پلیٹ میں ٹیچر نیلا اور پیلا رنگ ملائیں۔ پھر بچوں سے پوچھیں کہ کون سا رنگ بنا۔ شاید بچے کہیں گے ہرا۔ اب آپ بورڈ پر لکھیں ۔ (نیلا + پیلا = ہرا)
yellow + blue = green

اسی طرح بچوں سے مختلف رنگ بنوائیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔

20 منٹ • اب بچوں سے کہیں کہ ہم اپنے اپنے ہاتھ چھاپیں گے۔ ٹیچر پلیٹوں میں مختلف رنگ ڈال دیں۔ بچوں کو پانچ پانچ کے گروپ میں میز کے قریب بلائیں۔ ہر بچہ اپنا ہاتھ اپنے پسند کے رنگ میں ڈالے اور کاغذ پر چھاپ دے اور اپنا کاغذ لے جائے۔ جب سب بچے اپنی اپنی جگہ واپس چلے جائیں تو کاغذ پر اپنا نام، تاریخ، کلاس اور ٹیچر کا نام لکھیں۔ ٹیچر اپنا نام بورڈ پر لکھیں۔ اگر وقت ہو تو ان کاغذات کو display کریں اور discuss کریں کہ کس کا ہاتھ بڑا ہے اور کس کی انگلیاں چھوٹی ہیں وغیرہ۔

## گھر کا کام

5 منٹ • اس activity کے لئے اخبار کا کاغذ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔
بچے نظم رنگ پڑھ کر آئیں اس کا املا ہوگا۔
ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 4

10 منٹ • اگر کچھ بچے پڑھائی پہلے نہ کرسکے ہوں تو ان سے پڑھائی کر وائیں اور پڑھنے میں ان کی مدد کریں۔ مشکل الفاظ کو توڑ کر بورڈ پر لکھیں اور ساتھ ساتھ جوڑ بھی کر وائیں۔

20 منٹ • سبق میں سے پندرہ الفاظ کا املا دیں۔ ٹیچر الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے آپس میں کوپیاں بدل کر تصحیح کریں اور ہر غلط لفظ پر ایک نمبر کاٹیں اور پندرہ میں سے نمبر دیں۔
جن بچوں کا سو فیصد املا صحیح ہو ان کو شاباش دیں۔
جن بچوں کی کم غلطیاں ہیں ان کی بھی تعریف کریں۔ جو بچے زیادہ اچھا کام نہیں کرپائے ہوں ان سے کہیں کہ آئندہ آپ اس سے بہتر کام کرنے کی کوشش کریں۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ گھر سے اچھی طرح تیاری کر کے آئیں۔

15 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اپنی کتاب کھولیں۔ ایک دفعہ نظم پڑھیں۔ ٹیچر بچوں سے نظم سے متعلق زبانی

سوالات کریں۔ مثلاً

(1) رنگوں نے کیا سوچا؟

(2) جب بچے اندر پہنچے تو رنگوں نے کیا کیا؟

(3) سارا کے منہ کا رنگ کیا تھا؟

(4) کس کی ناک پیلی تھی؟

(5) گلابی رنگ کہاں تھا؟

(6) نادر کے کان کتنے رنگوں کے تھے؟

(7) آئینے میں انہوں نے کس کو دیکھا؟

(8) آئینے میں اپنے آپ کو دیکھ کر بچے دنگ کیوں رہ گئے؟

(9) آخر میں بچوں کو مزہ آیا یا نہیں؟

(10) رنگوں نے بچوں کو کیسے تنگ کیا؟

## سیشن 5

30 منٹ

- ٹیچر کل کئے گئے سوالات میں سے 5 بورڈ پر لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ ان کے جوابات اپنی کوبہ میں لکھیں۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کلاس میں کون کون سے رنگ نظر آ رہے ہیں۔ ہر بچے کو ایک رنگ بتانے کا مو دیں۔ جیسے جیسے بچے رنگ بتاتے جائیں ٹیچر ان کو بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جب سب رنگ لکھ لیں بچوں سے کہیں کہ ان میں سے کسی ایک یا دو تین رنگوں کے حوالے سے نظم لکھیں۔ مثلاً

### نظم

تتلی کا رنگ پیلا پیلا
چڑیا کا رنگ کالا
پتے پیڑ میں ہرے ہرے
پیلے آم ہیں بھرے بھرے

# میلا کچیلا

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- اس سبق میں مختلف جانوروں کی مختلف خصوصیات اور حرکات و سکنات کو کہانی کے ذریعے بتایا گیا ہے۔ صاف ستھرا رہنے کی اہمیت اور کسی بات کو سمجھنے کے لئے اس کی تہہ تک پہنچنے کی ضرورت کو بھی سبق کے ذریعے سمجھایا ہے۔ پیڑ جانداروں کی طرح نہا نہیں سکتے۔ اس بات کو کہانی کے انداز میں سمجھایا ہے۔

## سیشن 1

- سب سے پہلے ٹیچر کلاس میں آ کر بتائیں کہ آج ہم ایک چھوٹے سے پیڑ کی کہانی پڑھیں گے جو بہت پریشان تھا۔ وہ اس لئے پریشان تھا کیونکہ وہ بہت میلا کچیلا ہو گیا تھا۔

اب بچوں سے پوچھیں کہ میلا کچیلا کیا ہوتا ہے۔ بچے جواب دیں گے۔مثلاً

جب ہم گندے ہو جائیں۔

جب ہم نے کپڑے نہ بدلے ہوں یا جب ہم نہائے نہ ہوں۔

اس پر ٹیچر بچوں سے کہیں کہ جب ہم نہاتے نہیں ہیں تو ہم میلے ہو جاتے ہیں اور میلے ہونے کو اکثر میلا کچیلا ہونا بھی کہتے ہیں۔

صفائی اور نہانے دھونے کی عادت پر گفتگو کریں۔

ہم میلے ہو جائیں تو الجھن محسوس کرتے ہیں۔

گندا محسوس کرتے ہیں۔

گرمی لگتی ہے جراثیم پیدا ہوتے ہیں۔

ہم میں سے بو بھی آتی ہے۔

اب بچوں سے سوال کریں۔

کیا آپ روز نہاتے ہیں؟

بچوں کے جواب دینے کے بعد روز نہانے ،کپڑے بدلنے اور باقاعدگی سے دانت برش کرنے عادت کی تعریف کریں۔
اب ٹیچر بات کریں کہ اچھا آپ تو صاف رہنا جانتے ہیں مگر کیا دوسرے جاندار اور بے جان صاف رہ سکتے ہیں۔
گھر میں میز کرسی ،گلدان وغیرہ کیسے صاف رکھے جاتے ہیں؟ (جھاڑ پونچھ کے ذریعے)
برتن کیسے صاف رہتے ہیں؟ (دھو کر)
جانور اپنے آپ کو کیسے صاف رکھتے ہیں؟ (مختلف طریقوں سے)
ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کچھ جانور زبان سے چاٹ کر صاف کرتے ہیں۔ کچھ پانی میں نہا کر مثلا
بلی شیر وغیرہ زبان سے چاٹ کر صاف کرتے ہیں۔
کتا ،گھوڑے ،گائے بیل وغیرہ پانی میں نہا لیتے ہیں۔
پانی میں بہت سے جانور رہتے ہیں مثلاً مچھلی ،مگر مچھ وغیرہ۔
اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ پودے کیسے خود کو صاف رکھ سکتے ہیں؟
بچوں کے چند جواب سننے کے بعد کہیں کہ چلیں ہم ایک چھوٹے سے کیلے کے پیڑ کی کہانی پڑ دیکھتے ہیں کہ اس کہانی میں کیا ہوتا ہے۔

15 منٹ
- اب ٹیچر میلا کچیلا کی پوری کہانی پڑھیں۔ کہانی پڑھنے کے دوران کچھ سمجھانے کی کوشش نہ کریں کہانی کا لطف ختم ہو جائے گا۔
پہلی مرتبہ پڑھنے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کہانی کیسی لگی
اب 5-6 بچوں سے باری باری سبق پڑھوائیں۔

10 منٹ
- کیلے کا پیڑ کہانی میں جس ترتیب سے باری باری سب جانوروں کے پاس جاتا ہے وہ ترتیب بچے کوپی میں بغیر کتاب دیکھے لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ گھر سے اپنی تصویر بنا کر لائیں ساتھ 1-2 جملے لکھیں۔ میں صاف کیسے ارہتی ہوں۔

ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔۔

## سیشن 2

25 منٹ

- بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کر لیں۔

آج ٹیچر دوبارہ کہانی کو پڑھیں پھر پوری کہانی لائن بہ لائن سمجھائیں۔ اب بچوں کے 4 گروپ بنائیں۔

| | |
|---|---|
| پہلا گروپ | کیلے کا پیڑ |
| دوسرا گروپ | شیر |
| تیسرا گروپ | ہاتھی |
| چوتھا گروپ | مگر مچھ |

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ ہر گروپ میں ایک دو بچے ایسے ہوں جن کو اردو اچھی طرح پڑھنا آتی ہو۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہر گروپ مل کر اپنے اپنے کردار کے الفاظ پڑھیں۔

ٹیچر خود ابتدائی دو لائنیں پڑھیں پھر شیر والا گروپ پڑھے اس طرح پورے سبق کی پڑھائی ایک دلچسپ انداز میں بچے کر لیں گے۔

آخر کی لائنیں ٹیچر دوبارہ پڑھیں۔

ٹیچر چاہیں تو گروپس (groups) الٹ پلٹ کر 2-3 بار پورے سبق کی پڑھائی کر وائیں یا ان ہی گروپ سے باری باری اپنی لائنیں پڑھوا لیں۔

10 منٹ

- اب ٹیچر سبق کے حوالے سے چھوٹے چھوٹے سوالات زبانی کر وائیں۔

کون میلا کچیلا ہو گیا تھا؟

شیر اپنے آپ کو کیسے صاف رکھتا ہے؟

ہاتھی نے کیلے کے پیڑ سے کیا کہا؟

کیا مگر مچھ بھی اپنے آپ کو چاٹ کر صاف کرتا ہے؟

بڑے پیڑ نے چھوٹے کیلے کے پیڑ کو کیا سمجھایا؟

## گھر کا کام

5 منٹ
- ٹیچر اوپر discuss کئے ہوئے سوالوں میں سے کوئی سے دو سوال بورڈ پر لکھ دیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں ۔ گھر سے جواب لکھ کر لائیں۔

5 منٹ
- ٹیچر پڑھائی کے لئے بنائے جانے والے چاروں گروپس کو مختلف جانوروں کی تصویریں لانے کو کہیں۔
  - پہلا گروپ چوپاؤں کی تصویریں۔
  - دوسرا گروپ پرندوں کی تصویریں۔
  - تیسرا گروپ تیرنے والے یا پانی میں رہنے والے جانوروں کی تصویریں۔
  - چوتھا گروپ کیڑوں کی یا رینگنے والے جانوروں کی تصویریں۔
  - تصویریں لانے کے لئے کم از کم دو دن کا ٹائم دیں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- آج ٹیچر کلاس میں 3-2 بڑے پتے لے کر آئیں جن پر مٹی لگی ہوئی ہو- ان کو ایک پانی کے برتن میں دھو کر صاف کریں اور بچوں کو دکھائیں کہ پودے پانی سے دھل کر کس طرح نکھر جاتے ہیں- پہلے جو پودے میلے تھے اب وہ صاف ہو گئے۔

15 منٹ
- اس activity کے بعد بچوں کی کوپیوں میں الفاظ کی ضد لکھوائیں۔

| الفاظ | ضد |
|---|---|
| چھوٹا | بڑا |
| نہیں | ہاں |
| جاؤں | آؤں |
| پاس | دور |
| ٹھنڈی | گرم |

کہنا سننا

صاف میلا

10 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ سبق میں "ھ "والے الفاظ ڈھونڈیں۔ ٹیچر ڈھونڈنے میں بچوں کی مدد کریں مثلاً چھوٹا ، کھینچو ، بھی ، مگرمچھ ، ٹھنڈی۔

## گھر کا کام

5 منٹ • "ھ" والے پانچ الفاظ سبق میں سے نکال کر تین تین دفعہ لکھ کر لائیں۔
بچوں کو آج دوبارہ جانوروں کی تصویریں لانے کے لئے کہیں۔ کل کام ہو گا۔

## سیشن 4

30 منٹ • آج بچوں سے ان کی لائی ہوئی جانوروں کی تصاویر پر کام کرائیں۔ بچوں کے چاروں گروپس کو زمین پر بٹھا دیں اور ٹیچر ہر گروپ کو گوند اور ایک عدد چارٹ پیپر (chart paper) دیں۔ بچے اپنی لائی ہوئی تصاویر چارٹ پیپر پر لگائیں۔ اگر بچے چارٹ پر لکھنا چاہیں تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔ اب تیار شدہ چارٹ دیوار یا سوفٹ بورڈ (soft board) پر لگائیں۔

10 منٹ • مختلف جانوروں کے بارے میں چارٹ بنانے کے اس عمل سے بچوں کے سامنے جانوروں کے چاروں گروپس آ گئے ہیں۔ ٹیچر 10 مندرجہ ذیل جانوروں کے مذکر اور بچوں سے پوچھ کر ان کی مونث بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اگر بچے نہ بتا سکیں تو ٹیچر مدد کریں۔

| مذکر | مونث |
| --- | --- |
| ہاتھی | ہتھنی |
| بندر | بندریا |
| طوطا | طوطی |
| چیونٹا | چیونٹی |
| ٹڈا | ٹڈی |

مینڈک مینڈکی

بلا بلی

کچھوا کچھوی

شیر شیرنی

## گھر کا کام

5 منٹ

- 5 ''ھ'' والے الفاظ املا کے لئے پڑھ کر آئیں ۔

چھوٹا ہاتھی کھیچنو مگرمچھ ٹھنڈی

ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 5

20 منٹ

- کہانی میں سے کچھ مشکل اور کچھ آسان الفاظ کا املا لیں۔ املا ختم ہونے پر ان الفاظ کو ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے بورڈ پر دیکھ کر الفاظ خود چیک کریں۔ جتنے الفاظ کا املا ہوا ہو اتنے میں سے اپنے آپ کو نمبر دیں۔ غلط لکھے الفاظ کو تین تین مرتبہ لکھ کر تصحیح کریں۔

اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم سبق ''میلا کچیلا'' پر بات کریں گے۔

میلا کچیلا ایک مرکب لفظ compound word ہے- یہ وہ الفاظ ہوتے ہیں جو دو الفاظ مل کر ایک لفظ بناتے ہیں- مثلا آس پاس ،چپ چاپ ،گپ شپ ،وغیرہ- ایسے الفاظ میں کبھی کبھی ایک لفظ کے کوئی معنی نہیں ہوتے ہیں۔ جیسے گپ شپ۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ دو الفاظ کو ملاکر بامعنی یا بے معنی الفاظ بنائیں۔

بچوں کو سبق سے چند الفاظ بورڈ پر لکھ کر دیں مثلا چھوٹا ،پیڑ ،صاف ،زبان ،ڈال ،چاٹ

بچوں سے کہیں چھوٹا کے آگے کوئی لفظ لگائیں مثلا

چھوٹا موٹا ' چھوٹا کھوٹا ' چھوٹا لوٹا

پیڑ کھیڑ ' پیڑ بھیڑ وغیرہ وغیرہ

بچے یہ کام باری باری بورڈ پر آکر کریں گے۔ ٹیچر کے لئے ضروری ہے کہ ان کی حوصلہ افزائی

کریں۔ اس طرح ان میں اردو لکھنے کا شوق پیدا ہو گا۔
ٹیچر اس بات کی بالکل پرواہ نہ کریں کہ وقت ضائع ہو رہا ہے یا بچے غلط الفاظ بتا رہے ہیں۔ کوشش کریں ہر بچے کو موقع ملے۔

5 منٹ
- ان الفاظ کے علاوہ ٹیچر مزید الفاظ بھی بورڈ پر لکھ کر بچوں کو دکھائیں جو عام بول چال میں استعمال ہوتے ہیں۔ مثلاً
  دن رات ۔ گھومنا پھرنا۔ بار بار۔ چپ چاپ۔ دبلا پتلا۔
  بچے یہ الفاظ کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچے ان الفاظ کے گھر سے جملے بنا کر لائیں۔
  گھومنا پھرنا۔ بار بار۔ چپ چاپ۔
  ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 6

5 منٹ
- بچوں کی ہوم ورک کی کوپیوں کو جمع کریں۔

15 منٹ
- اب بچوں کے جانوروں والے چارٹ کی طرف دیکھ کر بچوں سے پوچھیں کہ عام جانوروں کی آوازوں کو کیا کہتے ہیں۔
  ٹیچر پہلے چند عام جانوروں کا انتخاب کریں۔ پھر بورڈ پر لکھ کر سامنے ان کی آوازیں لکھ دیں۔

| | | |
|---|---|---|
| شیر | = | دھاڑ |
| کتا | = | بھونکنا |
| ہاتھی | = | چنگھاڑ |
| چڑیا | = | چہچہاہٹ |
| چیل | = | چیخ |

| | |
|---|---|
| 25 منٹ | • بچوں سے جانوروں اور ان کی آوازوں کو کوپیوں میں اتارنے کے بعد کہیں ایک مضمون لکھیں۔ عنوان<br>اگر میں (اوپر دیئے گئے جانوروں میں سے کوئی بھی ایک جانور ہوتا)<br>ٹیچر بچوں سے مضمون لکھوانے سے پہلے discuss کریں۔<br>اگر آپ شیر ہوتے تو کیا کرتے؟<br>کہاں رہتے؟<br>کیا کھاتے؟<br>لوگوں کو ڈراتے ؟ وغیرہ وغیرہ۔<br>یا<br>اگر آپ مور ہوتے یا چڑیا ہوتے تو؟ آپ کہاں رہتے؟<br>کیا کھاتے؟ وغیرہ وغیرہ۔ |

# بیل بوٹے

10 منٹ
- سبق شروع کرانے سے پہلے ٹیچر بچوں سے کہیں آج ہم جو سبق شروع کریں گے اس کا نام بیل بوٹے ہے۔ کیا آپ میں سے کوئی مجھے اس لفظ کا مطلب بتا سکتا ہے۔کچھ بچے یقیناً ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان کے جوابات سنیئے ہوسکتا ہے تمام جوابات صحیح نہ ہوں۔ اب ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ بیل بوٹے کا مطلب ہے کسی بھی قسم کا ڈیزائن (design) ۔ ٹیچر بورڈ پر دو تین قسم کے ڈیزائن بنائیں اور بچوں سے کہیں کہ دیکھیں یہ ڈیزائن میں نے خود بنائے ہیں۔ کیا آپ میں سے کوئی بورڈ پر آ کر کسی قسم کا ڈیزائن بنا سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے دو تین بچے آئیں اور ڈیزائن بنائیں۔ ٹیچر تعریف کریں پھر کہیں کہ آج کا سبق بھی ڈیزائن کے متعلق ہی ہے۔ آیئے سبق پڑھتے ہیں۔

10 منٹ
- پہلے ٹیچر تاثرات کے ساتھ سبق کی پڑھائی کریں۔ اس کے بعد 5-6 بچوں سے کم از کم چار چار لائنیں پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جہاں بچے دقت محسوس کریں ان کو ہجے کرکے لفظ سمجھائیں۔

25 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ مستری کون ہوتے ہیں؟

سیمنٹ کے کام کرنے والے مستری کو انگریزی میں میسن (mason) کہتے ہیں۔

مستری گاڑیوں کے بھی ہوتے ہیں۔ انہیں مکینک (mechanic) کہا جاتا ہے۔

مستری گھروں کی مرمت اور ان کی تعمیر کا کام کرتے ہیں۔

اب ٹیچر پوچھیں کہ جس طرح مستری گیری ایک پیشہ ہے کیا آپ کسی اور پیشے کا نام بتا سکتے ہیں۔

ٹیچر پہلے دو تین پیشوں کے نام بتا دیں۔ مثلاً موچی (cobbler) ' ڈاکٹر (doctor)۔

چند بچوں سے پوچھ کر مختلف پیشوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔ ٹیچر اس کی انگریزی بھی لکھتی جائیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| کسان | farmer |
| نرس | nurse |
| پلمبر | pumber |
| اداکار | actor |

| | |
|---|---|
| teacher | استانی |
| fisherman | مچھیرا |
| butcher | قصائی |
| shopkeeper | دکاندار |
| green grocer | سبزی والا |
| gold smith | سنار |
| iron smith | لوہار |

- بچوں سے کہیں کہ یہ نام بورڈ پر سے کوپی میں اتاریں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- آج مزید 8-5 بچوں سے سابقہ طریقہ کے مطابق پڑھائی کر وائیں۔ ہر بچے سے زیادہ سے زیادہ چار سے چھ لائنیں پڑھوائیں۔

10 منٹ
- اب ٹیچر لائن بہ لائن سبق کا مطلب سمجھائیں۔ جہاں محاورہ "آنکھ لگ گئی" آئے وہاں ٹیچر سمجھائیں کہ کچھ دیر کے لئے سونے کو ہم آنکھ لگنا کہتے ہیں۔

15 منٹ
- ٹیچر کتاب میں سے تصویریں دکھا کر کوے، سائیکل، بکری، یاور کے پاؤں کے نشانات کی الگ الگ نشاندہی کریں۔پھر بورڈ پر سارے نشانات بنائیں۔ (ٹیچر کتاب میں دی گئی تصاویر کو دیکھ کر یہ نشانات کوپی کرلیں)۔ کوے کے نشان کے آگے a لکھیں، بکری کے نشان کے آگے b لکھیں، سائیکل کے نشان کے آگے c لکھیں اور یاور کے نشان کے آگے d لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں یہ نشانات اتار لیں اور abcd کے آگے ان چیزوں کے نام لکھیں جن کے یہ نشانات ہیں۔مثلاً a کوا ۔ b بکری۔

10 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر لکھیں کہ کل ہر بچہ دو یا تین بھنڈی یا پیاز یا شملہ مرچ یا کھیرا لے کر آئے۔ بچے یہ ہدایات اپنی کوپی میں اتار لیں۔

## گھر کا کام

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کل ہم سبزیوں سے بیل بوٹے بنائیں گے۔

## نوٹ

ٹیچر اگلے دن کے کام کے لئے چار پانچ طرح کے رنگ کم از کم آٹھ پیالے' سفید کاغذ اور چھری کا انتظام بھی کرلیں۔

## سیشن 3

45 منٹ • ٹیچر بچوں کے پانچ گروپ بنائیں۔ہر گروپ سے کہیں کہ وہ زمین پر بیٹھ جائیں۔ اب ٹیچر ہر گروپ کو کاغذ کی شیٹ اور دو تین پیالے دیں جن میں رنگ گھولے گئے ہوں۔ ٹیچر سبزیوں کو بیچ میں سے کاٹیں پھر بچوں کو دکھائیں کہ کس طرح کٹی ہوئی سائیڈ (side) کو رنگ میں ڈبو کر سفید کاغذ پر چھاپا جائے گا۔یہ exercise ٹیچر باری باری ہر گروپ کے ساتھ کریں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اسی طرح اپنی اپنی سبزیوں کو کاغذ پر چھاپ دیں۔

جب کام مکمل ہو جائے تو ہر گروپ کا بچہ اپنا اپنا نام اپنے گروپ کے کاغذ پر لکھے اس کے بعد ٹیچر کا نام اور اس دن کی تاریخ بھی لکھ دیں۔ اگر کلاس میں display board ہے تو یہ اس پر لگا دیں ورنہ کلاس میں ڈوری باندھ کر پیپر کلپ کے ذریعے اس پر لٹکا دیں۔

## سیشن 4

5 منٹ • ٹیچر 6-5 بچوں سے سابقہ طریقہ کے مطابق سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

40 منٹ • ٹیچر بچوں کے گروپ بنائیں۔

بچوں سے کہیں کہ وہ میزیں اور کرسیاں پیچھے کر کے اور اپنی کتاب کوپی اور پینسل لے کر اپنے اپنے گروپ میں آ کر بیٹھ جائیں۔

اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ سب بچے اپنی اپنی کتابوں میں سے سبق بیل بوٹے خاموشی سے پڑھیں۔

ٹیچر تاکید کریں کہ کوئی بچہ آپس میں بات نہیں کرے گا۔

اس دوران ٹیچر مندرجہ ذیل سوالات بورڈ پر لکھیں۔

(1) مستری صاحب کیوں تھک گئے؟

(2) فرش کہاں بن رہا تھا ' گھر کے اندر یا گھر کے باہر؟

(3) ساجد کس کو روک رہا تھا؟

(4) مستری نے سر کیوں پکڑ لیا؟

(5) بیل بوٹے کس نے بنائے تھے؟

- اب بچوں سے کہیں کہ جو سوالات انہوں نے بورڈ پر لکھے ہیں ان کے جوابات بچے دل میں سوچ کر رکھیں۔ اب ٹیچر باری باری ہر گروپ کے پاس جائیں اور بہت دھیمی آواز میں بورڈ پر لکھا ہوا کوئی بھی ایک سوال بچوں سے پوچھیں۔ بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ جواب بھی اسی طرح دھیمی آواز میں دیں تاکہ دوسرے گروپ کے بچے نہ سن سکیں۔ ٹیچر وہ جواب (صحیح یا غلط) اپنی کوپی میں لکھ لیں۔

اس طرح ٹیچر ہر گروپ کے پاس جائیں اور کوئی ایک سوال پوچھیں۔ جب پانچوں سوال مکمل ہوجائیں تو پہلے سوال کا جواب بورڈ پر لکھیں اور باقی بچوں سے پوچھیں کہ کیا یہ جواب صحیح ہے۔ اگر نہیں ہے تو بچوں سے ہی پوچھ کر صحیح جواب لکھیں۔ اگر بچے صحیح جواب نہ دے سکیں تو ٹیچر صحیح جواب بچوں کو سمجھا کر بورڈ پر لکھ دیں۔

اس طرح سبق کے حوالے سے بچوں کو سوال جواب کے ذریعے سبق کی دوبارہ سے مشق ہو جائے گی۔

## سیشن 5

10 منٹ
- ٹیچر ان بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں جنہوں نے ابھی تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ہے۔

35 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم نے کل جو زبانی سوال وجواب کئے تھے وہ آج اپنی کوپیوں میں کریں گے۔ اب ٹیچر بورڈ پر ان پانچوں سوالوں کو لکھ دیں۔ بچے اپنی کوپی میں ان کے جوابات لکھیں۔ بچے بورڈ سے سوالات اپنی کوپی میں اتار لیں۔

### گھر کا کام

- بچوں سے کہیں کہ سبق کو اچھی طرح پڑھ کر آئیں کل املا ہوگا۔

## سیشن 6

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ انہوں نے اپنی کوپیوں میں مختلف پیشوں کے نام لکھے تھے۔ ان پیشوں کے حوالے سے بچے اپنے محلے یا آس پاس کے لوگوں کے پاس جائیں اور ان کا انٹرویو کریں۔ انٹرویو کے لئے سوالات ٹیچر بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ان سوالات کو اپنی کوپی میں اتاریں۔

- بچے انٹرویو لینے کا کام اپنے گھر کے کسی بڑے فرد کے ساتھ جاکر کریں۔اس کام کے لئے ان کو دو تین دن کا وقت ضرور دیں۔

انٹرویو کے لئے سوالات۔

(1) آپ کا کیا نام ہے؟

(2) آپ کیا کام کرتے ہیں؟

(3) آپ کس وقت کام پر جاتے ہیں اور کس وقت گھر واپس آتے ہیں؟

5 منٹ
- پہلے ٹیچر خود سبق پڑھ کر سنائیں۔ اس کے بعد 3-2 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

25 منٹ
- سبق میں سے کم از کم 20 الفاظ کا ٹیچر املا کرائیں۔

املا ختم ہونے کے بعد بچے اپنی کوپیاں اپنے ساتھی سے تبدیل کریں ۔ اس دوران ٹیچر املا کے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کی کوپیاں check کریں اور نمبر دیں۔ جن بچوں نے اچھا کام کیا ہے ٹیچر ان کو شاباشی دیں۔ جن بچوں نے زیادہ غلطیاں کی ہیں ان کو تاکید کریں کہ آئندہ وہ اچھے نمبر حاصل کریں۔

### گھر کا کام

- بچے گھر سے انٹرویو کر کے لائیں۔

# البم

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- البم ایسی چیز ہے جو تقریباً ہر گھر میں پائی جاتی ہے۔ اگر ہم غور کریں تو اندازہ ہو گا کہ البم کے ورق الٹنے کے ساتھ ساتھ ہمیں بہت سی باتیں یاد آنے لگتی ہیں۔ اس طرح البم پرانی باتوں کو یاد کرنے کا ایک ذریعہ بن جاتا ہے۔ اس کے علاوہ تصویروں کی حفاظت کے لئے بھی البم بہت ضروری ہوتا ہے۔ ورنہ عام طور پر تصویریں کھلی پڑی رہنے سے خراب ہو جاتی ہیں۔ اس سبق کے ذریعے ہم خاندانی رشتوں اور ان کی اہمیت پر بھی بات کریں گے۔

سبق شروع کرنے سے پہلے ٹیچر بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ گھر سے اپنی کوئی بھی تصویر لے کر آئیں۔

## سیشن 1

15 منٹ

- سب سے پہلے ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ سنانے کے بعد بچوں سے پوچھیں کہ امی کی گود میں رونے والا بچہ آپ کے خیال میں کون ہے۔

بچوں کے جوابات سنیں اور البم کے بارے میں مختصراً بات چیت کریں۔ مثلاً

آپ میں سے کس کس کے گھر میں البم ہیں؟

تصویریں البم میں کیوں رکھتے ہیں؟

فرداً فرداً بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے گھر میں جو البم ہے اس میں سب سے اچھی تصویر کس کی ہے؟ وغیرہ وغیرہ۔

15 منٹ

- ٹیچر کلاس میں بچوں سے کہیں کہ بچے باری باری اپنی لائی ہوئی تصویریں دکھائیں اور بچوں سے فرداً فرداً بات کریں کہ یہ تصویریں کہاں کھینچی تھیں یا کس کی ہیں۔

15 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اپنی تصویریں کوپی میں چپکائیں اور 3-2 جملے ان کے بارے میں لکھیں۔(جو بچے تصویر لانا بھول گئے ہوں وہ اپنی تصویریں بنائیں۔ بعد میں تصویر لا کر اس جگہ چپکا لیں۔)

کس کی تصویر ہے؟
کس موقع پر لی گئی تھی؟
یہ تصویر کہاں رکھی تھی؟

## سیشن 2

15 منٹ
- آج ٹیچر سبق کی پڑھائی کروائیں۔
پہلے ٹیچر خود پڑھیں۔ پھر 5-6 بچوں سے چار چار لائنیں پڑھوائیں۔

15 منٹ
- مشکل الفاظ جو بچے نہ پڑھ پائیں ٹیچر وہ الفاظ بورڈ پر لکھیں اور اس کے آگے اس کی توڑ لکھیں۔
اب ٹیچر سطر بہ سطر سبق سمجھائیں۔ مثلاً
البم کس کی ہے؟
کیا آپ نے غرارا دیکھا ہے؟
پردادی کس کو کہتے ہیں؟
سہرا کسے کہتے ہیں؟
سہرے میں پھولوں کے علاوہ اور کیا ہوتا ہے؟
ابو کی اور آپ کی یونیفارم میں کیا فرق ہے؟
اسٹوڈیو کسے کہتے ہیں؟
کیا آپ نے کبھی اسٹوڈیو جا کر تصویر کھنچوائی ہے؟

10 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر سبق میں سے دس الفاظ لکھیں (مثلاً البم، الماری، چیزیں، رکھی نئی، کچھ، صفحے، تصویر، غرارا، ہمیشہ)۔ بچے الفاظ کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- ٹیچر پہلے دو الفاظ کو مثال کے طور پر بچوں کو بورڈ پر توڑ کر دکھائیں۔
باقی آٹھ الفاظ بچے گھر سے کوپیوں میں توڑ کر لائیں۔

ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 3

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں نکلوائیں۔ کل کے دیئے ہوئے دس الفاظ دوبارہ بورڈ پر لکھیں اور ان کی درست توڑ بھی بورڈ پر لکھیں۔ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ کے حوالے سے اپنے کام کو چیک (check) کریں۔ ٹیچر اس دوران بچوں کے درمیان گھومتی رہیں اور بچوں کی چیکنگ پر نگاہ رکھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- بچوں کے چیک کئے ہوئے کام کو لازم ہے کہ ٹیچر دوبارہ چیک کریں۔

15 منٹ
- انہی دس الفاظ میں سے کسی بھی تین الفاظ کے جملے بنوائیں۔

10 منٹ
- اپنے گھر میں رہنے والے افراد کا گروپ فوٹو بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- گھر پر تصویر میں رنگ بھریں اور تصویر میں موجود لوگوں کے نام لکھ کر لائیں۔

ٹیچر بورڈ پر ہدایت لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 4

15 منٹ
- آج ٹیچر کسی کلینڈر (calender) یا میگزین (magazine) سے کوئی بڑی سی تصویر لے کر آئیں۔

پہلے بچوں سے زبانی پوچھیں کہ تصویر میں کیا کیا نظر آ رہا ہے۔

تصویر میں کس قسم کے رنگوں کا استعمال ہے۔

تصویر سے متعلق مددگار الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ اگر تصویر ساحل سمندر سے متعلق ہے تو مددگار الفاظ helping words ہوں گے۔ (ساحل، سمندر، پانی، پکنک، ریت، سیپ، کیکڑے وغیرہ)

25 منٹ
- ٹیچر کی لائی ہوئی تصویر کو دیکھتے ہوئے بچے اپنی کوپیوں میں آٹھ سے دس جملوں کا ایک مضمون لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچوں سے کہیں کہ کل project work کے لئے 5-6 تصاویر، اخبار، سادہ کاغذ، گوند اور قینچی لے کر آئیں۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 5

10 منٹ • آج ٹیچر پہلے بچوں کو بورڈ پر الفاظ لکھوائیں۔

ڈھیر اسکول گروپ

سہرا بچہ فوٹو

سجے پھولوں خاندان جیسے

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کا گھر سے توڑ کر کے لائیں۔

30 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے ان کی لائی ہوئی تصاویر، کاغذ، قینچی اور گوند کی مدد سے بچوں کا البم بنوائیں۔
البم کے ہر صفحے پر ایک تصویر ہو۔ صفحے کو بنانے کے لئے اخبار کے کاغذ کو دہرا کرکے کاٹ لیں۔
ٹیچر بچوں کو staple کرنے میں مدد کرے تاکہ booklet بن جائے۔
اب بچے ان پر تصویر چپکائیں۔
بچے البم بناتے وقت خاموشی سے کام کریں اور ابھی اپنے البم یا تصاویر ایک دوسرے کو نہ دکھائیں۔
اگر وقت کم ہو تو البم کی تکمیل کا کام گھر پر بھی کیا جا سکتا ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ • گھر کے کام کے لئے توڑ والے الفاظ کو جوڑ کر لکھنے کی مشق کر کے آئیں۔ کل املا ہوگا۔
ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 6

25 منٹ • آج ٹیچر بچوں سے املا کروائیں۔ املا کے بعد بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیاں اپنے ساتھیوں سے

تبدیل کریں۔
اب ٹیچر بورڈ پر املا کے الفاظ لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اپنے ساتھیوں کے املا کی تصیح کریں اور نمبر دیں۔
جن بچوں نے سب سے زیادہ نمبر لئے ہیں ان کو شاباشی دیں۔ جن کی کم غلطیاں ہیں ان کی بھی حوصلہ افزائی کریں اور جن بچوں نے زیادہ غلطیاں کی ہیں ان سے کہیں کہ آئندہ کوشش کریں ک غلطیاں نہ ہوں۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آج ہم سب ایک دوسرے کا البم دیکھیں گے۔ بچوں کو ایک دائرے میں بٹھائیں اور ان سے کہیں کہ وہ اپنا البم بائیں ہاتھ والے بچے کو دیں جب وہ دیکھ لیں تو وہ دوبارہ اپنے بائیں ہاتھ والے بچے کو دیں یہاں تک کہ بچے کے پاس اپنا البم واپس آجائے۔

# گرگٹ

## سیشن 1

15 منٹ
- ٹیچر کلاس میں آ کر بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک نظم پڑھیں گے۔ مگر اس سے پہلے بچے یہ بتائیں کہ کیا انہوں نے کبھی چھپکلی دیکھی ہے۔

اکثر بچے کہیں گے کہ ہاں انہوں نے دیکھی ہے۔ اب کچھ بچوں سے باری باری پوچھیں کہ چھپکلی کی کوئی ایک بات بتائیں۔ کچھ بچے کہیں گے۔

اس کی دم لمبی ہوتی ہے۔

وہ دیوار پر چلتی ہے۔

اس سے گھن آتی ہے۔

ہماری امی اس سے بہت ڈرتی ہیں وغیرہ وغیرہ۔

اب ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم جس جانور کے بارے میں نظم پڑھیں گے وہ بھی کچھ کچھ چھپکلی سے ملتا ہے۔ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کتاب کی فہرست کھولیں اور اس جانور کا نام تلاش کریں۔

ٹیچر نظم کو تاثرات کے ساتھ پڑھیں۔ اب 8-6 بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں مشکل ہو یا ان کو کوئی دقت ہو تو ان الفاظ کی ہجے کرکے پھر توڑ کر بورڈ پر لکھتی جائیں۔

10 منٹ
- جب پڑھائی ختم ہو جائے تو بچوں سے ان مشکل الفاظ کی ہجے کروا کر مکمل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔

20 منٹ
- اب ٹیچر بورڈ پر سے باقی الفاظ مٹا کر صرف 5 الفاظ کو توڑ کی شکل میں رہنے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر سے ان 5 الفاظ کی توڑ دیکھتے جائیں اور ان کو جوڑ کر اپنی کوپی میں لکھیں۔

پھر بچے ان الفاظ کے جملے بنائیں۔ جملے بناتے وقت اگر بچوں کو دقت ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- ٹیچر نظم کی پڑھائی کریں۔ پھر 8-6 بچوں سے باری باری نظم کی پڑھائی کر وائیں۔

اب ٹیچر نظم کے پہلے شعر کو پڑھیں اور اس کا مطلب سمجھائیں۔ کہ گرگٹ کی دم بہت لمبی ہوتی ہے اور وہ باغ میں رہتا ہے۔دوسرے شعر کا مطلب سمجھاتے ہوئے بتائیں کہ گرگٹ پتوں اور ٹہنیوں کے نیچے چھپا رہتا ہے اس لئے نہیں کہ وہ ہمیں ڈرائے بلکہ وہ خود اپنی حفاظت کرتا ہے اور اپنا شکار بھی کرتا ہے۔

اب ٹیچر بتائیں یا پوچھیں کہ گرگٹ کس چیز کا شکار کرتا ہے۔ انہیں بتائیں کہ وہ کیڑے مکوڑے کھاتا ہے۔ اس کے دانت نہیں ہوتے اس لئے وہ اپنی لمبی زبان سے کیڑے مکوڑوں کو پکڑ کر نگل جاتا ہے۔

اگلے شعر کا مطلب بتاتے ہوئے کہیں کہ گرگٹ چھپکلی کی طرح نہیں چلتا بلکہ پاؤں اٹھا کر پنجوں کے بل بغیر آواز کے چلتا ہے۔

آخری شعر کا مطلب سمجھاتے ہوئے کہیں کہ گرگٹ کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جس جگہ بیٹھا ہوتا ہے اسی جگہ کے رنگ کی طرح اپنا رنگ بدل لیتا ہے۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کتاب دیکھ کر گرگٹ کی خصوصیات بتائیں۔ ٹیچر صحیح جواب بورڈ پر لکھتی جائیں مثلاً
  گرگٹ باغ میں چھپا رہتا ہے۔
  پنجوں کے بل چلتا ہے۔
  رنگ بدلتا ہے۔
  اس کے دانت نہیں ہوتے۔
  دم لمبی ہوتی ہے۔

15 منٹ

- ٹیچر گرگٹ کے بارے میں مکمل معلومات بورڈ پر جملوں کی شکل میں لکھیں اور بچے یہ مکمل جملے اپنی اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

5 منٹ

- جو بچے جملے اتار چکیں ان بچوں سے کہیں کہ گرگٹ کی کوپی میں تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھی بھریں۔ اگر کلاس میں یہ مکمل نہ کرسکیں تو بچے یہ کام گھر سے مکمل کر کے لائیں۔ اس دوران ٹیچر کلاس میں چکر لگائیں اور بچوں کو کوئی دقت ہو تو ان کی مدد کریں اور ساتھ ساتھ ان کے کام کو چیک بھی کریں۔

## سیشن 3

25 منٹ
- جو بچے رہ گئے تھے ان کے کام کو پہلے چیک کریں۔ پھر بچوں کو بتائیں کہ گرگٹ اور چھپکلی ایک ہی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں اور اس خاندان کو ہم reptile کہتے ہیں۔
گرگٹ اور چھپکلی کے علاوہ اس خاندان میں دوسرے جانور بھی ہوتے ہیں۔ مثلاً سانپ، کچھوا، مگرمچھ وغیرہ۔
reptile ہم سے یوں مختلف ہیں کہ سردیوں میں ان کا جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے اور یہ ہل جل نہیں سکتے۔ اسی لئے یہ سردیوں میں اپنے بلوں اور گھروں میں چھپ کر سو جاتے ہیں۔ جب تک گرمیاں شروع نہ ہوں اس وقت تک یہ سوتے رہتے ہیں۔ اس دوران وہ کھاتے پیتے بھی نہیں ہیں۔
ٹیچر یہ باتیں بتاتے ہوئے بچوں کو سوالات کے ذریعے بات چیت میں شامل رکھیں۔
اب ٹیچر بورڈ پر مندرجہ ذیل معلومات لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ یہ معلومات اپنی اپنی کاپیوں میں اتار لیں۔ ساتھ ساتھ یہ نام اور معلومات انگریزی میں بھی لکھیں۔

### ریپٹائیل (reptile)

| | |
|---|---|
| چھپکلی | Lizard |
| گرگٹ | Chameleon |
| سانپ | Snake |
| کچھوا | Turtle |
| مگرمچھ | Aligator |

reptile ساری سردیاں سوتے رہتے ہیں۔

20 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر الفاظ "نیلے پیلے" لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ اس کے ہم آواز الفاظ بتائیں۔ بچوں کو مثال دیکر سمجھائیں کہ ہم آواز کا کیا مطلب ہوتا ہے۔ مثلاً نیلے، پیلے، گیلے، چیلے۔
بچوں پر یہ واضح کریں کہ ان ہم آواز الفاظ کو بامعنی ہونا ضروری نہیں ہے۔
اب بچے جو الفاظ کہیں ان کو بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جب بورڈ پر 15 الفاظ ہو جائیں تو ٹیچر پوچھنا بند کر دیں۔
اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم ان میں سے 5 بامعنی الفاظ چن کر لکھتے ہیں۔ اگر 15 الفاظ پورے نہ ہوں

تو ٹیچر مندرجہ ذیل الفاظ ملاکر 5 پورے کریں۔ مثلاً (کالے، پیلے، چمکیلے، ڈھیلے، دبلے، نیلے، شرمیلے)۔ 5 بامعنی الفاظ کے گرد دائرہ بنائیں۔ بچوں سے کہیں کہ جن الفاظ کے گرد دائرہ ہے وہ الفاظ کوپی میں لکھیں۔ ٹیچر بچوں کے پاس جا کر دیکھیں کہ وہ صحیح لکھ رہے ہیں۔ اگر بچوں کو لکھنے میں کوئی دقت پیش آ رہی ہو تو ٹیچر ان کی مدد کریں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

اب بورڈ پر سے سارے الفاظ مٹا دیں اور جو 5 الفاظ چنے ہیں ان کو دوبارہ لکھ دیں۔

بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے ہوئے الفاظ کو بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے چیک کریں۔

## سیشن 4

10 منٹ

- آج 5-6 سے بچوں سے نظم پڑھوائیں۔ جن بچوں نے پہلے نہیں پڑھا ہے کوشش کریں کہ وہ آج پڑھائی کریں۔

35 منٹ

- بورڈ پر رہ جانے والے پانچ الفاظ کا مطلب مثالیں دے کر سمجھائیں۔ مثلاً

| | | | |
|---|---|---|---|
| گیلے | کپڑے | کالے | بادل |
| چمکیلے | ستارے | ڈھیلے | کپڑے |
| پیلے | امرود | | |

اب بچوں سے کہیں انہی مثالوں کو استعمال کرتے ہوئے آسان جملے بنائیں۔ مثلاً

اکبر نے گیلے کپڑے پہنے ہیں۔

پیڑ پر پیلے امرود لگے ہوئے ہیں۔

بچے کوپیوں میں جملے لکھیں۔

# رلی

## سیشن 1

15 منٹ


- ٹیچر اس سبق کو شروع کرنے سے پہلے ایک رلی لے کر آئیں۔

سبق شروع کرانے سے پہلے ٹیچر بچوں سے کہیں آج ہم جو سبق شروع کریں گے اس کا نام رلی ہے۔ کیا آپ میں سے کوئی مجھے اس لفظ کا مطلب بتا سکتا ہے۔کچھ بچے یقیناً ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان کے جوابات سنیں۔ ہوسکتا ہے تمام جوابات صحیح نہ ہوں۔ اب ٹیچر بچوں کو اپنی لائی ہوئی رلی کھول کر دکھائیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا ان کے گھر میں ایسی کوئی چادر یا کپڑا ہے۔ بچوں کے جوابات سنیں پھر انہیں بتائیں کہ رلی کا مطلب ہے ایسی چادر یا کپڑا جو مختلف ٹکڑے جوڑ کر بنایا جائے۔ اس کو ہم patch work بھی کہتے ہیں۔

پہلے ٹیچر تاثرات کے ساتھ سبق کی پڑھائی کریں۔ اس کے بعد 6-5 بچوں سے کم از کم چار چار لائنیں پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جہاں بچے اٹکیں ان کو ہجے کرکے لفظ سمجھائیں۔

15 منٹ

- پڑھائی کے بعد ٹیچر بچوں سے مختلف سوالات کریں۔یہ سوالات سبق کے حوالے سے ہوں۔ مثلاً چڑیا کے کتنے بچے تھے۔ چوکور چادر کس بچے کو ملے۔ وغیرہ وغیرہ۔



اب بچوں سے پوچھیں کہ تیسرے والے بچے کو چادر اوڑھ کر سردی کیوں لگی؟

ٹیچر سلائی کی جگہ پر نشان بنا کر بچوں کو سمجھائیں کہ کس طرح یہ ٹکڑے جوڑے گئے ہیں۔گول ٹکڑوں والی رلی میں سوراخ کے نشان صاف نظر آنے چاہئیں۔بچوں کو سمجھائیں گول ٹکڑوں کو جوڑنے سے بیچ میں جگہ خالی رہ جاتی ہے۔

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ کے خیال میں ان بچوں میں سے کون سا بچہ بڑا ہے کون سا چھوٹا ہے؟ بچے مختلف جواب دیں گے۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں ۔ چڑیا کے بچے چھوٹے بڑے نہیں ہوتے۔ اصل میں چڑیا ایک وقت میں کئی انڈے دیتی ہے اور یہ تقریبا ایک وقت میں ہی انڈے سے باہر نکلتے ہیں۔ اور جیسے ہی اڑنا سیکھتے ہیں گھونسلا چھوڑ کر اڑ جاتے ہیں۔

## گھر کا کام

15 منٹ
- ٹیچر پہلے بچوں کو اپنے بارے میں بتائیں کہ وہ خود کتنے بہن بھائی ہیں۔ اس کے بعد وہ بورڈ پر اپنے بہن بھائیوں کے نام ان کے آگے ان کی عمر لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ بورڈ پر میرے بہن بھائیوں کے نام لکھے ہیں۔ یہ نام میں نے ان کی عمر کے لحاظ سے اوپر سے نیچے کی طرف لکھے ہیں۔ اسی طرح بڑے سے شروع کرکے بچے اپنے امی ابو کے بہن بھائیوں کے نام اور ان کی عمر گھر سے لکھ کر لائیں۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- آج 8-10 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھتی جائیں۔ جہاں بچے پڑھنے میں دقت محسوس کریں ان کو ہجے کرکے لفظ سمجھائیں۔ مشکل الفاظ بچے اپنے کوپیوں میں لکھیں۔

10 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ جب چڑیا کے بچوں کو سردی لگی تو وہ کہاں تھے؟ دوسرے جانوروں کو بھی جب سردی لگتی ہے یا ان کے آرام کا وقت ہوتا ہے تو وہ کہاں جاتے ہیں؟ بچے جواب دیں گے کہ اپنے گھر میں۔

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ آپ نے کبھی چڑیوں کے گھر دیکھے ہیں۔ بچے یقیناً ہاں کہیں گے۔ اب ان کو بتائیں کہ چڑیا کے گھر کو گھونسلا کہتے ہیں۔ بچوں سے کہیں کہ اب وہ بتائیں چیونٹی اور دوسرے جانوروں کے گھروں کو کیا کہتے ہیں؟ مثلاً

| | |
|---|---|
| سانپ | |
| چوہا | |
| خرگوش | بل |
| چیونٹی | |
| مکڑی | جالا |
| شہد کی مکھی | چھتہ |

چیونٹی کے بل کو چیونٹی کا گھر بھی کہا جاتا ہے۔
ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ چوہا، سانپ، چیونٹی، خرگوش، مکڑی، شہد کی مکھی وغیرہ اپنے گھر خود بناتے ہیں۔ مگر بہت سے جانور جہاں رہتے ہیں اسی جگہ کو ان کا گھر کہا جاتا ہے۔ مثلاً (شیر۔ غار، مچھلی۔پانی، بندر۔درخت، مگر مچھ۔دریا اور دریا کے کنارے، کیکڑا۔ سمندر اور سمندر کے ساتھ پتھروں میں)
کچھ جانور اپنے گھر نہیں بناتے۔ جیسے بندر، درختوں پر رہتے ہیں۔ مچھلی پانی میں رہتی ہے۔ یہ کام بچے اپنی کوپیوں میں لکھ لیں۔

20 منٹ

- مندرجہ ذیل کام بچے اپنی کوپیوں میں اتار لیں۔

| جانور | گھر | جانور | گھر |
|---|---|---|---|
| شیر | غار | چڑیا | گھونسلا |
| مکڑی | جالا | شہد کی مکھی | چھتہ |
| مچھلی | پانی | بندر | درخت |
| مگر مچھ | دریا کے کنارے | کیکڑا | سمندر اور ساحل سمندر |
| گھونگھا | خول میں | سانپ / چیونٹی / خرگوش | بل میں |

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کل ہم کلاس میں رلی بنائیں گے۔ بچے اپنے گھروں سے چار چار گول، تکون اور چوکور کاغذ کے ٹکڑے، رنگ اور گوند لائیں گے۔ ٹیچر ان چیزوں کے نام بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے یہ نام اپنی کوپیوں میں اتارلیں۔

## سیشن 3

45 منٹ
- پہلے بچوں کے چار چار یا پانچ پانچ کے گروپ بنا لیں۔ یہ کام زمین پر بیٹھ کر ہو گا۔ ٹیچر گھر سے یا اسکول سے چار پانچ پرانے اخبار لے آئیں۔ پھر اخبار کے ہر صفحہ کو الگ الگ کریں اور ہر گروپ کو تین تین آدھے صفحے دیں۔
ٹیچر بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ ایک صفحے پر چوکور' دوسرے پر گول اور تیسرے پر تکون رلی بنائیں۔
کام شروع کرنے سے پہلے ٹیچر بورڈ پر چوکور' گول اور تکون کے ڈیزائن بنا کر بچوں کو دکھائیں۔ بچوں سے کہیں کہ اپنی رلی کے ڈیزائن میں وہ اپنے پسند کے رنگ استعمال کرسکتے ہیں۔
جب کام مکمل ہو جائے تو ٹیچر بچوں کا کام باری باری دیکھیں ان کی تعریف کریں۔ اور اس کے بعد اس کام کو کلاس میں ایک رسی باندھ کر پیپر کلپ (paper clip) کی مدد سے ایک سرے سے دوسرے سرے تک ٹانگ دیں۔

## سیشن 4

10 منٹ
- آج 10-8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ ہر بچے سے زیادہ سے زیادہ 8 لائنوں کی پڑھائی کر وائیں۔ جہاں بچے اٹکیں ٹیچر ان کی اصلاح کریں اور ہجے کر کے سمجھائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ آج ہم الفاظ کی ضد پر کام کریں گے۔
ٹیچر پہلے بچوں کو مثالیں دے کر سمجھائیں۔ مثلاً اوپر کی ضد نیچے' آگے کی ضد پیچھے۔
اس کے بعد مندرجہ ذیل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان الفاظ کو کاپیوں میں اتار کر ان الفاظ کے سامنے ان کی ضد بھی لکھیں۔

| الفاظ | ضد | الفاظ | ضد |
|---|---|---|---|
| سردی | گرمی | خزاں | بہار |
| اٹھ | بیٹھ | نرم | سخت |
| آرام دہ | تکلیف دہ | | |

15 منٹ
- ٹیچر پہلے سے معلوم کر کے رکھیں کہ اسکول کے آس پاس کوئی گھونسلا ہے کہ نہیں۔ اگر نہ ہو تو تصویر

کی مدد سے بچوں کو دکھائیں اور گھونسلا ہونے کی صورت میں بچوں کو اس جگہ لے جا کر گھونسلا دکھائیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ گھونسلا کس طرح بنایا گیا ہے۔

اگر گھونسلا نہ ملے تو تنکے، سوکھی گھانس، پتے، ٹشو پیپر، کاغذ کے ٹکرے جمع کر کے لائیں اور پھر ایک بڑے پیالے میں خود گھونسلا بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچے گھر پر سوکھے گھانس پھوس، پتے، تنکے، اپنی کوپیوں میں چپکا کر ایک گھونسلا بنائیں۔

## سیشن 5

15 منٹ • ٹیچر بچوں کے بنائے ہوئے گھونسلے دیکھیں اور تعریف کریں۔

سردی کے متعلق سوالات کا سلسلہ شروع کریں۔

(1) جب سردی ہوتی ہے تو آپ اپنے آپ کو گرم رکھنے کے لئے کیا کرتے ہیں؟
(ہم گرم کپڑے پہنتے ہیں، رضائی اوڑھتے ہیں، آگ جلاتے ہیں وغیرہ۔)

(2) جانور اپنے آپ کو کیسے گرم رکھتے ہیں؟ (مثلاً موٹی کھال سے، پروں سے، بالوں سے وغیرہ وغیرہ)۔

(3) کون سے جانور اپنے آپ کو بالوں سے گرم رکھتے ہیں اور کون سے پروں سے؟ (کتا، بلی، خرگوش، وغیرہ بالوں سے) (طوطا، چڑیا، کبوتر پروں سے)۔

25 منٹ • اب بچوں سے کہیں کہ وہ ایک کہانی لکھیں جس کا عنوان ہو۔ ''ایک دن جب بہت سردی تھی''۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچے املا کے لئے تیاری کر کے آئیں۔

## سیشن 6

25 منٹ • ٹیچر بچوں سے 20 الفاظ'' کا املا لیں۔ املا ختم ہونے کے بعد ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں اپنے ساتھیوں سے تبدیل کریں۔ اور اپنے اپنے ساتھیوں کی

کوپیاں check کریں اور 20 میں سے نمبر دیں۔ جن بچوں نے زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں ٹیچر ان بچوں کے کام کی تعریف کریں اور حوصلہ افزائی کریں۔ پھر جن بچوں نے کم نمبر حاصل کئے ہیں ٹیچر ان کی بھی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے بعد جن بچوں نے زیادہ غلطیاں کی ہیں ٹیچر ان کو تاکید کریں کہ آئندہ وہ کوشش کریں کہ کم سے کم غلطیاں کریں۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں کی لکھی ہوئی کہانیاں باری باری کلاس میں سنیں اور بچوں کی حوصلہ افزائی بھی کرتی رہیں۔

# لٹو کیوں گھومتا ہے

## سیشن 1

10 منٹ
- ٹیچر کلاس میں ایک یا دو مختلف قسم کے لٹو لائیں۔

ٹیچر بچوں سے بات کریں کہ آج ہم جو سبق پڑھیں گے وہ ''ل'' سے شروع ہوتا ہے۔ کیا کوئی بچہ اس کا نام بتا سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ دو ایک ناموں کے بعد کوئی بچہ لٹو کہہ دے۔ اگر نہ کہیں تو ٹیچر بورڈ پر بڑا بڑا لکھیں ''ل'' سے ''لٹو''۔ پھر بتائیں کہ آج کے سبق کا نام ہے لٹو کیوں گھومتا ہے۔
پھر بچوں کو اپنے لائے ہوئے لٹو دکھائیں۔ لٹو چلا کر بھی دکھائیں۔
اب سوالات کریں۔
''لٹو کیوں گھومتا ہے؟''
لٹو ہوتا کیا ہے؟ (لکڑی یا پلاسٹک کا ایک کھلونا جس کو گول گھماتے ہیں)۔
کس کس نے لٹو گھمایا ہے؟
کس کو ڈوری کے ساتھ لٹو کو گھمانا آتا ہے؟
شاید کچھ بچے ہاتھ اٹھائیں۔ ٹیچر ان سے کہیں کہ کل ہم سب کوشش کریں گے کہ ایک ایک لٹو لے کر آئیں پھر باہر جا کر لٹو نچائیں گے۔
ٹیچر پوچھیں کہ کیا کوئی بچہ بتا سکتا ہے کہ لٹو نچانا کیوں کہتے ہیں؟
اگر بچے نہ بتا پائیں تو ٹیچر بتائیں کہ لٹو جیسے گھومتا ہے وہ دیکھ کر لگتا ہے کہ جیسے ڈانس (dance) کر رہا ہے۔ اس لئے اس کو لٹو نچانا بھی کہتے ہیں۔

10 منٹ
- بچے کتابیں کھولیں۔ ٹیچر پہلے سبق کا عنوان پڑھیں۔ پھر ٹھہر ٹھہر کر صاف اور اتنی اونچی آواز میں سبق کی پڑھائی کریں کہ تمام بچوں تک آواز صحیح پہنچ سکے۔

اب پوچھیں اپنی خاص شکل سے کیا مراد ہے؟ بچے جواب دیں گے ۔ پھر انہیں بتائیں کہ لٹو اپنی گول شکل کی وجہ سے گھومتا ہے۔
اور کون کون سی چیزیں اپنی شکل کی وجہ سے گول گول گھومتی ہیں؟ (بچوں کے جواب سننے کے بعد بتائیں) سائیکل کا پہیہ یا سکہ یا merrygoround۔ یہ سب چیزیں ایک مرتبہ رفتار پکڑ لیں تو دیر تک گول

گول گھومتی ہیں۔
ٹیچر یہ ساری چیزیں بورڈ پر لکھیں اور بچے انہیں اپنی کوپیوں میں اتاریں۔
سائیکل کا پہیہ سکہ بال (گیند) بٹنے وغیرہ۔

10 منٹ

- ٹیچر کلاس میں بچوں کو سکہ یا اگر گیند مل جائے تو وہ بھی گول گول گھما کر دکھائیں۔ جب ان کی رفتار آہستہ ہو جائے تو سکہ گر جائے گا اور گیند رک جائے گی۔
انہیں بتائیں اسی طرح لٹو بھی جب تک تیز گھومتا ہے چلتا رہتا ہے جب آہستہ ہوتا ہے رک جاتا ہے۔

15 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ کوپیاں کھولیں۔
ٹیچر چند الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان الفاظ کو کوپی میں اتاریں اور ان کے جملے بنائیں۔
(لٹو، شکل، گھومنا، تیزی، آہستہ)

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- بچوں سے لٹو منگوائیں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- پہلے ٹیچر خود کلاس میں ٹھہر ٹھہر کر تاثرات کے ساتھ سبق کی پڑھائی کریں۔ پھر 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں اور جہاں بچے اٹکیں ان کی مدد کریں۔
پڑھائی کر وانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

25 منٹ

- اب بچوں سے کہیں کہ آج ہم باہر جاکر لٹو نچائیں گے۔ بچے ساتھ میں اپنی کوپی پنسل بھی رکھ لیں.
جب لٹو گھوم رہے ہوں تو بچے باری باری اپنے ہاتھ یا کوپی کے سرے کو لٹو کے نیچے لائیں۔ لٹو اگر تیز گھوم رہا ہے تو تھوڑی سی پریکٹس (practice) سے وہ کاغذ پر یا ہاتھ پر آ جائے گا۔

جب بچے لٹو کو گھومتا دیکھیں تو ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ باری باری لٹوؤں کے گھومنے کے وقت کو نوٹ کریں۔ اگر ٹیچر کے پاس گھڑی ہے اور اس میں سیکنڈ کی سوئی بھی ہے تو تین مختلف لٹوؤں کو گھما کر الگ الگ ٹائم نوٹ کر وائیں۔ بچے لٹو نمبر 1 ، لٹو نمبر 2 ، اور لٹو نمبر 3 کوپی میں اوپر سے نیچے کی طرف لکھیں اور ہر ایک کے سامنے اس کا گھومنے کا دورانیہ بھی۔

10 منٹ

- کلاس میں آ کر ٹیچر بورڈ پر تین لٹو بنائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بھی اپنی اپنی کوپیوں میں تین لٹو بنائیں۔ لٹو نمبر 1 ، لٹو نمبر 2 ، لٹو نمبر 3 ۔
ٹیچر بچوں سے کہیں کہ تینوں کو نام بھی دیں۔ مثلاً گھومتے خان۔ گول مول۔ گھمن لٹو اور ان کے گھومنے کا جو ٹائم نوٹ کیا تھا وہ نیچے لکھیں۔

## گھر کا کام

- ایک گھڑی بنا کر اس میں سوئیوں کی مدد سے ٹائم بنائیں اور نیچے وہ ٹائم لکھ کر لائیں۔ امی یا ابو سے اس کی تصحیح اور کام پر دستخط کر وا کر لائیں۔

## سیشن 3

5 منٹ

- آج ٹیچر کلاس میں 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج وہ بچے سبق کی پڑھائی کریں گے جو گزشتہ روز نہ کر سکے تھے۔ سبق کی پڑھائی کا طریقہ کار جو سیشن 1 میں دیا گیا ہے وہی رہے گا۔

35 منٹ

- ٹیچر کتاب میں دیا ہوا تجربہ باآواز بلند پڑھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ غور سے سنیں پھر ہم کلاس میں خود بھی یہ تجربہ کریں گے۔
کارڈ بورڈ یا گتے کے چوکور ٹکڑے ، تکون ٹکڑے اور گول ٹکڑے کاٹیں۔ ان سب کے بیچ سے ایک پنسل کی نوک گزار کر لٹو بنانے کی کوشش کریں۔ صرف گول والا ٹکڑا اچھی طرح گھومے گا۔
اب انہیں بتائیں کہ یہ ٹکڑا اپنی شکل کی وجہ سے گھوم رہا ہے۔ سب بچے باری باری گھما کر دیکھیں۔
اب ٹیچر اسی ٹکڑے کو پنسل کے بالکل اوپر لے جائیں اور پینسل کو گھمائیں۔

ٹکڑے کو بیچ میں لے آئیں پھر اسے گھمائیں۔ اس کے بعد ٹکڑے کو بالکل نیچے لے آئیں پھر گھمائیں۔ صرف تیسری صورت میں یہ کچھ دیر لٹو کی طرح گھومے گا۔ باقی اوپر کی دو صورتوں میں فوراً گر جائے گا۔ اب ٹیچر گتے میں مختلف جگہ پر سوراخ کرکے گھمائیں اور بچے بھی گھما کر دیکھیں اور نوٹ کریں کہ کس جگہ پر سوراخ کرنے سے اور پنسل اس میں گزارنے سے یہ گھومتا ہے۔

## گھر کا کام

5 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ یہ تجربہ اپنے گھر جا کر بھی کریں اور امی ابو کو بھی دکھائیں۔ (بچوں سے کہیں کہ پنسل کی نوکیلی سائیڈ کے بجائے دوسری طرف سے بھی گھمانے کی کوشش کریں۔) کل کلاس میں آ کر بتائیں کہ تجربے کا کیا نتیجہ نکلا۔

## سیشن 4

15 منٹ • ٹیچر بورڈ پر کل والے تجربے کی تینوں شکلیں باری باری بنائیں۔ یعنی گتے کا گول ٹکڑا پہلے پنسل کے بالکل اوپر' پھر بیچ میں اور پھر بالکل نیچے جیسے کتاب میں ہے۔ تینوں شکلیں بنا کر ہر ایک کے سامنے خانہ بنا دیں۔ بچوں سے پھر باری باری تینوں شکلوں کے بارے میں پوچھیں کہ گھومے گا یا نہیں۔ صحیح شکل کے خانے میں صحیح (   ) کا نشان لگادیں۔ باقی دو میں بچوں سے پوچھ کر غلط (   ) کا نشان لگا دیں۔

اسی طرح گول' چوکور اور تکون ٹکڑوں کو پینسل میں گزار کر بورڈ پر بنائیں اور صحیح اور غلط نشان بچوں سے پوچھ کر لگائیں۔

اب پنسل کی نوکیلی اور موٹی سائیڈ (side) نیچے رکھ کر بنائیں (تاکید رہے کہ اس میں گول گتا بنا ہوا ہو) اور غلط اور صحیح کا نشان لگائیں۔

5 منٹ • بچوں سے کہیں کہ آج ہم آواز الفاظ کا زبانی مقابلہ ہو گا۔ اس کے بعد ہم 20 الفاظ کوپی میں بھی لکھیں گے۔ یہ زبانی مقابلہ صرف پانچ منٹ ہو گا۔ بورڈ پر ٹائم 5 منٹ لکھ دیں اور اپنی گھڑی میں وقت بھی دکھا دیں۔

ایک لفظ دیں ''لٹو'' ہر بچہ اسی لفظ سے ملتا جلتا ہم آواز لفظ بنائے۔ ٹیچر پہلے بتا دیں کہ یہ لفظ بے معنی بھی ہو سکتا ہے۔ اب بچے پانچ منٹ باری باری اٹھ کر لٹو کے ہم آواز الفاظ بنائیں۔ (لٹو' وٹو'

کٹو، ڈٹو، مٹو، سٹو، پٹو، وغیرہ وغیرہ)

25 منٹ
- پانچ منٹ بعد ٹیچر بچوں کو روک دیں اور کہیں کہ اب اپنی اپنی کوپیاں کھولیں اور مندرجہ ذیل الفاظ لکھیں اور دو دو ہم آواز الفاظ بنائیں۔

کھویہ ٹوٹا میرا گلا گھوم سڑک گاڑی ترازو جھل مل کھیل

## گھر کا کام

- سبق پڑھ کر آئیں کل املا ہو گا۔

## سیشن 5

5 منٹ
- ٹیچر 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ ٹیچر بتائیں کہ پڑھتے وقت بچے غور سے پڑھیں اور جو بچے سن رہے ہوں وہ اپنی اپنی کتابیں کھولیں اور الفاظ دیکھتے رہیں۔ اس طرح ان کو املا کرنے میں مدد ملے گی۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اپنی اپنی کوپیوں میں بورڈ سے کچھ نام لکھیں اور ان میں جو چیز گول نہیں ہے اس کے گرد دائرہ بنائیں۔

امرود سیب کیلا انگور ناشپاتی انڈہ املی بادام گیند پہیا اسٹیرنگ

25 منٹ
- اب ٹیچر سبق میں سے کسی بارہ الفاظ کا املا کر وائیں۔ املے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں اپنے ساتھیوں سے تبدیل کریں۔ پھر ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کی کوپی check کریں اور 12 میں سے جتنی غلطیاں ہوں ہر غلطی کا ایک نمبر کاٹ کر نمبر دیں۔

# چاٹ اگائیں

## سیشن 1

10 منٹ

• ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا کسی بچے نے کبھی روزہ رکھا ہے۔ کئی بچے یقیناً ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان سے باری باری پوچھیں افطار میں آپ کیا کیا چیزیں کھاتے ہیں۔ بچے مختلف چیزوں کے نام بتائیں گے۔ ٹیچر ہر چیز کا نام بورڈ پر لکھتی جائیں۔ کچھ بچے یقیناً فروٹ چاٹ کا نام بھی لیں گے۔ٹیچر یہ نام بھی (یعنی پھلوں کی چاٹ) بڑا بڑا بورڈ پر لکھیں۔

بچوں سے کہیں آپ کو پتا ہے امی کو پھلوں کی چاٹ بنانے میں کتنی دیر لگتی ہے۔مختلف بچے مختلف ٹائم بتائیں گے۔ ٹیچر چاٹ بنانے کا ٹائم جو بچے بتائیں وہ بھی بورڈ پر لکھتی جائیں۔ اب بچوں کو مخاطب کرکے ٹیچر بتائیں کہ اصل میں اس چاٹ کو بنانے میں جو وقت آپ لوگوں نے بتایا ہے اس سے بہت زیادہ وقت لگتا ہے۔کیونکہ جب تک ہم یا کوئی اور وہ پھل اگائے گا نہیں ہم چاٹ بنا ہی نہیں سکتے۔

اب ٹیچر کہیں کہ آیئے سبق ''چاٹ اگائیں'' پڑھتے ہیں۔ بچے اپنی اپنی کتابیں کھولیں۔ اب ٹیچر سبق الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ پڑھتے وقت کبھی کبھی بچوں کی طرف بھی دیکھیں۔ سبق میں ایک دو لائنیں ایسی آئیں گی جب بچے حیرت کا اظہار کریں گے۔ مثلاً چاٹ بنانے کا وقت ''تین سال''۔

ٹیچر دوبارہ وہ الفاظ یعنی ''تین سال'' بورڈ پر لکھ دیں۔

15 منٹ

• ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کھانے کی کیا کیا چیزیں آپ خود بنا سکتے ہیں۔ بچے مختلف جواب دیں گے۔ مثلاً انڈا، دودھ، سینڈوچ، چائے، وغیرہ۔

ٹیچر 3-4 بچوں سے کہیں کہ وہ ان چیزوں کو بنانے کی ترکیب بتائیں۔ جب بچے ترکیب بتائیں تو ٹیچر اس ترکیب کو بورڈ پر اسی طرح لکھیں جیسے سبق میں ''اشیاء'' ''وقت'' اور ''ترکیب'' کے آگے لکھا ہے۔

10 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کوئی بھی دو تراکیب بورڈ سے اپنی کوپیوں میں اتارلیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ • ٹیچر مندرجہ ذیل انگریزی کے نام لکھیں۔ بچے ان کی اردو گھر سے لکھ کر لائیں۔ انگریزی کے نام کلاس میں ہی اپنی کوپیوں میں اتار لیں۔

| | |
|---|---|
| کیلا | banana |
| پھل | fruit |
| سیب | apple |
| چینی | sugar |
| پیالہ | bowl |

• گھر کا کام لکھوانے کے بعد ٹیچر زبانی ایک مرتبہ پھر بچوں کو تمام کام پڑھ کر سنائیں۔

## سیشن 2

5 منٹ • پہلے بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔

10 منٹ • ٹیچر 7-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔جہاں بچے سبق کی پڑھائی میں دقت محسوس کریں ان الفاظ کو ٹیچر ہجے کرکے بڑا بڑا بورڈ پر لکھیں۔

10 منٹ • ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ وہ کتنی طرح کی چاٹ کے متعلق جانتے ہیں مثلاً (چھولوں کی چاٹ' پھلوں کی چاٹ' لوبیے کی چاٹ' آلو کی چاٹ)۔
بچوں سے کہیں کہ ہم کل کلاس میں چاٹ بنائیں گے۔ بچوں کو چار گروپ میں تقسیم کر دیں۔ گروپ A-B-C-D ۔ ان سے کہیں کہ گروپ A کے بچے گھر سے ایک ایک امرود لے کر آئیں۔
گروپ B گھر سے ایک ایک کیلا لے کر آئے۔
گروپ C ایک ایک سیب یا انگور کا گچھا گھر سے لے کر آئے۔
گروپ D چار چار چمچے چینی اور ایک ایک چمچہ چاٹ مصالحہ گھر سے لے کر آئیں۔

ٹیچر بورڈ پر گروپ کے آگے چیزوں کے نام لکھ دیں اور بچوں سے کہیں کہ ہر گروپ ان چیزوں کے نام اپنی کوپی میں اتار لیں جو اس گروپ کو لانا ہیں۔
ٹیچر خود پیالہ، چمچے، اور چھری لائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لئے ایک ایک اور پیالہ یا پلیٹ چمچہ بھی لائیں۔

20 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیوں میں کوئی سے بھی چھ پھل بنائیں اور ان میں رنگ بھر کر نیچے اس پھل کا نام لکھیں۔

## سیشن 3

20 منٹ
- ٹیچر بچوں کی لائی ہوئی اشیاء اپنی میز پر جمع کرلیں۔ بچوں کو اپنے گرد بلاکر باری باری ان کو وہ اشیاء دکھائیں۔ خیال رہے کہ اس موقع پر کلاس میں نظم وضبط رہے۔ اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی جگہ بیٹھ جائیں اور ٹیچر خود ان کے سامنے چاٹ بنانا شروع کریں۔ بچوں کو ٹائم نوٹ کر وائیں۔ ٹیچر اس بات کا خیال رکھیں کہ تمام کام مرحلہ وار کریں۔ یعنی سب سے پہلے پھل دھوئیں پھر کاٹیں، اس میں چینی ملائیں، چاٹ مصالحہ ملائیں، اس کو چمچے سے ملائیں۔ بچوں کو پھر ٹائم نوٹ کر وائیں۔

5 منٹ
- اب پیالے کو ایک طرف رکھ دیں اور بچوں سے زبانی سوالات کریں۔

(1) ٹیچر نے سب سے پہلے کون سا پھل کاٹا؟
(2) پہلے چینی ملائی یا چاٹ مصالحہ؟
(3) کس پھل کا چھلکا نہیں اتارا گیا؟
(4) چاٹ بنانے میں کتنا وقت لگا؟

10 منٹ
- اب بچوں کو ان کے پیالے میں چاٹ نکال کر دیں۔ جو بچے اپنے چمچے اور پیالے نہیں لائے ہیں ٹیچر ان کے لئے یہ مہیا کریں۔

10 منٹ
- ٹیچر مندرجہ ذیل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں اور گھر سے ان الفاظ کی توڑ لکھ کر لائیں۔
بیج، کھرپی، کھاد، چھری، پیالہ، مصالحہ، کھود، گڑھا، امرود، نیبو، گچھا، نچوڑ۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- کل کے لئے ٹیچر کلاس میں گملا، کھاد، اور ثابت دھنیے کا انتظام کریں۔

## سیشن 4

10 منٹ
- ٹیچر 8-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

30 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں جس طرح سبق میں چاٹ میں استعمال ہونے والے پھل اگائے گئے ہیں اسی طرح آج ہم ایک کھانے کی چیز بوئیں گے تا کہ آپ کی سمجھ میں یہ بات آسکے کہ چیزیں کیسے اگائی جاتی ہیں۔

اب ٹیچر ایک کاغذ میں دھنیئے کے دانے رکھ کر باری باری چار چار بچوں کو بلائیں اور ان کو دھنیئے کے دانے دکھائیں اور چھونے کی بھی اجازت دیں۔ اس طرح جب سب بچے دھنیا دیکھ اور چھو چکیں تو ساتھ رکھے گملے میں کسی نوکیلی چیز مثلاً پنسل کی مدد سے گدائی کریں جب گملے کی مٹی نرم ہو جائے تو دھنیے کے بیج مسل کر اس میں ڈال دیں۔ ٹیچر بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ دھنیا اگانے کیلیئے گڑھا کھودنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ اب گملے میں تھوڑا سا پانی چھڑک کر ایسی جگہ رکھ دیں جہاں سے دھوپ اور ہوا کا گزر ہو۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی میں دھنیا اگانے کی ترکیب لکھیں۔ اگر کام وقت کی کمی کے باعث مکمل نہ ہو سکے تو بچوں سے کہیں کہ وہ کام گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## سیشن 5

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ کل جو ہم نے دھنیئے کا پودا لگایا تھا اس کو پانی دینا بہت ضروری ہے۔ اگر ہم نے اس کو پانی نہ دیا تو آپ کو پتا ہے کیا ہو گا؟ کوئی بچہ یقیناً اس کا صحیح جواب دے گا۔ پھر ٹیچر کہیں کہ اس ڈر سے کہ کہیں پودا سوکھ نہ جائے ہم روزانہ اس کو تھوڑا تھوڑا پانی دیتے رہیں گے۔

اب ٹیچر گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر گملے میں ڈال دیں۔

20 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں آج ہم پھلوں اور سبزیوں کے نام پر بیت بازی کریں گے۔ مثال کے طور پر پہلے ٹیچر ایک لفظ کہیں "کیلا"۔ کیلا کا لفظ الف پر ختم ہوا ہے کلاس کا کوئی دوسرا بچہ الف سے شروع ہونے والے کسی دوسرے پھل یا کسی بھی کھانے کی چیز کا نام لیں۔ یہ بیت بازی جب تک جاری رکھیں جب تک بچے الفاظ بتاتے رہیں۔اگر کوئی بچہ کہیں نہ بتا سکے تو ٹیچر اس کی مدد ضرور کریں اور کھیل کے دوران یہ بھی بتاتی جائیں کہ کیا چیز پھل ہے کیا چیز سبزی۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ ایک پھل والے کی کہانی لکھیں۔ کہانی زیادہ سے زیادہ چھ سے آٹھ لائن کی ہو۔ مدد کے طور پر ٹیچر کہانی کی پہلی لائن بنا سکتی ہیں۔ (مثلاً صابر ایک پھل والا تھا)۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچے اپنی امی یا ابو کے ساتھ مل کر اپنی پسند کی کوئی چیز پکائیں اور اس کی ترکیب اپنی کوپی میں لکھیں۔ اس کام میں امی یا ابو بچے کی مدد کریں اور بعد میں کوپی میں اپنے دستخط بھی کریں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- اب ٹیچر 8-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں۔ اس دوران کوشش کریں کہ ان بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں جو اردو پڑھنے میں کمزور ہیں یا کلاس میں پڑھنے میں جھجھک محسوس کرتے ہیں۔

5 منٹ
- دھنیے کے پودے کو لاکر میز پر رکھیں۔ اس میں باریک باریک دو چار پتے نکل آئے ہوں گے۔ ٹیچر بچوں کو دکھائیں۔ یہ دھنیے کے پودے کی پہلی شکل ہے۔ یہ بڑا ہوکر عام دھنیے کا پودا بن جائے گا۔

10 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کے بارے میں گفتگو کریں اور گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔ ٹیچر دو چار بچوں کی کوپی دیکھ کر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ اگر کوئی بچہ کوئی مختلف ترکیب لکھ کر لایا ہو تو وہ بھی بات چیت میں شامل کرلیں۔ اور بچے سے پوچھیں کہ انہیں یہ کھانا کیوں پسند یا ناپسند ہے۔

15 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر دائیں طرف واحد لکھیں اور بچوں سے پوچھ کر بائیں طرف ان الفاظ کی جمع لکھیں۔ مثلاً

| جمع | واحد |
| --- | --- |
| کیلے | کیلا |
| گچھے | گچھا |
| پیالے | پیالہ |
| پودے | پودا |
| پھل | پھل |

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچے کوئی بھی پانچ ''ھ'' والے الفاظ تلاش کر کے اپنی کوپیوں میں لکھ کر لائیں۔

# شور شرابا

## سیشن 1

10 منٹ
- سبق شروع کرنے سے پہلے ٹیچر بچوں سے بات چیت کریں کہ ان کو سب سے زیادہ مزہ کب آتا ہے۔ مختلف بچے مختلف جواب دیں گے۔مثلاً خالہ کے گھر' چھٹی کے دن' جب ابو گھمانے لے جاتے ہیں' ماموں کی شادی پر' پکنک پر' دوستوں کے ساتھ۔

بات چیت کے درمیان ٹیچر کلاس میں نظم وضبط کا خیال رکھیں اور گفتگو کو ایسے پیرائے میں لے آئیں جہاں بچے اپنے دوستوں کے ساتھ لطف اندوز ہونے کا ذکر بھی کریں۔

اس سبق میں بھی سب دوست ایک ساتھ جمع ہیں اور جی بھر کر لطف اندوز ہو رہے ہیں۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کچھ بچے بتائیں کہ کیا وہ کبھی اپنے رشتہ داروں کے بچوں یا اپنی سہیلیوں' دوستوں کے گھر ٹھہرنے جاتے ہیں۔ کچھ بچے ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان سے باری باری دو ایک سوال پوچھیں۔ مثلاً

کس موقع پر گئے تھے؟

کیا کسی دوسرے شہر گئے تھے یا اسی شہر میں؟

کتنے دن ٹھہرے تھے؟

15 منٹ
- اب ٹیچر سبق کی پڑھائی الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ کریں۔ پڑھائی کرنے کے بعد مشکل الفاظ کے معنی بھی سمجھائیں۔ اس کے بعد7-6 بچوں سے کم از کم چھ چھ لائنیں پڑھوائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں دشواری پیش آئے وہاں ان الفاظ کی ہجے کرکے الفاظ کی توڑ بورڈ پر لکھیں۔

جن مشکل الفاظ کی توڑ ٹیچر نے بورڈ پر لکھی ہے بچوں سے باری باری ان الفاظ کی جوڑ پوچھیں اور توڑ کے آگے لکھتی جائیں۔ بچے وہ الفاظ یعنی ان کی توڑ اور جوڑ اپنی کوپی میں اتاریں۔

15 منٹ
- ٹیچر مندرجہ ذیل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ ان الفاظ کا انگریزی ترجمہ بتائیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| کرسی | chair | صبح | morning |
| رات | night | دوست | friend |
| بچے | children | ہاتھ | hand |
| کپڑے | clothes | گھر | house |
| کمبل | blanket | بستر | bed |

## گھر کا کام

5 منٹ
- مندرجہ بالا الفاظ میں سے کسی بھی پانچ الفاظ کے جملے بنا کر لائیں۔ یہ گھر کا کام بچے کوپی میں نوٹ کریں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- ٹیچر آج سابقہ طریقہ کے مطابق 7-6 بچوں سے چھ چھ لائن سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ 5 منٹ تک خاموشی سے سبق پڑھیں۔ خیال رہے اس درمیان کلاس میں بالکل شور نہ ہو۔

  ان پانچ منٹوں میں ٹیچر مندرجہ ذیل پانچ سوالات بورڈ پر لکھ دیں۔

  (1) گھر میں کیا ہو رہا تھا؟

  (2) بچے سونے کب گئے؟

  (3) امی کو کیا چاہئے تھا اور کیوں؟

  (4) آپ کے خیال میں کتنے بچے آئے ہوئے تھے؟

  (5) سب کس کس طرح سو رہے تھے؟

10 منٹ
- بچے ان سوالات کے باری باری جواب دیں۔ اگر کوئی بچہ صحیح جواب نہ دے پائے تو ٹیچر دوسرے بچے سے وہی سوال کریں۔

15 منٹ
- اس کے علاوہ مندرجہ ذیل سوالات بھی زبانی پوچھیں۔ انہیں بورڈ پر نہ لکھیں۔ اس طرح بچوں کو سبق

مکمل طور پر سمجھ میں آجائے گا۔سوال جواب اور گفتگو کے دوران کلاس میں شور نہ ہو تا کہ بچوں کو discipline سے کام کرنے کی عادت پڑے۔

**سوالات**

بچے ایک دوسرے کو کس طرح ڈرا رہے تھے؟
کس بات پر ہنس رہے تھے؟
ہاتھ سے کیا چھوٹا اور کیا اُلٹا؟
گلاس میں کیا چیز تھی؟
آپ کے خیال میں سبق شور شرابا کے پہلے حصے میں کون سا وقت ہے؟
صبح کو بچوں کو کیا کیا چاہئے تھا؟
سونے کے بعد کیا ہوا؟
کیا سب سونے کے لئے اپنا اپنا بستر لائے تھے؟
گھر میں دوبارہ شور کب شروع ہوا؟

## گھر کا کام

5 منٹ
- شروع میں لکھے گئے پانچ سوالات بچے بورڈ سے اتاریں۔ ان کے جوابات گھر سے لکھ کر لائیں۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- پہلے گھر کا کام جمع کرلیں۔

5-6 بچوں سے باری باری سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ سبق پڑھنے میں کہیں دشواری ہو تو سابقہ طریقہ کے مطابق ٹیچر ان کی مدد کریں۔ یعنی مشکل الفاظ کو توڑ کر بورڈ پر لکھ دیں۔ بعد میں بچوں سے پوچھ کر ان کی جوڑ لکھیں۔

15 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ شور شرابا ایک مرکب لفظ ہے۔ کیا بچے اس طرح کے کچھ اور مرکب الفاظ بتا سکتے

ہیں۔ (شوروغل۔ دھوم دھام۔ اونچ نیچ۔ آگے پیچھے۔ چپ چاپ وغیرہ)۔ زبانی بات چیت کے بعد بچے کوپی میں آٹھ مرکب الفاظ لکھیں۔

بچے جب الفاظ مکمل کرلیں تو باری باری چند بچوں کو بورڈ کے پاس بلائیں اور ان سے کہیں کہ وہ بورڈ پر بھی لکھ کر بتائیں۔ اس طرح سے بچوں میں خود اعتمادی پیدا ہو گی اور ان کو اردو کے الفاظ لکھنے کی پریکٹس (practice) بھی ہو جائے گی۔

15 منٹ

- ان الفاظ کے کوپی میں جملے بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- جو جملے مکمل نہ ہوں وہ بچے گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 4

45 منٹ

- آج ٹیچر بچوں کو زمین پر 8-6 کے گروپ میں بانٹ کر بٹھا دیں۔ بچے زمین پر گروپ بنا کر بیٹھیں۔ ٹیچر کہیں کہ آج ہم سبق شور شرابا کا ڈرامہ تشکیل دیں گے۔ ہر گروپ کسی کاغذ پر دو دو ڈائیلاگ لکھے گا۔

پہلا گروپ بھوت کے ڈائیلاگ لکھے۔

اور ایک لطیفہ لکھے۔

دوسرا گروپ بسکٹ کی پلیٹ گر جانے پر کیا کہا گیا اور شربت کا گلاس الٹنے پر کیا کہا گیا۔ (اس قسم کے موقع پر کوئی معذرت کا جملہ بھی لکھا جا سکتا ہے۔)

تیسرا گروپ سالن، روٹی، پیاز اور مرچ لگنے کے حوالے سے چار مکالمے لکھے۔

چوتھا گروپ کپڑے بدلنے، جوتے رکھنے، ٹی وی پر پسندیدہ پروگرام دیکھنے کے حوالے سے چار مکالمے لکھے۔مثلاً (میں تو کارٹون دیکھوں گا۔ دیکھو میرے کپڑے کتنے اچھے ہیں) وغیرہ۔

پانچواں گروپ کسی ایسے گانے کا پہلا بند لکھے جو ڈھولک پر گایا جا سکتا ہو۔

چھٹا گروپ صبح کے وقت ناشتہ کے متعلق مکالمے لکھے۔

ساتواں گروپ اور آٹھواں گروپ امی کے وہ مکالمے لکھے جب

بسکٹ کی پلیٹ گری۔
شربت کا گلاس الٹا۔
سالن اور روٹی مانگا۔

اور آخر میں گھر میں ہونے والے شور پر امی نے کیا کہا۔
یہ کام کر واتے وقت بچوں کو فرش پر بٹھائیں اور نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں۔ ٹیچر مستقل بچوں کے ساتھ رہیں اور بچوں کی مدد کریں تا کہ اگلے سیشن میں اسی موضوع پر ڈرامہ کیا جا سکے۔
ہر گروپ سے ضرورت کے مطابق اداکار چن لیں۔ بچوں سے کہیں وہ کل ان مکالموں کی مدد سے شور شرابا کا ڈرامہ کلاس میں کریں گے۔ بچوں کی دلچسپی کے لئے ٹیچر خود بھی ایک بچے کا رول ادا کریں۔ اور امی کا کردار کسی بچے سے کر وائیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- اگر یہ ڈرامہ کرنا ممکن نہ ہو تو اگلے سیشن میں ٹیچر بورڈ پر 20 الفاظ لکھیں۔ پھر بچوں سے پوچھ کر اس کی انگریزی لکھیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ ہر لفظ سے دلچسپ جملے بنائیں۔ اگر وقت بچ جائے تو چند بچوں کے بنائے ہوئے جملے ان ہی کی زبانی سنیں۔ بچوں سے کہیں وہ گھر پر اپنے والدین یا بڑے بھائی بہن سے اپنے بنائے ہوئے جملوں کی تصحیح کر وائیں۔

## سیشن 5

- آج بچوں سے سبق شور شرابا کا ڈرامہ کر وائیں۔ 15 سے 16 بچے اداکاری کریں گے۔ ٹیچر بھی اداکاروں میں شامل ہوں گی۔ بچے پرنسپل اور ممکن ہو تو ایک دوسری کلاس کو بھی مدعو کریں تا کہ سب مل کر ڈرامہ دیکھیں۔ — 40 منٹ

ڈرامے کے بعد پرنسپل بچوں کی تعریف کریں اس طرح ان کی حوصلہ افزائی ہو گی۔

## گھر کا کام

- سبق کی پہلی بارہ لائنوں میں سے املے کی تیاری کر کے آئیں۔ ٹیچر یہ ہدایات بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اس کو اپنی کوپی میں اتار لیں۔ — 5 منٹ

## سیشن 6

15 منٹ
- آج ٹیچر مکمل سبق کی پڑھائی ایک مرتبہ خود کریں۔ اس کے بعد ان بچوں سے پڑھائی کر وائیں جنہوں نے اَب تک پڑھائی نہیں کی۔

25 منٹ
- ٹیچر 20 الفاظ کا املا کر وائیں جن میں کچھ الفاظ آسان اور کچھ مشکل ہوں۔ املا ختم ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپی اپنے ساتھیوں سے تبدیل کر لیں۔ اس کے بعد ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ اور بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کی کوپیاں check کریں ' 20 میں سے نمبر دیں۔ اور ہر غلطی پر ایک نمبر کاٹیں۔ جن بچوں نے زیادہ نمبر حاصل کئے ہیں ان کو شاباشی دیں۔

### گھر کا کام

5 منٹ
- ٹیچر کوپیاں جمع کریں اور گھر لے جاکر املے کو دوبارہ check کرلیں۔

بچے کسی ایسی تقریب کی تصویر لائیں جس میں انہوں نے خود شرکت کی ہو۔ ٹیچر یہ ہدایت بورڈ پر لکھ دیں اور بچے یہ ہدایت کوپی میں اتار لیں۔

## سیشن 7

45 منٹ
- آج ٹیچر بچوں کی لائی ہوئی تصاویر کے حوالے سے مضمون لکھوائیں جس کا عنوان ہو گا۔
''مجھے بہت مزا آیا''

### عمومی ہدایات

- ٹیچر مضمون لکھوانے سے پہلے بچوں سے گفتگو کریں کہ ہر بچے کو سب سے زیادہ مزہ کب آیا؟ . . . . انہوں نے کیا کیا؟ . . . . . . . . کیا پہنا؟ . . . . . . . . . کیا کھایا؟ . . . . . . کون کون آیا؟ . . . . دوستوں کے ساتھ کیا کیا کھیلا . . . . . . . . اس دن کا کوئی دلچسپ واقعہ بھی لکھیں؟

# ہڈیاں

## سیشن 1

5 منٹ

- ٹیچر کلاس میں آ کر بچوں کو بتائیں کہ آج ہم ہڈیوں کے بارے میں ایک سبق پڑھیں گے۔ مگر اس سبق کو پڑھنے سے پہلے کیا آپ لوگ بتا سکتے ہیں کہ ہمارے جسم میں ہڈیاں کہاں کہاں ہیں۔ مختلف بچے مختلف جواب دیں گے۔

ٹیچر بتائیں کہ ہمارے پورے جسم میں ہڈیاں ایک دوسرے سے جڑی ہوتی ہیں۔ جسے ہم ڈھانچہ یا skeleton کہتے ہیں۔ اس ڈھانچے کی وجہ سے ہم چلنے پھرنے اور اٹھنے بیٹھنے اور مختلف کام کرنے کے قابل ہوتے ہیں۔

بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ کتاب شرارت کا مطلوبہ صفحہ کھولیں۔

تصویر میں بچوں کو ڈھانچہ یا skeleton دکھائیں۔

بچے ایک دو منٹ تک خاموشی سے تصویروں کو دیکھیں۔

ٹیچر اس دوران سوال کریں کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ ایک چھوٹے سے بچے کے جسم میں زیادہ ہڈیاں ہوتیں ہیں یا ہمارے جسم میں۔ (ہو سکتا ہے کہ بچے جواب دیں کہ ہمارے جسم میں)۔

ٹیچر کہیں کہ اب ہم سبق پڑھیں گے تاکہ یہ بھی معلوم کر سکیں کہ کس کے جسم میں ہڈیاں زیادہ ہیں۔

10 منٹ

- ٹیچر سبق کی پڑھائی کریں۔ پہلے حصے کی پڑھائی کے بعد بچوں کو بتائیں کہ جب ہم پیدا ہوتے ہیں تو ہمارے جسم میں 350 ہڈیاں ہوتی ہیں مگر ہماری عمر کے ساتھ ساتھ یہ بھی بڑی ہوتی جاتی ہیں۔ کچھ ہڈیاں آپس میں جڑ کر بڑی ہڈیاں بن جاتی ہیں۔

دوسرے حصے کو پڑھ کر بتائیں کہ اگر ہمارے جسم میں ہڈیاں نہ ہوں تو ہمارا جسم سیدھا نہیں ہو سکتا۔ نہ ہم چل پھر سکتے ہیں۔ نہ ہی ہمارے چہرے کی صورت واضح ہو سکتی ہے۔

اس وقت ٹیچر بچوں کو ناک کی ہڈی کے بارے میں بھی بتا سکتی ہیں کہ یہ ایک باریک ہڈی ہوتی ہے جو نہایت نرم ہوتی ہے۔

تیسرے حصے کو پڑھنے کے بعد ٹیچر ساتھ ساتھ وضاحت کرتی جائیں کہ ہماری ہڈیاں ہمارے جسم کے

نرم ونازک حصوں کو چوٹ لگنے سے بچاتی ہیں۔
آخری یا چوتھے حصے کی پڑھائی کے بعد پھر یہی بات بتائیں کہ چھوٹے بچے جب پیدا ہوتے ہیں تو ان کے سر کی مختلف ہڈیاں یا ان کی کھوپڑی کی ہڈیاں آپس میں جڑی نہیں ہوتی ہیں۔ اس لئے چھوٹے بچوں کے سر کے اوپر کا حصہ جسے تالو بھی کہا جاتا ہے نرم ہوتا ہے۔ اسے دبانا نہیں چاہیئے۔
عمر کے ساتھ ساتھ کھوپڑی کی ہڈیاں آپس میں جڑ کر سخت ہوتی جاتی ہیں۔
بچوں سے کہیں اپنے سر کو ہاتھ لگائیں اور بتائیں کہ سخت ہے یا نرم۔

25 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی کوپیوں میں ایک ڈھانچہ بنائیں اور مختلف ہڈیوں کے نام label کریں۔

بچے جب ڈرائنگ کریں تو ٹیچر ساتھ ساتھ بتائیں کہ ہمارے دانت اور ناخن بھی ہڈیوں ہی کی نسل سے ہیں۔ جب تک دانت اور ناخن ہمارے جسم کا حصہ رہتے ہیں وہ بڑھتے رہتے ہیں۔ صحت مند دانت اور ناخن اچھی غذا اور اچھی صحت کی نشاندہی کرتے ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اگر وہ گھر سے کوئی پرانا ایکس رے لا سکیں تو کل ہم کلاس میں دیکھیں گے کہ ہمارے جسم کے اندر ہڈیوں کو ڈاکٹر کس طرح دیکھتے ہیں۔ (ٹیچر خود بھی اگر کوئی پرانا ایکسرے حاصل کرسکیں تو اگلے دن کلاس میں لے جائیں)۔ ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج ٹیچر مختلف ایکسرے جو بچے یا وہ خود لائی ہوں ان کو کلاس میں لائٹ جلاکر یا ایکسرے کو سورج کی طرف رخ کرکے دکھائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ایکسرے ایک خاص قسم کے کیمرے سے لئے جاتے ہیں جو نرم حصوں کی تصویر کے بجائے صرف جسم کے اندر کے سخت اعضاء کی تصاویر لیتے ہیں۔ (ٹیچر بچوں سے ایکسرے کے بارے میں سوالات بھی کریں)۔ مثلاً

کیا انہوں نے کبھی ایکسرے کروایا ہے؟
انہوں نے ایکسرے کیوں کرایا؟

10 منٹ • اب ٹیچر 6-5 بچوں سے باری باری پڑھائی کر وائیں۔

15 منٹ • مندرجہ ذیل الفاظ بورڈ کے دائیں طرف لکھیں اور ان کے انگریزی معنی بائیں طرف لکھیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ اسے اپنی کوپی میں اتاریں۔

| الفاظ | انگریزی ترجمہ |
|---|---|
| ہڈی | bone |
| جسم | body |
| ڈھانچہ | skeleton |
| کھوپڑی | skull |
| دل | heart |
| دماغ | brain |
| پھیپھڑا | lung |
| گردہ | kidney |
| پسلیاں | ribs |
| گھٹنے | knees |

10 منٹ • اب مندرجہ ذیل سوالات بورڈ پر لکھ دیں۔

ایک آدمی کے جسم میں کتنی ہڈیاں ہوتی ہیں؟

ہڈیاں ہمارے جسم کے کن خاص اعضاء کی حفاظت کرتی ہیں؟

(دل، دماغ، گردہ، پھیپھڑا وغیرہ)۔

ہڈیاں کون سی خاص غذا کھانے سے مضبوط ہوتی ہیں؟

بچوں سے ان سوالات کے زبانی جوابات پوچھیں؟

جواب نمبر 1 350 ہڈیاں۔

جواب نمبر 2 ہڈیاں ہمارے جسم کے تمام نرم اعضاء کی حفاظت کرتی ہیں۔

دل، پھیپھڑے، گردے اور مغز ہڈیوں کی وجہ سے چوٹ سے محفوظ رہتے ہیں۔

جواب نمبر 3　ہڈیوں کے لئے ہمیں ایسی غذا کھانی چاہئے جس میں بہت سارا کیلشیم موجود ہو۔ (مثلاً دودھ، اور تمام دودھ سے بنی ہوئی اشیاء)۔

## گھر کا کام

- ٹیچر تینوں سوالات پر زبانی بات چیت کریں اور بچوں سے کہیں کہ جوابات گھر سے لکھ کر آئیں۔

## نوٹ

- ٹیچر کلاس میں ایک تھیلی گوندھی ہوئی مٹی لے کر آئیں۔

## سیشن 3

5 منٹ
- ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔

20 منٹ
- اب پوری کلاس کے 4 گروپس (groups) بنا لیں۔ چاروں گروپس کو ایک ایک پیالے میں تھوڑی تھوڑی گوندھی ہوئی مٹی دیں اور انہیں کہیں کہ وہ کوئی ہڈی بنائیں۔ اب بچوں کو کہیں کہ اپنی بنائی ہوئی یہ "ہڈیاں" سوکھنے کے لئے رکھ دیں۔

10 منٹ
- بچے کوپیوں میں اپنی ہتھیلی کی آؤٹ لائن بنائیں۔ اس میں رنگین پنسل کی مدد سے ہڈیاں بنائیں۔
ٹیچر اس دوران بچوں سے پوچھیں کہ
کیا آپ سب سمجھ گئے کہ ہمارے جسم میں ہڈیاں کیا کام کرتی ہیں؟
ایک سے دو بچوں کو اظہار خیال کرنے دیں۔
اب ٹیچر کہیں کہ ہم یہ تو سمجھ گئے ہیں کہ ہڈیاں ہمارے جسم کو ایک فریم (frame) دیتی ہیں۔ اگر ہڈی نہ ہو تو نہ ہمارا چہرہ ہو نہ ہم کھڑے رہنے کے قابل ہوں نہ ہی ہماری کسی بھی قسم کی ساخت ہو۔ ہم محض ایک تھیلے کی طرح نظر آئیں۔
مگر کیا آپ یہ بتا سکتے ہیں کہ ہماری ہڈیاں حرکت کیسے کرتی ہیں۔ آپ نے جو مٹی سے ہڈیاں بنائی ہیں ان کو اگر ہم موڑیں یا مختلف طرف حرکت کر دیں تو یہ ٹوٹ جائیں گی۔ ہماری ہڈیوں کے حرکت کا راز یہ ہے کہ ہماری ہڈیوں کے جوڑ پر ایک پانی جیسا (سیال) یا گودا ہوتا ہے جو کہ ہماری ہڈیوں

کو حرکت کرنے میں مدد کرتا ہے۔
اس وقت ٹیچر کسی دروازے کی مثال دیں کہ اگر دروازے کی چولوں میں تیل نہ ہو تو دروازہ چرچراہٹ کی آواز کے ساتھ کھلے گا اور بند ہو گا۔
اسی لئے بڑھاپے میں جب ہماری ہڈیوں کے جوڑوں کا نرم گودا سوکھنے لگتا ہے تو بوڑھے لوگوں کو اٹھنے بیٹھنے میں تکلیف ہونے لگتی ہے۔

## گھر کا کام

10 منٹ

- اپنے خاندان کے کسی ایسے فرد کا انٹرویو کرکے لائیں جن کی ہڈی ابھی یا پہلے کبھی ٹوٹی ہو۔
بچے سوالات کوپی میں لکھ لیں۔
کس طرح اور کہاں کی ہڈی ٹوٹی تھی؟
ڈاکٹر نے کس طرح علاج کیا؟
آپ کو ڈاکٹر نے کون سی غذا کھانے کو کہا تھا؟
اگر ہو سکے تو بچے انٹرویو والی شخصیت کی تصویر اور انٹرویو پر ان کے دستخط کروا کر لائیں۔

## سیشن 4

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں اور اس پر بات چیت کریں۔
جو بچے کام کرکے لائیں ہیں ان کے کام میں بھرپور دلچسپی کا مظاہرہ کریں۔ چند بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے لکھے انٹرویو سنائیں۔ جو بچے کام کرکے نہیں لائے ہیں ان سے بھی کہیں کہ وہ آئندہ کام کر کے لائیں۔

15 منٹ

- اب ٹیچر یہ سوالات بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اسے اپنی کوپی میں اتار لیں۔
ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ لوگ جب بوڑھے ہو جاتے ہیں تو وہ کچھ جھک کر کیوں چلتے ہیں؟
چھوٹے بچوں کی بھی ہڈیاں ہوتی ہیں۔ پھر وہ کھڑے کیوں نہیں ہو سکتے؟
بچے مختلف جوابات دیں گے۔ 4-5 بچوں کی بات سننے کے بعد ٹیچر بتائیں کہ بچوں کی ہڈیاں بے حد نرم ہوتی ہیں اس لئے وہ کھڑے ہونے' کوئی چیز پکڑنے یا اس قسم کے کام کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔

جبکہ بوڑھے لوگوں کی ہڈیاں عمر کے باعث کمزور ہو چکی ہوتی ہیں اس لئے ان کے کندھے جھک جاتے ہیں۔

اس لئے ہمیں ایسی غذا ضرور کھانا چاہئے جس میں کیلشیم ہو۔

کیلشیم خود بھی چونے کی طرح سفید ہوتا ہے اور ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ چھوٹے بچوں کو اسی لئے زیادہ سے زیادہ دودھ پلایا جاتا ہے۔


اب آپ یہ بتائیں کہ انسانی ہڈیوں کے بارے میں تو ہم سمجھ گئے ہیں مگر ہڈیاں تو اور جانداروں میں بھی ہوتی ہیں۔


مرغی کھاتے ہوئے آپ نے اکثر مرغی کی ہڈیاں چبائی ہوں گی یا مچھلی کھاتے ہوئے مچھلی کے کانٹے بھی منہ میں آئے ہوں گے یہ بھی تو مختلف ہڈیاں ہیں۔

بچوں کو یہ بھی بتائیں کہ جب عمارتیں بنائی جاتی ہیں تو ان کے اندر لوہے کا سریا ڈالا جاتا ہے۔ یہ لوہے کا سریا بلڈنگ کے لئے ایک طرح کی ہڈی ہوتی ہے جو اگر نہ ہو تو بلڈنگ گر جائے۔

20 منٹ

- اب ٹیچر بورڈ پر ایک کتے اور ایک چڑیا کی آؤٹ لائن (outline) بنائیں۔





## گھر کا کام

5 منٹ

- بچوں سے کہیں وہ بھی اسی طرح آؤٹ لائن اپنی کوپیوں میں بنائیں۔ پھر نیلی پنسل سے آؤٹ لائن کے اندر ان دو جانداروں کی ہڈیاں بنائیں اور سرخ پنسل سے ہڈیوں کے جوڑ بنائیں۔
  اگر کام ختم نہ ہو تو گھر سے ختم کر کے لائیں۔

## سیشن 5

| | |
|---|---|
| 5 منٹ | • ٹیچر بچوں کی گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔ |
| 10 منٹ | • چند بچوں سے باری باری سابقہ طریقہ سے پڑھائی کر وائیں اور جو لفظ وہ نہ پڑھ پائیں وہ بورڈ پر لکھیں۔ |
| 5 منٹ | • تمام بچے اپنی اپنی جگہ پر کھڑے ہو جائیں اور ہاتھ پیر سر کمر گردن کو ہلاکر اور گھما کر ورزش کریں۔ |
| 25 منٹ | • اب بچے اپنی تصویر بنائیں اور سرخ پنسل کی مدد سے نشان لگائیں کہ ان کے جسم میں ہڈیوں میں کون کون سے مختلف جوڑ ہیں۔<br>گردن بازو کندھے کہنی کولہے ٹخنے<br>ٹیچر مختلف جوڑوں کے نام بورڈ پر لکھتی جائیں جو بچے کوپیوں میں اتاریں۔ |

# ہم نہ کھائیں

## سیشن 1

10 منٹ

- سب سے پہلے ٹیچر کلاس میں جا کر کہیں کہ آج ہم کھانے پینے کی چیزوں کے بارے میں بات کریں گے۔

بچوں سے پوچھیں کہ رات آپ کے گھر کیا پکا تھا۔

مختلف بچے مختلف جواب دیں گے۔

ٹیچر سبزیوں کے بارے میں پوچھیں کہ کون کون بچے سبزیاں شوق سے کھاتے ہیں۔

اب ٹیچر بتائیں کہ نظم میں جن بچوں کا ذکر ہے انہیں دو سبزیاں بالکل پسند نہیں۔ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ وہ کون سی دو سبزیاں ہیں۔ بچے مختلف جواب دیں گے۔

چند بچوں کے جوابات سننے کے بعد کتابیں کھلوائیں ٹیچر نظم پڑھیں۔ پہلے پوری نظم ایک ساتھ ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ پھر دوسری مرتبہ مشکل الفاظ کے معنی سمجھائیں۔

10 منٹ

- اب ٹیچر کلاس کو دو گروپس (groups) میں بانٹ دیں۔

پہلا گروپ بچوں کی لائنیں پڑھیں مثلاً

شلجم گوبھی ہم نہ کھائیں
چاہے بھوکے ہی رہ جائیں

دوسرا گروپ

کھا کر دیکھو چکھ کر دیکھو
ہری پلیٹ میں رکھ کر دیکھو

بچے اس طرح کورس میں پڑھنے میں دلچسپی لیں گے۔ ٹیچر چاہیں تو پھر پہلے گروپ سے امی ابو کی لائنیں پڑھوا لیں اور دوسرے گروپ سے بچوں کی لائنیں۔ اس طرح کھیل کھیل میں بچے پڑھائی کر لیں گے۔

25 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ سبزیاں کیسے اگتی ہیں۔

کچھ سبزیاں زمین کے اوپر اگتی ہیں اور کچھ سبزیاں زمین کے نیچے اگتی ہیں۔

- دو کالم بنائیں اور ٹیچر لکھیں۔ زمین کے اوپر اگنے والی سبزیاں' زمین کے نیچے اگنے والی سبزیاں

| زمین پر اگنے والی سبزیاں | | زمین کے نیچے اگنے والی سبزیاں | |
|---|---|---|---|
| پالک | spinach | شلجم | turnip |
| گوبھی | cabbage | گاجر | carrot |
| بھنڈی | okra | مولی | radish |
| بینگن | brinjal | پیاز | onion |
| ٹماٹر | tomato | آلو | potato |

## گھر کا کام

- ٹیچر اب بچوں سے کہیں کہ گھر میں رات کو جو بھی سبزی پکی ہو کل لنچ بکس میں لے کر آئیں۔ ہم سب مل کر کلاس میں پکنک کریں گے۔ اپنی امی سے اس کی ترکیب پوچھ کر اور لکھ کر لائیں۔ اس پر ان کے دستخط کر وائیں۔

## سیشن 2

### نوٹ

- ٹیچر لنچ بریک میں ہر بچے کے لنچ بکس میں لائی ہوئی سبزیاں نہ صرف چکھیں بلکہ ان کے ساتھ کھانے میں بھی شریک ہوں۔

- ٹیچر بچوں کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔ 5 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں کہ کل ہم نے سبزیوں کے بارے میں نظم پڑھی تھی اور تمام بات چیت سبزیوں سے متعلق کی تھی۔ آج پہلے آپ یہ بتائیں کہ ہم کون کون سی غذا کھاتے ہیں۔ 10 منٹ
بچے مختلف جوابات دیں گے۔ ٹیچر چند جوابات سنیں۔ پھر بچوں کو بتائیں کہ جیسا آپ بتا رہے ہیں اس حساب سے ہماری تمام تر کھانے کی چیزیں گروپ میں بنائی جا سکتی ہیں۔

اناج ، روٹی ، ڈبل روٹی وغیرہ۔

دالیں، چھولے، لوبیا وغیرہ۔

پھل سبزی، آلو، پیاز، سیب، کیلے، ٹماٹر وغیرہ۔

انڈے، گوشت، چکن، چکن تکہ، کباب، برگر۔

دودھ یا اس سے بننے والی تمام چیزیں . . . آئس کریم، کھیر، مٹھائی وغیرہ۔

25 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اپنے پسندیدہ کھانے کے بارے میں پانچ جملے لکھیں اور اس کی تصویر بھی بنائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • اپنی گھر کے کام کی کوپی میں کالم بنائیں اور کوئی بھی پانچ جانوروں کے نام اور ان کی خوراک کا نام لکھ کر لائیں۔ مثلاً

| جانور | خوراک |
|---|---|
| بندر | کیلا |

ٹیچر ہدایات بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 3

10 منٹ • نظم کی پڑھائی کریں۔

35 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ خاموشی سے پانچ منٹ تک نظم پڑھیں اور ان میں سے ہم آواز الفاظ نکال کر کوپی میں لکھیں۔ کھائیں، جائیں، ملائیں، پکائیں۔

مندرجہ بالا الفاظ کی طرح سے ہم آواز الفاظ سوچ کر اس فہرست میں ملائیں اور اپنی اپنی ایک نظم بنائیں۔

ٹیچر ان الفاظ کے علاوہ مندرجہ ذیل الفاظ بھی بورڈ پر لکھ سکتی ہیں۔ مثلاً چلائیں، کرائیں، گائیں، بجائیں، سکھائیں، اڑائیں۔

جب نظم مکمل کرلیں تو سب بچے باری باری اپنی نظم پڑھ کر سنائیں۔ ٹیچر بھی ایک نظم ترتیب دے دیں جو اس طرح کی ہو سکتی ہے۔

# نظم

صبح صبح اسکول آئیں
پڑھ پڑھ کر ہم تھک جائیں

واپس پھر ہم گھر کو جائیں
پانی پئیں اور کھانا کھائیں

سب گھر والے آئیں جائیں
ہم بس بیٹھے پڑھتے جائیں

کھیلنے کو پھر باہر جائیں
خوش ہو جائیں خوش ہو جائیں

# گھونگھا

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- یہ سبق کیونکہ سائنس کے حوالے سے ہے اس لئے اس کو پڑھانے سے پہلے ٹیچر خود اس سبق کی اچھی طرح پڑھائی کریں اور اس گائیڈ کو بھی اچھی طرح سمجھ لیں۔ اور اگر ممکن ہو تو گھونگھے پر تھوڑی ریسرچ بھی کرلیں تاکہ بچوں کو اس کے متعلق دلچسپ معلومات دے سکیں۔ اس طرح سے بچوں کو سمجھانا بھی آسان ہو جائے گا۔

## سیشن 1

- سبق شروع کرنے سے پہلے گھونگھے کی ایک تصویر بورڈ پر لگا دیں۔ اگر ممکن نہ ہو تو بچوں سے کہیں کہ سبق گھونگھا کھول کر گھونگھے کی تصویر دیکھیں۔ اس کے بعد ہم اس کے متعلق باتیں کریں گے۔ 10 منٹ

ان سے پوچھیں کیا آپ میں سے کسی نے گھونگھا اصل میں دیکھا ہے۔ دو چار بچوں کے جواب غور سے سنیں۔ ہو سکتا ہے کوئی بچہ گھونگھا پہلے دیکھ چکا ہو۔

اس سے گھونگھے کے سائز اور رنگ کے بارے میں پوچھیں اور یہ بھی پوچھیں کہ اس نے گھونگھا کہاں دیکھا تھا۔

بچوں کے جواب سننے کے بعد ان سے کہیں کہ آج ہم بھی آپ کو گھونگھے کے بارے میں کچھ باتیں بتائیں گے۔

پھر انہیں بتائیں کہ مختلف جانوروں کی مختلف شکلیں ہوتی ہیں جیسے سانپ چھوٹے بڑے چوڑے پتلے یا مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔

بکرے میدانوں میں مختلف شکل کے ہوتے ہیں اور اور پہاڑوں میں مختلف شکل کے اور ان کے سینگ بھی طرح طرح کے ہوتے ہیں۔ اسی طرح گھونگھے دنیا کے مختلف حصوں میں دو تین شکلوں اور سائز کے پائے جاتے ہیں۔

کچھ گھونگھے پتے کھاتے ہیں۔

دنیا کے ایک حصے میں ایسے گھونگھے بھی ہیں جو کیڑے مکوڑے بھی کھاتے ہیں۔
یہ نرم جسم کا جانور ہوتا ہے۔ اس کے اندر کسی بھی قسم کی ہڈی نہیں ہوتی ہے۔ ہاں اوپر ایک سخت خول ہوتا ہے جس میں سے یہ اپنے جسم کو باہر کی طرف نکال کر گھسیٹ کر چلتا ہے۔
بچوں سے پوچھیں آپ کے خیال میں یہ سخت خول کے اندر کیوں رہتا ہے۔ کچھ بچے شاید جواب دیں۔ پھر انہیں بتائیں کہ یہ خول کے اندر اپنی حفاظت کے لئے رہتا ہے۔
ایک طرح سے یہ اپنا گھر ساتھ لے کر گھومتا ہے۔

10 منٹ

- مندرجہ بالا بات چیت کے بعد ٹیچر سبق کو بلند آواز سے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں۔ سبق میں سے مشکل الفاظ بڑے حروف میں بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے مشکل الفاظ اپنی اپنی کاپیوں میں اتاریں۔

20 منٹ

- اب کلاس میں سے 5-6 بچوں سے باری باری سبق پڑھوائیں۔ شروع میں ان بچوں سے جو روانی سے پڑھتے ہیں اس کے بعد ان بچوں سے بھی جن کی پڑھائی نسبتاً کمزور ہے۔
ہر بچے کی پڑھائی کے بعد ٹیچر گھونگھے کے متعلق ایک دلچسپ معلومات دیتی جائیں۔ مثلاً :
گھونگھا بہت چھوٹا یعنی ایک سینٹی میٹر کا بھی ہو سکتا ہے اور آٹھ انچ کا بھی ہو سکتا ہے۔ ایک بچے سے کہیں بورڈ پر آ کر ایک سینٹی میٹر کی اسکیل (scale) کی مدد سے لائن بنائیں۔
پھر دوسرے بچے سے آٹھ انچ کی لائن بنوائیں۔ اسی طرح دونوں سائز کا فرق سمجھائیں۔
اس کے پاؤں کے نیچے ایک تھیلی کی شکل کا gland یا غدود ہوتا ہے جس میں سے ایک چِپچِپی سی چیز نکلتی ہے۔ جس کی مدد سے وہ پھسل کر چلتا ہے۔ دو بچوں کو سامنے بلا کر کہیں کہ وہ لیٹ کر پھسل پھسل کر چل کر دکھائیں۔
انہیں بتائیں کہ اگر ہم پانی فرش پر پھینک دیں اور اس پر دوڑیں تب بھی پھسل سکتے ہیں۔
روپہلی لکیر کا مطلب سمجھائیں کہ چاندی کے رنگ کی لکیر کو روپہلی لکیر کہتے ہیں۔
کیا کوئی بچہ بتا سکتا ہے کہ گھونگھے کو اندھیری جگہ پر رہنا کیوں اچھا لگتا ہے۔ شاید بچے نہ بتا پائیں تو انہیں بتائیں کیونکہ اس کے اوپر دھوپ سے بچنے کی کوئی چیز نہیں ہوتی ہے اس لئے سورج کی شعاع پڑنے سے وہ سوکھ کر مر سکتا ہے۔
کیا بچے اور ایسے جانوروں کے نام بتا سکتے ہیں جو اندھیرے میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ (چمگادڑ، مچھر، کاکروچ)

## گھر کا کام

5 منٹ • سبق کی پڑھائی کے بعد بچوں سے کہیں کہ گھر میں کسی بڑے سے جا کر ذکر کریں کہ آج آپ نے گھونگھے کے متعلق پڑھا تھا۔ اگر وہ بھی آپ کو اس کے متعلق کوئی اور معلومات دے سکیں تو لے کر آئیں۔
ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

5 منٹ • پہلے بچوں کی لائی ہوئی معلومات پر بات چیت کریں۔ اگر کوئی بچہ گھر سے گھونگھے کے متعلق پتہ کر کے آیا ہے تو اس کی بات سنیں اور کہیں کہ یہ معلومات ہم کسی اور کتاب میں بھی تلاش کریں گے۔ تاکہ ان کی معلومات کی تصدیق ہو سکے۔ بچوں کو بتائیں کہ ایسے عمل کو ریسرچ کرنا کہتے ہیں۔

10 منٹ • اب 6-5 بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔

30 منٹ • بچوں سے کہیں کہ چیل کوے اور لومڑیاں گھونگھوں کو شوق سے کھاتے ہیں۔ آپ یہ بتائیں کہ آپ لوگ کیا شوق سے کھاتے ہیں۔
بچے اپنی اپنی کوپیاں کھولیں۔
ٹیچر اپنے دائیں طرف کے بچے سے پوچھنا شروع کریں۔ بچے اپنی پسند کی چیز کا نام بتاتے جائیں ٹیچر اس چیز اور بچے کا نام بورڈ پر لکھیں۔ باقی بچے یہ دونوں نام اپنی کوپی میں لکھیں۔

آئسکریم حنا

کباب عدنان

اگر کوئی بچے اپنی پسند کی ایک ہی چیز بتائیں تو بورڈ پر بار بار لکھنے کے بجائے اس چیز کے آگے ایک نام اور بڑھا دیں۔ اس طرح بچے کوپی میں بھی کریں۔ مثلاً

آئس کریم حنا، کامل، سارہ، عالیہ

## سیشن 3

10 منٹ • 8-6 بچوں سے پڑھائی کر وائیں۔ آج پہلے ایک بچے کا نام لیں جب وہ پڑھ چکے تو اگلے بچے کا

نام پڑھائی کے لئے دے۔ خیال رہے آج وہ بچے پڑھیں جنہوں نے پہلے پڑھائی نہیں کی ہے۔

35 منٹ • بچوں سے کہیں کہ گھونگھے کی تصویر بنائیں اور اس میں رنگ بھریں۔ تصویر بنانے کے بعد اس کے متعلق سبق میں سے کوئی چار معلومات تصویر کے نیچے لکھ دیں۔ معلومات مکمل جملوں کی صورت میں ہونا چاہیئے۔

## سیشن 4

10 منٹ • ٹیچر 8 بچوں سے سبق کی باری باری پڑھائی کر وائیں۔ کوشش کریں کہ آج وہ بچے پڑھیں جنہوں نے پہلے پڑھائی نہیں کی تھی۔

15 منٹ • سبق کی پڑھائی کے بعد ٹیچر ان جانوروں کی بات کریں جو پانی اور خشکی دونوں جگہ رہ سکتے ہیں۔ کچھ بچوں سے پوچھیں پھر وہ نام بورڈ پر لکھیں اگر بچے نہ بتا سکیں تو ٹیچر بھی ان کی مدد کریں۔ (کچھوا ' مینڈک ' مگر مچھ ' بطخ ' وغیرہ) پھر بورڈ پر ان کی انگریزی بھی لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| مینڈک | frog | گھونگھا | snail |
| کچھوا | turtle | مگرمچھ | crocodile |
| بطخ | duck | | |

15 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ اس سبق میں لکھا ہے کہ گھونگھا اپنی کھردری زبان سے پتے چاٹ چاٹ کر کھاتا ہے۔ گھونگھا تو اس لئے چاٹ چاٹ کر کھاتا ہے کہ شاید اس کے پاس کوئی اور طریقہ نہیں ہے۔ مگر ہم انسانوں کو کس طرح کھانا چاہیئے۔ کیا کچھ بچے بتا سکتے ہیں۔

کچھ بچے یقیناً کھانا کھانے کے تھوڑے بہت آداب بتائیں گے ٹیچر ان کی بات سنیں اور اس کے بعد کچھ اصول زبانی بچوں کو بتائیں۔

کھانا ہاتھ دھو کر کھانا چاہیئے۔

کھانے کے درمیان منہ سے آواز بالکل نہیں آنا چاہیئے۔

کھاتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ جتنے لوگ بیٹھے ہیں ان سب کو کھانے میں حصہ ملے۔

کھانا بھوک سے زیادہ یا جلدی جلدی نہیں کھانا چاہیئے۔ اس طرح ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔
گندے ہاتھوں سے گلاس نہیں پکڑنا چاہیئے۔

## گھر کا کام

5 منٹ • امی یا ابو سے پوچھ کر کھانا کھانے کے آداب کل لکھ کر لائیں اور سبق کی پڑھائی کریں کل املا ہو گا۔

## سیشن 5

10 منٹ • ٹیچر پہلے سبق کو ایک مرتبہ بلند آواز سے پڑھیں پھر کچھ بچوں سے جنہوں نے اب تک پڑھائی نہیں کی ان سے باری باری پڑھائی کر وائیں۔ بچے اپنے سامنے کتابیں کھلی رکھیں۔

25 منٹ • اب بچوں سے کہیں کہ کتابیں بند کر دیں ہم املا شروع کریں گے۔
سبق کے پندرہ مشکل اور آسان الفاظ ڈھونڈ کر املا لیں۔ املے کے بعد ان الفاظ کو بورڈ پر لکھ دیں اور بچوں سے کہیں کہ آپس میں کوپیاں بدل کر ایک دوسرے کا املا چیک کریں اور پندرہ میں سے نمبر دیں۔ ٹیچر کوپیاں جمع کر کے گھر لے جائیں اور اگلے دن چیک کر کے واپس لائیں۔

10 منٹ • ٹیچر زبانی پانچ الفاظ باری باری کہیں۔ ہر لفظ سے بچے زبانی تین تین جملے بنائیں۔

# پاؤں کے نیچے

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- اس سبق میں بچوں کو بتایا گیا ہے کہ ہم جہاں بھی کھڑے ہوں ہمارے پاؤں کے ہے۔ اس سبق کے ذریعے بچوں کی قوت مشاہدہ پر کام بھی کر وایا جائے۔

## سیشن 1

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ذرا غور کریں پھر مجھے باری باری بتائیں کہ آپ کے پاؤں کے نیچے کیا کیا ہے؟ بچے مختلف چیزوں کے بارے میں بتائیں گے مثلاً جوتا' موزا' زمین' کاغذ' چیونٹی۔ (اگر کلاس دوسری منزل پر ہے تو نیچے والی منزل بھی پاؤں کے نیچے ہی آئے گی)۔
ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ہمارے پاؤں کے نیچے کچھ چیزیں قدرتی ہیں اور کچھ انسان کی اپنی بنائی ہوئی ہیں۔ مثال کے طور پر اگر ہمارے پاؤں کے نیچے جوتا ہے تو ویسے تو جوتا موچی نے یا فیکٹری میں بنا ہے مگر چمڑا تو جانور کی کھال سے ہی بنا ہے۔ اس طرح اس میں بھی قدرتی عنصر شامل ہو جائے گا۔
پھر ٹیچر پوچھیں اگر ہم پہاڑ پر کھڑے ہوں تو ہمارے پاؤں کے نیچے کیا کیا ہو گا؟
اگر ہم زمین پر کھڑے ہوں تو ہمارے پاؤں کے نیچے کیا کیا ہو گا؟
اگر ہم پانی میں کھڑے ہوں تو ہمارے پاؤں کے نیچے کیا کیا ہو گا؟
ان تینوں سوالوں کے بچے مختلف جواب دیں گے۔ ٹیچر بورڈ پر نوٹ کرتی جائیں۔

25 منٹ

- اب ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آئیں ہم باہر چلتے ہیں۔
ٹیچر باہر لے جاتے وقت اور چلتے چلتے بچوں کو تفصیل بتاتی جائیں (مثلاً زمین کا دھیان سے مشاہدہ کیجئے گا۔ کوئی چھوٹی چیز بھی ہو وہ بھی یاد رکھیئے گا۔ زمین بہت بڑی ہے اس کے اندر ہزارہا چیزیں ہیں)۔
سب بچے لائن بنا کر باہر جائیں۔
ٹیچر چار بچوں سے پوچھیں کہ آئیں دیکھتے ہیں ہمارے پاؤں کے نیچے زمین ہے اس میں کیا کیا ہے۔
بچوں کے خیال میں ہمارے پیر اور زمین کے نیچے کیا ہے؟ ہو سکتا ہے کچھ بچے کہیں (چیونٹی' مٹی'

پانی ' پائپ ' پتھر اور خزانہ)۔
پھر آس پاس کسی ٹہنی یا اپنی پنسل سے زمین کھودیں اور دیکھیں کہ کیا نکلتا ہے۔ بچے اپنی اپنی رائے دیں۔
ٹیچر بچوں کو ہدایت دیں کہ وہ غور سے دیکھیں اور یاد رکھیں۔

5 منٹ
- کلاس میں واپس آ کر بچوں سے کہیں کہ وہ گھر جا کر شام کو اپنے کسی بڑے کے ساتھ چہل قدمی کرنے جائیں اور اس دوران ان کے پیروں کے نیچے جو چیزیں بھی آئیں ان میں سے پانچ چیزیں اکٹھی کر کے لائیں۔

5 منٹ
- اب ایک دفعہ ٹیچر پورے سبق کی الفاظ کے اتار چڑھاؤ کے ساتھ پڑھائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ اگلی کلاس میں ہم اس سبق پر مزید کام بھی کریں گے۔

## سیشن 2

10 منٹ
- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ جو چیزیں جمع کر کے لائے ہیں ان کو نکال کر کلاس میں ایک طرف رکھ دیں۔ ہم تھوڑی دیر میں ان پر کام کریں گے۔
پہلے ٹیچر خود کلاس میں ٹھہر ٹھہر کر تاثرات کے ساتھ سبق کی پڑھائی کریں۔ پھر کچھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں اور جہاں بچے اٹکیں ان کی مدد کریں۔
پڑھائی کروانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔
اس طریقہ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔
پڑھائی کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ سبق میں سے جاندار اور بے جان چیزوں کی نشاندہی کریں جو ہمارے پاؤں کے نیچے ہیں۔

15 منٹ
- ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ کل تو زمین پر ہمارے پیر تھے۔ آج ہم بات کریں گے کہ اگر ہم پانی میں کھڑے ہوں تو ہمارے پاؤں کے نیچے کیا ہو گا؟ کوئی کہے گا پانی ' ریت ' سیپیاں وغیرہ۔

اب ٹیچر چار بچوں کو سامنے لائیں کہ وہ اپنی آنکھیں بند کریں اور ذہن پر زور دے کر سوچیں کہ وہ دریا یا سمندر کے پانی میں کھڑے ہوں تو ان کے پاؤں کے نیچے کیا کیا ہو گا؟ (بچے بتائیں گے کہ ٹھنڈا پانی ' ریت ' پتھر ' سیپیاں وغیرہ)۔

اب ٹیچر پوچھیں کہ پانی کے اندر کیا ہے۔ بچے اسی طرح آنکھیں بند کرکے سوچیں اور جواب دیں (مچھلی ' گھونگھے ' سیپی ' کیکڑے ' جھینگے ' لکڑی کے ٹکڑے ' گھاس ' پودے ' وغیرہ وغیرہ)۔ ٹیچر یہ سارے الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ اسے اپنی اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

15 منٹ

- اس کے بعد ٹیچر سب بچوں سے کہیں کہ کل سیر کے دوران انہوں نے جو چیزیں جمع کی تھیں اور لائے ہیں وہ اپنے سامنے رکھیں اور ان کے نام اپنی کوپیوں میں لکھیں اور جو چیزیں اپنی کوپیوں میں چپکا سکتے ہیں وہ گوند کی مدد سے چپکائیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- سبق کو دوبارہ پڑھیں اور اس میں سے پانچ جاندار اور پانچ بے جان چیزوں کے نام دو الگ الگ کالم میں لکھ کر لائیں۔

| جاندار | بے جان |
|---|---|
| گھونگھا | سونا |

ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 3

15 منٹ

- آج سب سے پہلے کلاس میں ان بچوں سے سبق کی پڑھائی کروائیں جن بچوں نے گزشتہ روز سبق نہیں پڑھا تھا۔ سبق سیشن 2 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق پڑھوایا جائے۔

اب ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کرلیں۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ کیا آپ نے کبھی Titanic کا نام سنا ہے۔ کچھ بچے کہیں گے کہ "ہاں" انہوں نے سنا ہے۔ اب ٹیچر بتائیں کہ یہ ایک بہت بڑا پانی کا جہاز تھا۔ جو آج سے تقریباً پچھتر (75) سال پہلے ایک بڑے سے برف کے تودے سے ٹکرا کر ڈوب گیا تھا اور اب بھی پانی کے نیچے موجود ہے۔

25 منٹ • بچوں سے کہیں کہ وہ سوچیں جیسے وہ اس جہاز میں موجود ہیں تو ان کو جہاز میں چاروں طرف کیا نظر آ رہا ہے۔ بچے اس بارے میں آٹھ لائنیں اپنی کوپیوں میں لکھیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچوں سے کہیں پانی کے جہاز کی ڈرائنگ کر کے لائیں۔
ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 4

10 منٹ • آج سب سے پہلے کلاس میں ان بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں جن بچوں نے گزشتہ روز سبق نہیں پڑھا تھا۔

20 منٹ • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ ایسے مرکب الفاظ ڈھونڈیں جو ساتھ ساتھ لکھے جاتے ہیں۔ ٹیچر ان کو مثال کے طور پر دو تین الفاظ لکھ کر دکھائیں (مثلاً جل تھل' میلا کچیلا' رنگ برنگ وغیرہ وغیرہ)۔
اب بچے سبق میں سے اسی طرح کے الفاظ ڈھونڈیں اور اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ مثلاً
چھوٹے بڑے' رنگ برنگی' ریل گاڑی' کیڑے مکوڑے' سونا چاندی

10 منٹ • جب کام ختم ہو جائے تو مندرجہ ذیل الفاظ کی انگریزی کر وائیں۔ اردو الفاظ بورڈ پر دائیں طرف کالم بنا کر لکھیں اور بائیں جانب انگریزی الفاظ لکھیں ۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ انہیں اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

| اردو | انگریزی |
|---|---|
| کیڑے مکوڑے | insects |
| نرم | soft |
| پتھر | stone |
| پودے | plants |
| جڑیں | roots |

| | |
|---|---|
| کیکڑے | carbs |
| سرنگ | tunnel |
| پہاڑ | mountain |
| گھاس | grass |

## گھر کا کام

5 منٹ
- اب بچوں کو گھر کے کام کے بارے میں بتائیں اور ان سے پوچھیں کہ کس کے پاس پرانی کھلونے والی ریل گاڑی ہے۔ اگر کسی کے پاس ہو تو وہ کل اسکول لے آئے۔ کیونکہ کل ہم سرنگ اور پہاڑ بنائیں گے جس میں سے ایک ریل گاڑی گزاریں گے۔بچوں سے سنہری افشاں اور چمکیلے بٹن بھی منگوائیں۔

## نوٹ

- ٹیچر کوئی پندرہ بیس اخبار جمع کریں۔ اس کو ایک دن پہلے پانی میں بھگو دیں۔

## سیشن 5

5 منٹ
- سب سے پہلے پانچ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ آج ان بچوں سے پڑھائی کر وائیں جنہوں نے اس سے پہلے سبق کو نہیں پڑھا تھا۔

30 منٹ
- آج اخبا رنچوڑ کر کاغذ کی سرنگ بنائی جائے گی۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم اس کاغذ کے ذریعے جو کل ہم نے بھگویا تھا ایک سرنگ بنائیں گے۔ ٹیچر کاغذ کو نچوڑیں۔ پھر اس کو پہاڑ کی شکل دے دیں۔ بچوں کی دلچسپی کے لئے پہاڑ کے اندر آپ ایک سوراخ کرکے غار بنائیں۔ اس میں بٹن افشاں وغیرہ سے خزانہ بھریں۔ بچوں سے بات چیت جاری رکھیں۔ غار کے حوالے سے الہ دین اور اس کے خزانے کی بات بھی کریں۔

اس دوران بچوں کو بتائیں کہ غار قدرتی کمرہ ہوتا ہے جبکہ پہاڑوں کو کاٹ کر بنایا ہوا راستہ سرنگ کہلاتا ہے۔ سرنگوں کے اندر سے ٹرین کے علاوہ گاڑیاں بھی گزر سکتی ہیں۔ پہاڑ کاٹنے کے لئے پہلے ڈائنامائٹ (dynamite) استعمال کئے جاتے ہیں۔پھر باقاعدہ مشینوں اور دوسرے اوزاروں سے اس کی

شکل بنائی جاتی ہے۔
جب پہاڑ اور سرنگ تیار ہو جائے تو اسے ایک طرف سوکھنے کے لئے رکھ دیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر درج ذیل جملے لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ انہیں اپنی گھر کے کام کی کوپیوں میں لکھیں اور اگلے روز سبق کے حوالے سے صحیح لکھ کر لائیں۔

(1) سرنگ میں اڑتی ریل گاڑی ہے۔
(2) میرے پاؤں کے نیچے ہوائی جہاز ہے۔
(3) کیڑے میں سیپ اور موتی ہیں۔
(4) پانی میں رنگ برنگی گاڑیاں ہیں۔

## سیشن 6

5 منٹ
- پہلے ٹیچر بچوں سے گھر کے کام کی کوپیاں جمع کریں۔

اب ٹیچر دوست اور دشمن کیڑے کے بارے میں بچوں سے بات چیت کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ پودے کیوں مر جاتے ہیں؟ بچے کہیں گے کہ پانی نہیں ملا یا غذا نہیں ملی یا بعض مرتبہ پانی اور غذا یعنی کھاد کے باوجود پودا اس لئے مرتا ہے کہ اس کو کیڑا لگ جاتا ہے۔ یعنی ایسا کیڑا جو اس کو زندہ نہیں رہنے دیتا۔ ٹیچر انہیں دوست اور دشمن کیڑوں کے بارے میں بتائیں۔

15 منٹ
- کیڑے مکوڑے زمین کے اندر رہتے ہیں وہ پودوں کے لئے فائدہ مند بھی ہیں اور نقصان دہ بھی۔ انہیں بتائیں کہ کئی دفعہ انہوں نے پودوں کو سوکھتے ہوئے دیکھا ہو گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زمین میں رہنے والے کیڑے ان کی جڑیں یا غذا کھا جاتے ہیں۔ مگر کچھ کیڑے مثال کے طور پر کیچوے (worms) اور مکوڑا (ant) دوست کیڑے کہلاتے ہیں۔ ان کی موجودگی سے پودوں کو کوئی نقصان نہیں پہنچتا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کیڑوں کی زمین کے اوپر نیچے آمدورفت سے پودوں کی جڑوں کو آکسیجن ملتی رہتی ہے اور پودے تندرست وتوانا رہتے ہیں۔

دشمن کیڑے وہ ہوتے ہیں جو پودوں کو بہت نقصان پہنچاتے ہیں اور ان کی جڑوں کو کھا کر کھوکھلا

کردیتے ہیں جس سے پودے کو غذا نہیں پہنچ پاتی اور وہ جلد مر جاتے ہیں۔ ایسے کیڑے دشمن کیڑے کہلاتے ہیں جن میں دیمک، سنڈی وغیرہ شامل ہیں۔

20 منٹ • اگر میں کیڑا ہوتا / ہوتی کے موضوع پر 10 جملے لکھیے۔

## گھر کا کام

5 منٹ • اب ٹیچر بورڈ پر کچھ سوال لکھیں اور بچوں سے کہیں کہ وہ انہیں اپنی کوپیوں میں اتاریں اور گھر سے ان کے جوابات لکھ کر لائیں۔

(1) کیڑے مکوڑے کہاں ہیں؟

(2) پانی میں مچھلیوں کے علاوہ اور کیا ہے؟

(3) سرنگ کون بناتا ہے؟

# چوری چھپے

## سیشن 1

5 منٹ
- ٹیچر کلاس میں آ کر بچوں سے کہیں کہ آج ہم ایک نیا سبق جس کا نام چوری چھپے ہے پڑھیں گے۔ پہلے آپ لوگ سب اچھی طرح دھیان سے اس سبق کو سنیں۔ اس کے بعد ہم اس کے بارے میں بات کریں گے۔
بچے کتابیں کھولیں۔ ٹیچر تاثرات کے ساتھ الفاظ کے اتار چڑھاؤ کی مدد سے سبق پڑھ کر سنائیں۔

15 منٹ
- بچوں سے پوچھیں کیا کبھی انہوں نے اپنے امی ابو سے چھپ کر کوئی کام کیا ہے۔
کیا آپ کے خیال میں امی ابو جس کام کو منع کرتے ہیں آپ ہمیشہ ان کا کہنا مانتے ہیں۔کچھ بچے یقیناً ہاں کہیں گے اور کچھ نہ میں جواب دیں گے۔ اب ٹیچر سمجھائیں کہ اس سبق میں امی ابو نے انگور توڑنے کے لئے منع تو نہیں کیا تھا مگر انہوں نے تھیلیاں چڑھائی ہی اس لئے تھیں کہ پکنے سے پہلے یہ نوچے یا توڑے نہ جائیں۔
ٹیچر بچوں سے پوچھیں کیا آپ کسی ایسے پھل یا سبزی کا نام جانتے ہیں جس کو پکانے کے لئے تھیلے یا ڈبے میں بند یا کاغذ چڑھا کر رکھا جاتا ہے۔
بچے مختلف جواب دیں گے۔ ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ سبزیوں میں ٹماٹر اور پھلوں میں آم اور چیکو وغیرہ اسی طرح پکائے جاتے ہیں۔ اس عمل کو پال لگانا کہتے ہیں۔
کہانی میں انگور کے گچھوں پر تھیلیاں اس لئے چڑھائی تھیں کہ یہ چیل کوؤں سے بچ جائیں۔کیا کوئی بچہ بتا سکتا ہے کہ اس کے علاوہ بھی کوئی طریقہ ایسا ہوتا ہے جس کے ذریعے کھیتوں میں چڑیوں سے حفاظت کی جاتی ہو۔ بچے اگر کچھ جواب نہ دے پائیں تو ان کو بتائیں کہ ایک چیز جو آپ نے اکثر کھیتوں میں لگی دیکھی ہو گی جس کا نام scarecrow ہے۔

15 منٹ
- اس بات چیت کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں آپ سب لوگ ایک دس لائنوں کا مضمون لکھیں جس کا عنوان ''شرارت'' ہے۔ بچوں کے ذہن میں یہ بات بٹھائیں کہ چھوٹی موٹی شرارتیں جو وہ گھر میں

کرتے ہیں مثلاً

(1) بغیر پوچھے فریج یا باورچی خانے سے کچھ کھا لینا۔

(2) گھر کے اندر بال سے کھیلنا۔

(3) امی یا ابو کے کپڑے یا جوتے پہن کر دوپہر میں گھر گھر کھیلنا۔

(4) امی سے چھپ کر چینی پھانکنا۔

(5) دوپہر میں پیڑ پر چڑھنا۔

(6) امی سے چھپ کر دوپہر میں باہر نکل کر کھیلنا۔

(7) پانی سے کھیلنا۔

یہ سب شرارتیں ایسی ہیں جو ہم سب نے کبھی نہ کبھی ضرور کی ہوں گی۔ ٹیچر اپنی مثال دے کر کہیں جب میں چھوٹی تھی تو میں بھی شرارتیں کرتی تھی۔ اگر چاہیں تو اپنی شرارت کا کوئی چھوٹا سا قصہ بھی سنائیں۔ اپنا قصہ سنانے کے بعد ٹیچر بچوں سے مضمون لکھوائیں۔

## گھر کا کام

10 منٹ

- جن بچوں کا کام کلاس میں ختم نہ ہو وہ گھر سے کر کے لائیں۔

بچوں سے کوپیاں جمع کریں اور بتائیں کہ کل ہم کلاس میں scarecrow بنائیں گے۔ بچوں سے پوچھیں کہ مندرجہ ذیل اشیاء میں سے کون بچہ کیا لا سکتا ہے۔ ٹیچر اشیاء کے نام بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے ہاتھ اٹھا کر بتائیں کہ وہ کیا لا سکتے ہیں۔ (اشیاء ......

(1) دو ڈنڈے یا ٹہنیاں ۔

(2) ایک پھٹی پرانی قمیض ۔

(3) پرانا ہیٹ یا ٹوپی یا پگڑی بنانے کے لئے پرانا دوپٹہ۔

(4) موزے۔

(5) گھاس پھوس۔

(6) ڈوری یا سُتلی۔

(7) بالٹی یا گملا۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

- اگلے سیشن کے لئے ٹیچر ایک پاؤ ہرے ٹماٹر لے کر آئیں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- اپنے لائے ہوئے ہرے ٹماٹر ٹیچر سامنے میز پر رکھ کر بچوں کو دکھائیں اور ان کو بتائیں کہ آج ہم ان ٹماٹروں کو اخبار کے کاغذ میں لپیٹ کر اب بند کر کے رکھیں گے تاکہ آپ خود دیکھ سکیں کہ پال لگانے سے کس طرح پھل یا سبزی پک جاتے ہیں۔
  ٹماٹروں کو اخبار کے کاغذ میں لپیٹیں اور کسی بند جگہ پر رکھ دیں۔

35 منٹ

- اب scarecrow بنانا شروع کریں۔
  scarecrow بنانے میں بچوں سے بھی مدد لیں۔
  دو ڈنڈیاں کراس (cross) کر کے سُتلی یا رسی کی مدد سے باندھیں۔( ┼ اس طرح باندھیں) اوپر کے حصے میں کارڈ بورڈ لگا دیں یا کپڑے میں بھوسا بھر کر منہ بنائیں۔
  ایک بڑی سی قمیض اس لکڑے کے اوپر چڑھا دیں۔ منہ کے حصے کے اوپر ایک بڑا سا ہیٹ' ٹوپی یا پگڑی باندھ دیں۔
  ہاتھوں کے سروں پر موزے چڑھا دیں۔
  ہیٹ یا پگڑی کے اوپر گوند کی مدد سے بھوسا چپکا دیں۔
  اس scarecrow کو گملے میں یا کسی بالٹی میں مٹی بھر کر کھڑا کر دیں۔(موزے اور پگڑی اس طرح چڑھائیں کہ ہوا چلنے سے وہ ہلنے لگیں)۔
  ٹیچر سب بچوں سے کہیں کہ اس scarecrow کا ایک دلچسپ نام چھوٹی چھوٹی پرچیوں پر لکھیں۔
  (مثلاً لمبو میاں' چڑیا بھگاؤ' یا مسٹر جیک)
  سب بچے باری باری آ کر اپنا لکھا ہوا نام ٹیچر کے حوالے کریں اور ٹیچر اسے پن (pin) کے ذریعے scarecrow کی قمیض میں لگا دیں۔

## سیشن 3

15 منٹ

- آج 8-7 بچوں سے آدھے آدھے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

پڑھائی کر وانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہوسکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ

- ٹیچر بچوں سے کہیں کہ یہ اندازہ لگانے کے لئے کہ آپ کو سبق سمجھ میں آ گیا ہے آپ سے کچھ سوالات کئے جائیں گے۔ تمام بچے سوالات غور سے سنیں اور ان کے زبانی جوابات دیں۔ ٹیچر نظم وضبط کا کلاس میں خاص خیال رکھیں۔ بچے ہاتھ اٹھا کر باری باری سوالات کے جوابات دیں۔

امی نے انگور کے گچھوں پر کاغذ کی تھیلیاں کیوں چڑھائیں تھیں؟

ندا اور احمد کس وقت بیل سے انگور توڑتے تھے؟

آپ کے خیال میں انگور کی بیل کہاں تھی؟

انگور کوؤں اور چڑیوں سے بچ گئے مگر کس سے نہیں بچ سکے؟

بچے کمرے میں چھپ کر کیوں بیٹھے تھے؟

20 منٹ

- زبانی بات چیت کے بعد سوالات ٹیچر بورڈ پر لکھیں۔

بچوں کو ہدایت کریں کہ وہ پہلے ان سوالات کو اپنی کوپیوں میں اتاریں۔ اس کے بعد ان کے جواب بھی لکھیں۔

### گھر کا کام

بچے سبق کو گھر سے پڑھ کر آئیں۔ کل املا لیا جائے گا۔

## سیشن 4

10 منٹ

- پہلے آٹھ بچوں سے آدھے آدھے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ بچوں کی دلچسپی قائم رکھتے ہوئے ٹیچر

ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج وہ بچے پڑھائی کریں گے جنہوں نے کل نہیں پڑھا تھا۔

25 منٹ

- ٹیچر آج 8 الفاظ کا املا کر وائیں۔

انگور تھیلیاں گچھے چڑیاں کوے کاغذ دوپہر خالی

املے کے اختتام پر ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں اپنے ساتھی سے تبدیل کریں۔ پھر ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے اپنے ساتھیوں کی کوپیاں check کریں اور 8 میں سے نمبر دیں۔ جن بچوں نے زیادہ نمبر لئے ہیں ان کو شاباشی دیں اور جن بچوں نے زیادہ غلطیاں کی ہیں ان کو تاکید کریں کہ وہ آئندہ کوشش کریں کہ اس سے بہتر کام کریں۔

10 منٹ

- ٹیچر املے کے لئے لکھے گئے الفاظ کی انگریزی بھی بورڈ پر لکھیں۔ جسے بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

| | |
|---|---|
| انگور | grape |
| تھیلیاں | bags |
| گچھے | bunches |
| چڑیاں | birds |
| کوے | crow |
| کاغذ | paper |
| دوپہر | afternoon |
| خالی | empty |

## سیشن 5

10 منٹ

- ٹیچر آج مزید 6-7 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ بچوں کی دلچسپی قائم رکھتے ہوئے ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔

اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج وہ بچے پڑھائی کریں گے جنہوں نے کل نہیں پڑھا تھا۔

20 منٹ

- بچوں سے پوچھیں انہیں کون کون سے پھل پسند ہیں۔ بچے پھلوں کے نام بتائیں گے۔ (مثلاً کوئی بچہ کہے گا آم) ٹیچر آم کا لفظ بورڈ پر لکھ دیں۔ ٹیچر بچے سے پوچھیں آم کس موسم میں ہوتا ہے۔ اگر وہ بچہ جواب نہ دے سکے تو دوسرے بچے سے پوچھیں۔ اس کے بعد بورڈ پر آم کے آگے گرمی کا موسم لکھیں۔ اسی طرح چند اور پھلوں کے آگے لفظ گرمی لکھیں۔ (مثلاً آلو بخارے' آڑو' انگور' لیچی' فالسے' اور تربوز) ۔

اسی طرح بچوں سے پوچھ کر سردیوں میں پیدا ہونے والے پھلوں کے نام لکھیں۔(مثلاً کینو' مالٹا' سیب' انار' اور جاپانی پھل وغیرہ)۔

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ سال میں چار موسم ہوتے ہیں۔

سردی' گرمی' خزاں اور بہار

سردی آنے سے پہلے خزاں آتی ہے اور گرمی سے پہلے بہار۔

15 منٹ

- اب بچوں سے پوچھیں ایک سال میں کتنے مہینے ہوتے ہیں۔ ہو سکتا ہے بچے صحیح جواب نہ دیں۔ ٹیچر انہیں بتائیں کہ سال میں 12 مہینے ہوتے ہیں۔ ان مہینوں کے نام بورڈ پر لکھ دیں۔ پہلے اردو میں اور پھر انگریزی ترجمہ کے ساتھ۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیوں میں یہ نام اتار لیں۔

| | |
|---|---|
| جنوری | january |
| فروری | february |
| مارچ | march |
| اپریل | april |
| مئی | may |
| جون | june |
| جولائی | july |

| | |
|---|---|
| august | اگست |
| september | ستمبر |
| october | اکتوبر |
| november | نومبر |
| december | دسمبر |

## گھر کا کام

- امی، ابو، بہن، بھائیوں کے نام اور ان کے پسندیدہ پھل کا نام پوچھ کر اپنی گھر کے کام کی کوپی میں لکھ کر لائیں۔

ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے اپنی کوپیوں میں اتاریں۔

# ہاتھی کی کسرت

## سیشن 1

5 منٹ • ٹیچر کلاس میں آ کر سب سے پہلے بچوں سے سوال کریں کہ ان میں سے کس کس کو ورزش کا شوق ہے۔ کچھ بچے ہاتھ اونچا کریں گے۔ ان سے کہیں کہ وہ سامنے آ کر ہم سب کو ورزش کر کے دکھائیں۔ٹیچر ساتھ میں اس طرح کی ہدایات دیتی رہیں جس میں بچوں کو ہاتھ اوپر نیچے کرنا ہو۔ اگر ممکن ہو تو ٹیچر بھی ساتھ ساتھ ورزش کریں۔

10 منٹ • اب ٹیچر بچوں سے کہیں آج ہم ایک ایسی نظم پڑھیں گے جس میں ہاتھی ورزش کر رہا ہے۔

اب بچوں سے کتابیں کھلوائیں اور بہت مزے لے لے کر action کے ساتھ نظم پڑھ کر سنائیں۔

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان کو نظم کیسی لگی۔

بچوں کے خیال میں ہاتھی کیوں تھک جاتا تھا؟ (وزن کی وجہ سے یا ہو سکتا ہے جسمانی بناوٹ کی وجہ سے یا اسے شوق نہیں تھا)۔

ہاتھی کو کون کسرت کروا رہا ہے؟ بچے مختلف جواب دیں گے اور سارے جواب صحیح ہو سکتے ہیں۔ مثلاً (ٹیچر، میں، آپ، دوسرا ہاتھی وغیرہ وغیرہ)۔

ورزش کیوں ضروری ہے؟

آپ کے گھر میں کون کون ورزش کرتا ہے؟

10 منٹ • اب ٹیچر بچوں کو دو گروپس (groups) میں بانٹ دیں۔ ایک گروپ ورزش کروانے والے کا شعر پڑھے اور دوسرا عمل کرنے والا کا شعر پڑھے۔

15 منٹ • ٹیچر بورڈ پر ہاتھی کے مختلف حصوں کے نام اور ان حصوں کی انگریزی بھی لکھیں۔ (مثلاً کان ear، سونڈھ trunk، دم tail، ہاتھ hand، پاؤں feet، پیٹ belly، دانت teeth، آنکھیں eyes) اب بچوں سے کہیں کہ اپنی کوپیوں میں ایک ہاتھی بنائیں۔ اس کے جسم کے مختلف حصوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں اور اس میں رنگ بھریں۔ نام بچے بورڈ پر سے دیکھ کر لکھ سکتے ہیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ • بچے گھر سے پوری نظم پڑھ کر آئیں۔ ''دوچشمی ھ'' کے الفاظ سبق میں تلاش کرکے ان کو یاد کر کے آئیں کل املا ہوگا۔
ٹیچر ہدایت بورڈ پر لکھیں اور بچے کوپیوں میں اتاریں۔

## سیشن 2

10 منٹ • 5-6 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ بچے جن الفاظ کو پڑھنے میں مشکل محسوس کریں ٹیچر ان الفاظ کی ہجے کر کے بڑا بڑا بورڈ پر لکھیں۔

25 منٹ • آج ٹیچر کلاس میں ''ھ'' والے تقریباً دس الفاظ کا املا لیں۔ مثلاً

گھٹنے دکھاؤ کھاؤ تھکتا

ہاتھ تھک کھایا کھاتے کھاتے

پھیلاؤ سیدھے اٹھک بیٹھک

گھماؤ اوندھاؤ گھمائی

املا کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی اپنی کوپیاں اپنے ساتھیوں سے تبدیل کریں۔ پھر ٹیچر املے کے الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ اب بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے ساتھیوں کی کوپیاں چیک کریں اور 10 میں سے نمبر دیں۔ ہر غلطی پر ایک نمبر کاٹیں۔ جن بچوں نے زیادہ نمبر لئے ہیں انہیں شاباشی دیں۔ جن بچوں نے زیادہ غلطیاں کی ہیں ان کو تاکید کریں کہ آئندہ وہ اچھا کام کرنے کی کوشش کریں گے۔

10 منٹ • جنگل میں پائے جانے والے جانوروں کے نام بچوں سے زبانی پوچھیں۔ اگر وقت ہو تو ان میں سے کسی دو جانوروں کی تصاویر بچے بنائیں۔

## سیشن 3

20 منٹ • آج ٹیچر بچوں کو کلاس سے باہر لے جائیں اور لائنیں بنوا کر نظم پڑھتے ہوئے ورزش کر وائیں۔

20 منٹ

- اس کے بعد کلاس میں واپس آ کر مختلف جانوروں کے کھانے پینے کی عادات کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے کہیں کہ ہاتھی گنا شوق سے کھاتا ہے۔ آپ بتائیں دوسرے جانور کیا کیا شوق سے کھاتے ہیں۔ ٹیچر جانوروں کے نام لیتی جائیں اور بورڈ پر لکھتی جائیں۔ بچے ان جانوروں کی پسندیدہ غذا بتائیں۔ اگر نہ بتا سکیں تو ٹیچر بتائیں اور اس جانور کے آگے اس غذا کا نام بھی لکھیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| چڑیا | دانہ ' اناج |
| شیر ' کتا | گوشت ' مچھلی |
| مچھلی | مچھلی ' گھاس وغیرہ |
| بکری | پتے ' گھاس |
| بلی | چھیچھڑے ' دودھ |
| خرگوش | گاجر ' گوبھی ' ہرا دھنیا ' کیلا |
| ہاتھی | گنا |
| ریچھ | شہد |
| چیونٹی | شکر |

بچوں سے کہیں بورڈ پر لکھا ہوا کام اپنی کوپی میں اتاریں۔

## گھر کا کام

5 منٹ

- بچوں سے کہیں کہ اپنی پسند کی کوئی چیز جو وہ کھانا پسند کرتے ہیں کل بریک ٹائم میں کھانے کے لئے لائیں

## سیشن 4

25 منٹ

- آج بچوں سے پہلے جانوروں کی غذا کے بارے میں بات چیت کریں۔

اب ان سے پوچھیں کہ وہ خود دن بھر کیا کیا کھاتے ہیں؟ چار بچوں سے ناشتے سے لے کر رات کے کھانے تک کھانے کی تفصیل پوچھیں۔ٹیچر اس بات کی اہمیت بتائیں کہ غذا میں دودھ ' پھل ' سبزی ' اناج ' گوشت ' انڈے کا شامل ہونا بہت ضروری ہے۔ ان سب سے ہمیں مختلف قسم کے وٹامن اور پروٹین ملتے ہیں۔ جو ہماری صحت کے لئے بہت ضروری ہیں۔

اب بچوں سے ان کی کوپیوں میں اوپر سے نیچے دن کے مختلف پہر لکھوائیں۔ بچے ہر پہر کے آگے اپنی پسند کی کسی ایک چیز کا نام لکھیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| صبح | دودھ |
| دوپہر | آلو کی سبزی |
| شام | سموسہ |
| رات | قیمہ |

20 منٹ

- ایک چارٹ پیپر (chart paper) پر چار برابر کے خانے بنائیں اور چاروں فوڈ گروپ (food groups) کے نام الگ الگ خانے میں لکھیں۔ یعنی

گوشت، انڈا، مچھلی

پھل، سبزی

اناج

دودھ سے بنی اشیاء

یہ کام پہلے ٹیچر بچوں کو سمجھا کر ان کے سامنے کریں۔ اس کے بعد اسی طرح کے چارٹ بچوں سے بنوائیں۔ یہ کام بچے گروپ کی صورت میں بھی کر سکتے ہیں۔

آج بچے گھر سے اپنی پسند کی کھانے کی چیزیں لائے ہوں گے۔ان سے کہیں کہ اپنے بنائے ہوئے چارٹ میں اپنی لائی ہوئی کھانے کی چیز کو چارٹ پیپر پر بنے متعلقہ خانے میں لکھ دیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| پراٹھا | اناج کے خانے میں |
| سیب | پھل اور سبزی کے خانے میں |
| کباب | گوشت کے خانے میں |
| کسٹرڈ | دودھ کے خانے میں |

## سیشن 5

10 منٹ

- آج جن بچوں نے اب تک سبق کی پڑھائی نہیں کی ٹیچر ان بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

10 منٹ • ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ دنیا میں ہاتھی کے شکار پر پابندیاں لگائی جا رہی ہیں کیونکہ لوگ ہاتھیوں کو ان کے دانتوں کے لالچ میں مار دیتے ہیں۔ ہاتھی کے دانت یا ان سے بنی اشیاء نہایت قیمتی ہوتی ہیں۔
ان سے زیورات' سجاوٹ کی اشیاء اور بہت سی دوسری چیزیں بھی بنائی جاتی ہیں۔
جس سفید مادے سے ہاتھی کے دانت بنتے ہیں اسے ivory کہتے ہیں۔

25 منٹ • ivory کے متعلق معلومات دینے کے بعد ٹیچر بچوں سے ivory سے بننے والی چیزوں اور زیورات کے نام پوچھیں اور انہیں کچھ نام بھی بتائیں۔

(1) ہار۔
(2) انگوٹھی۔
(3) میز کرسی میں جڑاؤ۔
(4) کاغذ کاٹنے کی چھری۔
(5) شطرنج کے مہرے۔

# آٹے کو دوبارہ آٹا نہیں بنا سکتے

## سیشن 1

10 منٹ

- بورڈ پر برف کی ڈلی اور روٹی بنائیں اور ان کا نام لکھیں۔

ٹیچر بچوں سے کہیں کہ ہم باری باری دونوں کے متعلق پہلے تھوڑی سی بات کریں گے۔ اس کے بعد سبق پڑھیں گے۔

ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ پراٹھا کس چیز سے بنتا ہے؟ بچے یقیناً جواب دیں گے آٹے سے۔

اب بچوں سے پوچھیں کہ برف کس چیز سے بنتی ہے؟ بچے یقیناً جواب دیں گے پانی سے۔

اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کیا یہ ممکن ہے کہ ہم اس پراٹھے کو دوبارہ آٹا بنا دیں۔ بچے یقیناً منع کریں گے۔

ٹیچر پوچھیں اب آپ لوگ بتائیے کیا برف جو پگھل کر پانی بن جاتی ہے دوبارہ برف بن سکتی ہے۔ بچے یقیناً ہاں کہیں گے۔

ٹیچر بتائیں کہ ہمارا یہ سبق بھی اسی بات کے حوالے سے ہے کہ کون سی چیز اپنی شکل میں واپس آ سکتی ہے اور کون سی چیز اپنی شکل میں دوبارہ واپس نہیں آ سکتی۔

15 منٹ

- اب ٹیچر سبق پڑھ کر سنائیں۔ الفاظ واضح اور صاف ہونا چاہئیں۔ سبق کی خود پڑھائی کرنے کے بعد ٹیچر 8-7 بچوں سے چھ چھ لائنیں سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پڑھائی کروانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے 8-7 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

20 منٹ

- ٹیچر بچوں سے زبانی سوال و جواب کریں۔

وہ کون سی چیزیں ہیں جو دوبارہ اپنی شکل میں آ سکتی ہیں۔ (برف ' کاغذ ' پلاسٹک ' لوہے کی چیزیں '

سونے چاندی کے زیور، پانی ، بھاپ )

ٹیچر اب بچوں سے ان چیزوں کے نام پوچھیں جو اپنی شکل میں واپس نہیں آ سکتیں۔ (آٹا ، کینو ، روٹی ، روئی ، انڈا ، اور درخت)

ان زبانی سوالات کے بعد ٹیچر بورڈ پر دو کالم (column) بنائیں۔ دائیں جانب لکھیں (شکل میں واپس آ سکتی ہیں) اور بائیں جانب لکھیں (شکل میں واپس نہیں آ سکتیں)۔

| | |
|---|---|
| برف | آٹا |
| کاغذ | کینو |
| پلاسٹک | روٹی |
| لوہے کی چیزیں | روئی |
| سونے چاندی کے زیور | انڈا |
| فرنیچر | درخت |
| پانی | |
| بھاپ | |

یہ کام بچے اپنی کوپیوں میں اتارلیں۔

## نوٹ

وہ چیزیں جو اپنی شکل میں واپس آ سکتی ہیں ان کو کسی نہ کسی عمل سے گزر کر اپنی شکل میں واپس لانا ہوتا ہے۔ مثلاً

برف پگھلائی جاتی ہے ۔ کاغذگھولا جاتا ہے۔ دھاتیں آگ میں پگھلائی جاتی ہیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

ٹیچر گھر سے چند پرانے اخبار اور ایک گوند کی بوتل، چکنا پتھر اور کچھ چکنی مٹی کا انتظام کرلیں۔

## سیشن 2

10 منٹ

- آج ٹیچر اپنے لائے ہوئے اخباروں کو پانی کی بالٹی میں اچھی طرح بھگو دیں۔

اس عرصے میں 8-7 بچوں سے کلاس میں سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پڑھائی کر وانے کا طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے آٹھ بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ جن بچوں کو پڑھنے میں دقت ہو ان کی مدد کریں۔

10 منٹ

- پڑھائی کے بعد ٹیچر بھیگے ہوئے اخباروں کو باہر نکالیں۔ اچھی طرح نچوڑیں اور بھاری چکنے پتھر سے پیس کر چھوٹی بوتل کا گوند اس میں ملا دیں۔ اب اس آمیزے کو کسی لکڑی کے تختے پر یا فرش یا دیوار پر ایسے حصے پر جہاں دھوپ آتی ہو لیپ دیں۔ دھوپ پڑنے سے جب یہ آمیزہ سوکھے گا تو موٹے سے کاغذ کی صورت اختیار کر جائے گا۔

25 منٹ

- ٹیچر اپنی لائی ہوئی چکنی مٹی کو گوندھ کر بچوں کو بانٹیں اور بچے اس سے چھوٹے چھوٹے کھلونے بنائیں۔ ان کھلونوں کو سوکھنے کے لئے کسی مناسب جگہ پر رکھ دیں۔
اگر اس کام کے لئے وقت نہ بچے ہو تو ٹیچر یہ کام اگلے دن کر وائیں۔

## سیشن 3

10 منٹ

- آج ٹیچر سابقہ طریقہ کار کے مطابق کلاس میں سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ آج وہ بچے پڑھیں جنہوں نے ابھی تک کلاس میں اس سبق کی پڑھائی نہیں کی۔

15 منٹ

- اب بچوں کو بتائیں کہ ہمارے گھروں میں عام طور پر کوڑے دان میں جو کوڑا ڈالا جاتا ہے وہ مختلف اقسام کا ہوتا ہے۔ مثلاً شیشے کی بوتلیں، کاغذ یا گتے کے ڈبے، ماچس کی ڈبیاں، گھی یا تیل کے ڈبے، پلاسٹک کے ٹوٹے کھلونے۔
ٹیچر یہ سارے نام بورڈ پر لکھیں اور اب بچوں سے پوچھ پوچھ کر اور بھی مختلف نام لکھیں۔ مثلاً (قدرتی) سوکھے پھول، ٹوٹی لکڑی، ٹوٹا گملا، پھلوں کے چھلکے۔ (غیر قدرتی) پلاسٹک کی بوتل، شیشے کا ٹوٹا گلاس، بوتل کا ڈھکنا وغیرہ۔

بچے کوپیوں میں دو کالم بنائیں ایک طرف قدرتی اور دوسری طرف غیر قدرتی لکھیں اور بورڈ پر کر وائے گئے کام کو کوپیوں میں اتاریں)۔

15 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر 5 الفاظ لکھیں اور بچے ان سے متعلق دو دو چیزوں کے نام ان الفاظ کے سامنے لکھیں۔مثلاً

| | | |
|---|---|---|
| آٹا : | روٹی | پراٹھا۔ |
| روئی : | کپڑے | تکیہ۔ |
| لکڑی : | کرسی | میز۔ |
| کاغذ : | اخبار | تھیلی۔ |
| شیشہ : | بوتل | بلب۔ |

## گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے امی ابو سے پوچھ کر گھر سے کوئی ایسی چیز لے کر آئیں جو وہ کوڑے دان میں پھینکنے کے قابل سمجھتے ہوں۔

## نوٹ

کل ٹیچر کلاس میں ردی پیپر والے کو بلائیں۔

## سیشن 4

45 منٹ
- ٹیچر بورڈ پر لکھیں ''ردی پیپر والا''۔ بچے کوپیوں میں یہ نام اتار لیں۔ ردی پیپر والے سے پہلے ان کا نام پوچھیں اور ٹیچر یہ نام بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی اپنی کوپیوں میں یہ نام اتار لیں۔ اب بچے اپنی لائی ہوئی چیزیں ردی پیپر والے کو دیں۔ ردی پیپر والا بچوں کی لائی ہوئی چیزوں کو علیحدہ علیحدہ گروپ میں کریں اور بچوں کو بتائیں کہ الگ الگ گروپ کیوں کر رہے ہیں۔ پھر وہ ان کی قیمت بتائیں۔ بچے ان سے سوال کریں کہ وہ ان چیزوں کو کیا کرتے ہیں ؟ یہاں سے کہاں لے کر جائیں گے اور روزانہ تقریباً کتنے کلو میٹر کا سفر طے کرتے ہیں؟ کتنے گھنٹے کام کرتے ہیں؟ بچے جوابات اپنی کوپیوں میں لکھتے جائیں۔

ردی پیپر والے اس سامان کے جو بھی پیسے دیں وہ پیسے اسکول کے فنڈ میں دے دیئے جائیں۔

## سیشن 5

10 منٹ
- آج پھر ٹیچر سابقہ طریقہ کار کے مطابق کلاس میں سبق کی پڑھائی ان بچوں سے کر وائیں جنہوں نے ابھی تک کلاس میں پڑھائی نہیں کی۔

20 منٹ
- بچے آج درج ذیل موضوع میں سے کسی ایک موضوع پر مضمون لکھیں۔
''اگر میں روٹی ' آٹا یا کاغذ ہوتا / ہوتی'' یا ''امی نے روٹی پکائی''۔

15 منٹ
- آج بچے اردو کے ہندسوں میں ایک سے 15 تک گنتی لکھیں گے۔
اگر وقت بچ جائے تو انہی ہندسوں کو الفاظ میں بھی لکھیں۔ اگر کام پورا نہ ہو پائے تو اس کام کو گھر سے کر کے لائیں۔

## سیشن 6

10 منٹ
- آج جن بچوں نے اب تک کلاس میں پڑھائی نہیں کی ان سے ٹیچر کلاس میں سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ یا اگر سب بچوں نے پڑھائی کرلی ہے تو ان بچوں سے دوبارہ پڑھائی کر وائیں جن کو پڑھنے میں دقت ہوتی ہے۔

15 منٹ
- بچے دس تک اردو الفاظ میں گنتی لکھیں اور پھر اس کو انگریزی کے الفاظ میں بھی لکھیں۔

20 منٹ
- بچوں کے بنائے ہوئے مٹی کے برتن اور کھلونے سوکھ چکے ہوں گے۔ ان کو کلاس میں display کریں۔
کلاس میں جو کاغذ بنایا گیا تھا اس کے اوپر پہلے ٹیچر اپنے دستخط کریں۔ اس کے بعد بچے مل کر کوئی ایک اچھی سی تصویر بنائیں اور اپنے اپنے نام لکھیں۔
پھر ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ ایسے کاغذ جن کو ہم ضائع نہیں کرتے ہیں بلکہ دوبارہ استعمال کرتے ہیں

recycled paper کہتے ہیں۔ اس طرح سے اگر ہم کاغذ کی بچت کریں گے تو ہمارے درخت بھی کٹنے سے بچیں گے اور جنگلات کی حفاظت بھی ہو گی۔

ہو سکے تو بچوں کی بنائی ہوئی تصاویر کو کلاس میں فریم کر کے لگا دیں۔

# شرارتیں

## سیشن 1

5 منٹ
- ٹیچر کلاس میں آ کر بچوں سے گفتگو کریں اور کہیں کہ ہماری اس کتاب کا نام شرارتیں ہے اور اس میں ہم نے بچوں کی چند شرارتوں کے بارے میں بھی پڑھا ہے۔ آپ سے مختلف شرارتوں کی بات بھی کی ہے (سبق چوری چھپے کا حوالہ بھی دیا جا سکتا ہے۔) آپ جانتے ہیں کہ شرارتوں میں مزا تو آتا ہے مگر کبھی کبھار شرارت پر ڈانٹ بھی پڑتی ہے۔ جب شرارت کے نتیجے میں چوٹ لگ جائے تو شرارت کا مزا آدھا بھی نہیں رہتا۔ ہمارے آج کے سبق میں بچوں کو شرارت کے نتیجے میں تھوڑی سی چوٹ بھی لگ گئی ہے۔ آئیں پڑھ کر دیکھتے ہیں کہ شرارت کیا تھی۔

20 منٹ
- ٹیچر ٹھہر ٹھہر کر صاف اور اونچی آواز میں سبق کی پڑھائی کریں۔ پھر بچوں سے پوچھیں :

کس کس کو سائیکل چلانی آتی ہے؟

کب سیکھی اور کس نے سکھائی؟

آپ کے خیال میں سبق میں کتنے بچوں کا ذکر ہے؟ (تین بچوں کا ذکر ہے۔ ایک فراز اور دو سیکھنے والے)۔

آپ کیسے کہہ سکتے ہیں کہ سیکھنے والے اور سائیکل لے کر میدان میں جانے والے بچوں کی تعداد صرف دو تھی۔ (کیونکہ انہوں نے مالی اور چوکیدار کی سائیکلیں لی تھیں)

آپ کے خیال میں فراز ان بچوں کی عمر کا ہے یا بڑا ہے اور کیوں؟

آپ کے خیال میں یہ شرارت دن کے کس وقت کی گئی؟

بچوں کو زبانی جوابات دینے کا موقع دیں۔

20 منٹ
- اب ٹیچر بورڈ پر مندرجہ ذیل عبارت لکھیں۔ بچے اس کو اپنی کوپی میں اتار کر ان کے جوابات لکھیں۔

(1) اس سبق کو اپنی مرضی کا عنوان دیں۔

(2) سبق میں موجود شرارتی بچوں کے کوئی فرضی نام لکھیں۔

(3) شرارتی بچوں کا جھاڑی میں گرنے کے بعد کیا حشر ہوا ہو گا۔ اس بارے میں پانچ چھ جملے لکھیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- 7-8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ جہاں بچوں کو پڑھنے میں دشواری ہو وہاں ان کی مدد کریں۔

پڑھائی کروانے کا طریقہ ایسا رکھیں کہ بچوں کی دلچسپی قائم رہے۔ اس کا ایک طریقہ یہ ہو سکتا ہے کہ ٹیچر ایک بچے سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ پھر آدھا سبق ختم ہونے پر وہ بچہ کسی دوسرے بچے کا نام بتائے۔ اب دوسرا بچہ پڑھائی کرے اور جب باقی سبق ختم ہو تو وہ بچہ تیسرے بچے کا نام بتائے۔ اس طریقہ سے 7-8 بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔

20 منٹ
- اب ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ کیا کبھی آپ نے بھی کوئی ایسی شرارت کی ہے؟ ایسی کسی شرارت کا واقعہ اپنے الفاظ میں اپنی کوپیوں میں آٹھ سے دس جملوں میں لکھیں۔

10 منٹ
- جب بچے لکھائی کا کام ختم کر لیں تو ٹیچر کچھ بچوں سے باری باری ان کا مضمون پڑھوائیں اور ان کی تعریف یا حوصلہ افزائی کریں۔

### گھر کا کام

5 منٹ
- بچوں سے کہیں کہ وہ اپنے امی ابو سے انٹرویو کریں کہ جب وہ چھوٹے تھے تو انہوں نے کیا شرارتیں کی تھیں۔ ان میں سے ایک شرارت کے بارے میں تقریباً دس جملوں کا مضمون لکھ کر لائیں۔

## سیشن 3

10 منٹ
- ٹیچر سیشن 2 میں دیئے گئے طریقہ کار کے مطابق آج پھر بچوں سے سبق کی پڑھائی کر وائیں۔ خیال رہے کہ آج ان بچوں سے سبق پڑھوائیں جنہوں نے گزشتہ روز سبق نہیں پڑھا تھا۔

15 منٹ
- ٹیچر مندرجہ ذیل مذکر الفاظ بورڈ پر دائیں جانب کالم بنا کر لکھیں اور ان کے مونث بچوں سے پوچھ کر

لکھیں۔ پھر بچوں سے کہیں کہ وہ یہ الفاظ اپنی کوپی میں اتاریں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| مالی | مالن |
| دوست | سہیلی |
| ابو | امی |
| بھائی | بہن |
| بچہ | بچی |
| استاد | استانی |

15 منٹ
- اب ٹیچر پہلے بچوں سے پوچھیں کہ :

(1) سواریاں کتنی قسم کی ہوتی ہیں؟(بچے مختلف نام لیں گے۔ ٹیچر وہ نام بورڈ پر لکھ دیں)۔

(2) کون سی سواریوں سے دھواں نکلتا ہے؟

(3) کون سی سواریوں میں بیٹھنے کے پیسے دینے پڑتے ہیں؟ یا کون سی سواریاں کرائے پر حاصل کی جا سکتی ہیں۔

بچے کسی ایسی سواری کی تصویر بنا کر رنگ بھریں جس میں بیٹھ کر وہ دنیا کی سیر کرنا چاہیں گے۔ اس سواری کو کوئی اچھا سا نام بھی دیں۔ وہ نام اس کے نیچے لکھ دیں۔

## گھر کا کام

5 منٹ
- ایک سائیکل کی تصویر ڈھونڈ کر یا بنا کر لائیں اور اس کے مختلف حصوں کے نام اپنے گھر کے کسی بڑے کی مدد سے لکھیں۔

## سیشن 4

5 منٹ
- آج بچوں سے کہیں کہ سبق میں جو بھی مذکر الفاظ ہوں ان کی جگہ مونث الفاظ استعمال کریں اور اس طرح پڑھائی کو مزید دلچسپ بنائیں۔مثلاً فراز کو فرزانہ' مالی کو مالن' بھاگ گئے کو بھاگ گئیں۔
کسی ایسے بچے سے پڑھوائیں جو اس طرح بدل کر پڑھ سکے۔

| | |
|---|---|
| 20 منٹ | • سبق کی پڑھائی کے بعد ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ عام طور پر آپ کے گھر میں کس سواری پر زیادہ تر سفر کیا جاتا ہے۔ بچے 12 سے 15 لائنوں کا ایک مضمون لکھیں اور اپنے کسی سفر کی داستان اس میں بیان کریں۔ |
| 20 منٹ | • ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ کم از کم ایسی دو سواریوں کی تصویریں بنائیں جو بغیر انجن کے چل سکتی ہوں اور ہر سواری کے نیچے ان کے نام بھی لکھیں۔ (گدھا گاڑی ' سائیکل ' تانگا ' گھوڑا ' اونٹ وغیرہ وغیرہ) |

# فہرست اشیاء

مختلف اسباق کے حوالے سے پڑھائی کے دوران جن اشیاء کی ضرورت ہوگی ان کے نام درج ذیل ہیں۔

| | |
|---|---|
| **پانی ہی پانی** | |
| ٹیچر کے لئے | مندرجہ ذیل جگہوں کی تصاویر جو کسی بھی کلینڈر، رسالے وغیرہ سے حاصل کی جا سکتی ہیں۔ |
| | میدان یا میدانی علاقے |
| | وادی |
| | جنگل |
| | بستی |
| بچوں کے لئے | رنگین کاغذ، قینچی، گوند۔ |
| **دانت ٹوٹ گیا** | |
| ٹیچر کے لئے | ..... |
| بچوں کے لئے | ..... |
| **کبھی بھالو کبھی شیر** | |
| ٹیچر کے لئے | تیز گرم پانی، شیشے کی پلیٹ۔ |
| بچوں کے لئے | سفید سادہ کاغذ، روئی، گوند، قینچی۔ |
| **دنیا** | |
| ٹیچر کے لئے | globe۔ دنیا کا نقشہ۔ |
| | دنیا کے نقشے کی فوٹو کوپیاں 40-30 عدد |
| | سادے بڑے صفحات حسب تعداد۔ |
| بچوں کے لئے | ..... |

## رنگ

ٹیچر کے لئے: رنگین پنسلیں، واٹر کلر (water colours) یا کریون (crayons)، سادے سفید کاغذ۔

بچوں کے لئے: 5-6 پیالے اور طشتریاں۔ مختلف رنگوں کے پاؤڈر۔

## میلا کچیلا

ٹیچر کے لئے: 2-3 بڑے پتے (کیلے، پان یا پیپلز کے درختوں کے بڑے سائز کے پتے)۔
گوند، قینچی۔ 5-6 چارٹ پیپر۔

بچوں کے لئے: بچوں کو گروپس میں بانٹ کر ہر گروپ سے مندرجہ ذیل تصویریں منگوائی جائیں گی۔
جانوروں کی تصویریں۔ پرندوں کی تصویریں۔ تیرنے والے جانور۔ کیڑے یا رینگنے والے جانور۔

## بیل بوٹے

ٹیچر کے لئے: چار سے پانچ طرح کے رنگ۔
8-10 پیالے، سفید کاغذ اور چھری۔

بچوں کے لئے: 2-3 سبزیاں بچوں کی تعداد کے مطابق۔ مثلاً (بھنڈی، شملہ مرچ، پیاز یا کھیرا)۔

## البم

ٹیچر کے لئے: اسٹیپلر (stapler)

بچوں کے لئے: کچھ اخبارات، گوند، قینچی، کسی پرانے اخبار یا میگزین سے کاٹی گئی چند تصاویر اور گھر کے افراد کی تصاویر۔
بچوں کی تعداد کے مطابق جن کی فوٹو کوپی کروا کے اپنے البم میں لگا سکیں۔
کسی بھی موقع پر اتاری گئی تصویر بچوں کی تعداد کے مطابق۔
کسی بھی کلینڈر یا میگزین کی ایک بڑی تصویر۔

## گرگٹ

ٹیچر کے لئے: قینچی، سفید شیٹ۔
دو تین مختلف رنگوں کے گلیز (glazed) پیپر۔

بچوں کے لئے: .....

**رلی**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | کاغذ کاٹنے کے لئے قینچی۔ پرانے اخبارات۔ گوند۔ |
| | رسی اور پیپر کلپ (بچوں کے بنائے ہوئے کام کو رسی پر کلپ کی مدد سے ٹانگا جائے گا۔) |
| (ٹیچر کیلئے نوٹ) | (یہ سامان کلاس روم میں ٹیچر کے پاس ہمیشہ موجود رہنا چاہئے تاکہ ضرورت کے وقت استعمال کیا جاسکے)۔ |
| بچوں کے لئے | روغنی کاغذ (فی بچہ ایک شیٹ)۔ |

**لٹو کیوں گھومتا ہے**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | کارڈ بورڈ یا لٹو۔ |
| بچوں کے لئے | لٹو۔ |

**چاٹ اگائیں**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | بڑا پیالہ' چمچے' چھری۔ |
| | ایک چھوٹا گملا بمع کھاد' تھوڑا سا ثابت دھنیا۔ |
| بچوں کے لئے | بچوں سے پھل منگوائے جائیں گے۔ مثلاً |
| | (کیلا امرود سیب) چار چمچ چینی' ایک چمچ چاٹ) (ایک عدد چمچ اور پلیٹ)۔ |

**شور شرابا**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | . . . . . |
| بچوں کے لئے | کسی ایک تقریب / پکنک کی ایک تصویر جس میں انہوں نے خود شرکت کی ہو۔ |

**ہڈیاں**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | انسانی جسم کی ہڈیوں کا چارٹ۔ |
| بچوں کے لئے | پرانا ایکس رے (x-ray) ایک یا دو عدد۔ |
| | تھوڑی سی گوندھی ہوئی چکنی مٹی۔ 4-5 عدد پیالے۔ |

**ہم نہ کھائیں**

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | سانچے (modules) (سبزیوں اور پھلوں کے) |
| بچوں کے لئے | پلاسٹر آف پیرس یا چکنی مٹی (clay) رنگ۔ |

### گھونگھا

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | گھونگھے کی تصویر۔ |
| بچوں کے لئے | . . . . . |

### پاؤں کے نیچے

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | مالی کی کھرپی۔ نوکیلی چھڑی یا سلاخ۔ |
| بچوں کے لئے | کھلونے کی ریل گاری یا گاری (ایک عدد) |
| | سنہری افشاں، رنگ برنگے بٹن (چند بچے رضاکارانہ طور پر لائیں)۔ |

### چوری چھپے

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | ایک پاؤ ہرے ٹماٹر۔ |
| بچوں کے لئے | scare crow بنانے کے لوازمات جو بچے رضاکارانہ طو رپر لاسکیں۔ |
| | دو ڈنڈے یا ٹہنیاں۔ ایک پھٹی ہوئی قمیض۔ پرانا ہیٹ یا ٹوپی۔ |
| | چند پرانے دوپٹے۔ موزے۔ گھاس پھوس۔ ڈوری یا ستلی۔ |

### ہاتھی کی کسرت

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | 5-6 چارٹ پیپر، مارکر (غذا سے متعلق چارٹ کی تیاری کے لئے)۔ |
| بچوں کے لئے | . . . . . |

### آٹے کو دوبارہ آٹا

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | برف کی ڈیلیاں۔ پراٹا یا روٹی۔ پرانے چند اخبارات۔ گوند۔ |
| بچوں کے لئے | پرانی ردی کی اشیاء مثلاً اخبار، بوتل، ٹن وغیرہ۔ (ہر بچہ ایک چیز لائے)۔ |
| ٹیچر کیلئے اضافی کام | چکنی مٹی (مٹی کے کھلونے بنانے کے لئے)۔ ردی پیپر والے کو اسکول میں بلوائیں۔ |

### شرارتیں

| | |
|---|---|
| ٹیچر کے لئے | اسکول کے چوکیدار یا مالی سے سائیکل منگوا کر بچوں کو باری باری سواری کرائی جا سکتی ہے یا کم از کم مختلف حصے دکھائے جا سکتے ہیں۔ |
| بچوں کے لئے | . . . . . |

# اضافی کام

ٹیچرز گائیڈ میں مختلف اسباق میں ٹیچرز کو مختلف سرگرمیاں (activities) کروانے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ ان سرگرمیوں کو لکھتے وقت ایک اوسط گھرانے کے بچے اور اس کے اسکول کو مدنظر رکھا ہے۔
اگر ٹیچر مناسب سمجھیں اور اسکول بھی تعاون کرے تو ان سرگرمیوں میں اضافہ بھی ہوسکتا ہے۔
ذیل میں دی گئی کچھ وہ سرگرمیاں ہیں جو اگر وسائل ہوں تو کروائی جائیں۔
اسی طرح چند اسباق میں کچھ ایسی کتابوں کا بھی حوالہ ہے جو سبق کے ساتھ محض کہانی کی طرح پڑھائی جائیں۔

**پانی ہی پانی (نظم)**
بچوں کو ساحل سمندر، دریا کے کنارے یا کسی ایسی جگہ پکنک کے لئے لے جائیں جہاں پانی قدرتی طور پر ہو۔
(دیکھیں کتاب . . . اتنا سارا پانی)

**دانت ٹوٹ گیا**
dentist یا کسی چینی دندان ساز کو اسکول میں بلائیں اور دانتوں کی صفائی یا dental hygiene پر لیکچر یا گفتگو کروائیں۔

**کہیں بھالو کہیں شیر**
(دیکھیں کتاب . . .بندروں کے قصے)

**دنیا**
کراچی میں PIA Planetarium لے جایا جاسکتا ہے۔
کسی بھی field trip کے موقع پر ٹیچر بچوں کو راستے میں محلے، شہر اور مضافات کا فرق سمجھائیں۔

**رنگ برنگ (نظم)**
Tie & Dye کا کام بھی کر وایا جاسکتا ہے۔
باریک بجری تھرموکول یا مختلف اناج کو مختلف رنگوں میں رنگ کر آرٹ ٹیچر موزیک کا کام کر واسکتی ہیں۔ (موزیک مختلف چیزوں کو چپکا کر تصویر بنانے کی تکنیک کو کہا جاتا ہے)۔

**میلا کچیلا**
بچوں کو چڑیا گھر کی سیر کو لے جائیں۔ وہاں بچے مختلف جانوروں کو مختلف حرکتیں کرتے دیکھیں گے۔ چڑیا گھر کے رکھوالے سے بھی مختلف جانوروں کی عادات پر بات کر وائی جا سکتی ہے۔

**بیل بوٹے**
کہیں سیمنٹ کا کام ہورہا ہو تو بچوں کو اس جگہ لے جائیں اور انہیں دکھائیں کہ گیلے سیمنٹ پر کسی بھی قسم کا نشان سوکھنے کے بعد کیسا لگتا ہے۔
مختلف پیشہ ور بھی اس سبق کے حوالے سے متعارف کروائے جاسکتے ہیں۔ (دیکھیں کتاب . . بکّی والا)

**البم**
. . . . . . . . . .

**گرگٹ (نظم)**
عام طور پر باہر کے ملکوں کے چینلو پر دنیا بھر کے جانوروں کے متعلق فلمیں آتی ہیں۔ national geographic پر اکثر طرح طرح کے گرگٹ اور رینگنے والے جانوروں کی فلمیں آتی ہیں۔
ٹیچر اس قسم کا کیسٹ لے کر آئیں اور اسکول کی لائبریری میں بچوں کو گرگٹ کے متعلق فلم دکھائیں۔

| | |
|---|---|
| | (دیکھیں کتاب . . . گرگٹ) |
| رلی | کپڑے کے ٹکڑے جوڑ کر بنی ہوئی کوئی چادر یا دوپٹہ (جس کو ہم پٹا پٹی کا کام بھی کہتے ہیں) یا بنی بنائی رلی گھر سے لاکر بچوں کو دکھائیں۔ |
| لٹو کیوں گھومتا ہے | بازار سے screw کی مدد سے چلنے والا لٹو لاکر بچوں کو دکھائیں۔ |
| چاٹ اگائیں | کسی چاٹ والے کو بلاکر بات کریں اور مختلف قسم کی چاٹ بنانے کے طریقے پوچھیں۔ |
| شور شرابا | کلاس میں کیسٹ پلیئر لاکر بچوں سے مختلف باتیں کریں۔ ان باتوں کے درمیان زیادہ روک ٹوک نہ کریں۔باتوں کو ریکارڈ بھی کرلیں۔<br>پھر ان بچوں کو ان کی آوازیں سنائیں اور بتائیں کہ اکثر آپ سب اتنا شور کرتے ہیں۔ اسی لئے کہانی کی امی کی طرح آپ کی امی کے سر میں بھی اکثر درد ہوجاتا ہوگا۔ |
| ہڈیاں | کسی ڈاکٹر کو بلاکر مضبوط ہڈیوں کے فوائد پر بات چیت کروائیں۔ |
| ہم نہ کھائیں (نظم) | . . . . . . . . . . |
| گھونگھا | . . . . . . . . . . |
| پاؤں کے نیچے | شہر کی سب سے اونچی عمارت پر بچوں کو لے جائیں یا کسی پل پر لے جاکر بچوں کو کھڑا کریں۔ اس کے بعد بچے مشاہدہ کریں۔ |
| چوری چھپے | . . . . . . . . . . |
| ہاتھی کی کسرت (نظم) | بچوں کو چڑیا گھر کی سیر کرائیں۔ (دیکھیں کتاب . . . ڈھیلا ڈھالا ٹنکو اور چڑیا گھر میں بھانجے بھتیجے) |
| آٹے کو دوبارہ اٹا نہیں بناسکتے | . . . . . . . . . . |
| شرارتیں | . . . . . . . . . . |

# شرارتیں

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بک گروپ، کراچی
مطبع : جے ٹی ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi; Phone (021) 3431-0641, 3453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk